صحابہؓ اکرام اور صحابیاتؓ



www.KitaboSunnat.com

پروفیسر محمد سلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی

کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے

درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

صفحہ نمبر	لائن نمبر	صحیح	غلط
3	5	علمی	عملی
13	17	حضرت عباس نے	حضرت عباس
13	12	اہل بیت	اہل بیعت
32	1	تین کو کاٹا ہے	تین
34	15	صدیقی عہد	عہد صدیقی عہد
57	17	جنگ قادسیہ	سعد بن ابی وقاص
113	9	ستر سال	اکو کاٹا ہے
163	3	زینب	زیب
179	13	خواہش	خوائش
178	14	دنیوی	دنیوای
183	13	پریشانی	پرسانی
180	13	رکھ کر اللہ کو پکارتے ہوئے	رکھا اللہ کو پکارتے ہوئے
181	20	مددگار	مددگا
183	14	ایسے حالات	ایسے حالت
182	10	شہید	شہد
185	9	پریشان	پرسان
188	9	سالانہ	سلانہ
189	4	تقریبا	تقریبن
191	9	جانتے	جتنے
194	21	عتبہ اور عتیبہ	عتبہ اور تیبہ
194	22	باری کو کاٹا ہے	باری
207	16	عبدالعزیٰ	عبدالوی
256	8	عقبہ	عفیفہ
272	2	مذمت	مذت

اگر کسی صحابہ اور صحابیات رضی اللہ عنہا و رضی اللہ عنہم پر نہ لکھا گیا ہو تو ہم اس کی معذرت چاہتے ہیں

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

صحابہ کرامؓ وصحابیاتؓ

رحمان پبلک لائبریری
کتاب نمبر 6026

پروفیسر محمد سلیم
ڈائریکٹر (ر) ایجوکیشن پنجاب

www.KitaboSunnat.com

جدید پرنٹرز اینڈ پبلشرز
رائل پارک لاہور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب ......☆...... صحابہ کرامؓ وصحابیاتؓ

مصنف ......☆...... پروفیسر محمد سلیم

پرنٹرز ......☆...... جدید پرنٹرز، رائل پارک لاہور

کمپوزنگ ......☆...... گل گرافکس

تعداد ......☆...... 500/-

اشاعت ......☆...... 2014ء

ادارہ کا مقصد ایسی کتب کی اشاعت کرنا ہے جو تحقیق کے لحاظ سے اعلیٰ معیار کی ہوں۔ اس ادارے کے تحت جو کتب شائع ہوں گی اس کا مقصد کسی کی دل آزاری یا کسی کو نقصان پہنچانا نہیں بلکہ اشاعتی دنیا میں ایک نئی جدت پیدا کرنا ہے۔ جب کوئی مصنف کتاب لکھتا ہے تو اس میں اس کی اپنی تحقیق اور اپنے خیالات شامل ہوتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ آپ اور ہمارا ادارہ مصنف کے خیالات اور تحقیق سے متفق ہوں۔ اللہ کے فضل وکرم، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری احتیاط کی گئی ہے۔ بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہِ کرم مطلع فرمادیں۔ انشاء اللہ اگلے ایڈیشن میں ازالہ کیا جائے گا۔ (ناشر)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پیش لفظ

کتاب صحابہ وصحابیات پیش خدمت ہے۔صحابہ وصحابیات اسلامی دنیا کے روشن ستارے ہیں۔زیرِنظر کتاب مرتب کرتے وقت قارئین کے لیے سہل اور آسان بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔اُمید ہے کہ یہ کتاب قارئین کے لیے مفید ثابت ہوگی۔

خاص طور پر کوئز پروگرام مرتب کرنے والوں کے لیے رہنمائی فراہم کرے گی۔اساتذہ اور طلباء کی علمی تشنگی دور کرے گی۔

ان لوگوں کے لیے بے حد مفید ہوگی جو کم وقت میں زیادہ معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

اس کتاب کی تیاری کے لیے درج ذیل کتب سے رہنمائی لی گئی ہے۔

1۔	صحابہ کرام وصحابیات۔	محترم ڈاکٹر ذوالفقار کاظم
2۔	اسلامی معلومات	محترمہ منزہ ضیاء
3۔	دینی معلومات	محترم محمد کلیم ارائیں
4۔	معلومات اسلام	محترم خرم اختر
5۔	صحابیات ومبشرات	محمد احمد غضنفر مکتبہ قدوسیہ

آخر میں چوہدری اکبر علی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کا شکرگزار ہوں جنہوں نے کتاب کی پروف ریڈنگ میں میری مدد فرمائی۔

قارئین سے مودبانہ گزارش ہے کہ مجھے میرے والدین اور اساتذہ کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھیں۔شکریہ

پروفیسر محمد سلیم
ریٹائرڈ ڈائریکٹر ایجوکیشن، پنجاب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فہرست

حصہ اول (صحابہ کرامؓ)

خلفائے راشدین	11
☆ حضرت ابوبکر صدیقؓ	11
☆ حضرت عمر فاروقؓ	15
☆ حضرت عثمان غنیؓ	20
☆ حضرت علی المرتضیٰؓ	24
اولادِ نبی ﷺ و اہل بیت	27
☆ حضرت عبداللہ	27
☆ حضرت ابراہیمؑ	28
☆ حضرت علیؓ بن ابو العاص	28
☆ حضرت امام حسنؓ	29
☆ حضرت امام حسینؓ	30
عشرہ مبشرہ صحابہ کرامؓ	32
☆ ابوعبیدہؓ بن جراح	32
☆ حضرت سعید بن زیدؓ	33
☆ زبیر بن العوامؓ	34
☆ سعد بن ابی وقاصؓ	36
☆ طلحہ بن عبیداللہؓ (طلحہ الخیر بدری)	38
☆ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ	39
صحابہ کرامؓ	41
☆ حضرت کعبؓ بن مالک انصاری	41
☆ حضرت سعیدؓ بن عامر	43
☆ حضرت طفیلؓ بن عمرؓو دوسی	44
☆ حضرت عبداللہؓ بن حذیفہ سہمی	45
☆ حضرت براءؓ بن مالک انصاری	46
☆ حضرت ثمامہؓ بن اثال	46
☆ حضرت ابوایوبؓ انصاری	47
☆ حضرت زیدؓ بن حارثہ	48
☆ حضرت ابوہریرہؓ	49
☆ حضرت حسانؓ بن ثابت	50
☆ حضرت انسؓ بن مالک	50
☆ حضرت ابیؓ بن کعب انصاری	51
☆ حضرت ابوموسیٰؓ اشعری	53
☆ ابوقتادہؓ حارث	54
☆ حضرت ابوطلحہ زیدؓ بن سہل	55
☆ ابوسلمہ بن اکوع اسلمیؓ	57
☆ حضرت بریدہ بن الحصیب اسلمیؓ	58
☆ حضرت ثابت بن اقرم انصاریؓ	59
☆ حضرت صخر بن حربؓ	59
☆ حضرت ضرار بن ازور اسدیؓ	62
☆ حضرت حارثہ بن نعمانؓ	63
☆ حمزہ بن عبدالمطلبؓ	64
☆ حاطب بن بلتعہؓ	66
☆ حضرت خالد بن ولیدؓ	67

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

☆ زید بن حارثہؓ	69
☆ حضرت شرجیل بن حسنہؓ	72
☆ حضرت عمرو بن عاص بن وائلؓ	73
☆ حضرت عاصم بن ثابتؓ	73
☆ حضرت عکرمہ بن ہشامؓ	74
☆ عبادہ بن صامت انصاریؓ	75
☆ عکاشہ بن محصن اسدیؓ	76
☆ حضرت سہیل بیضاؓ	77
☆ رافع بن مالک انصاریؓ	78
☆ حضرت اخرمؓ اسدی	78
☆ حضرت عامرؓ بن ربیعہ عدویؓ	79
☆ حضرت عبداللہ بن مخرمہؓ	79
☆ حضرت عیاشؓ بن ابی ربیعہؓ	80
☆ حضرت عیاضؓ بن زہیر فہریؓ	81
☆ حضرت عبداللہ بن شہاب زہریؓ	81
☆ حضرت قدامہؓ بن مظعون	82
☆ سعد بن خیثمہ انصاریؓ	82
☆ عبداللہ بن سہیلؓ	83
☆ خوات بن جبیر انصاریؓ	84
☆ حضرت حارثہ بن سراقہؓ	84
☆ حضرت ابن ابی عوفیؓ	85
☆ حرام بن ملحان انصاریؓ	85
☆ ثابت بن وحداحؓ	86
☆ عمیر بن حارث بن ثعلبہؓ	86
☆ ~~جریر بن عبداللہ البجلیؓ~~	87
☆ حضرت خولی بن ابی خولیؓ	88
☆ حضرت عروہ بن مسعود ثقفیؓ	89
☆ جارود بن عمروؓ	89
☆ قیس بن سعد ساعدیؓ	90
☆ کلثوم بن ہدم انصاریؓ	91
☆ ابو ہیثم مالک بن التیہانؓ	92
☆ عویم بن ساعدہ انصاریؓ	92
☆ سہل بن حنیف انصاریؓ	93
☆ ربیعہ بن اکثم اسدیؓ	93
☆ حبیب بن زید انصاریؓ	94
☆ ابو جابر عبداللہ انصاریؓ	94
☆ عثمان بن حنیف انصاریؓ	95
☆ کعب بن عمرو انصاریؓ	96
☆ عبداللہ بن رئیس جہنی انصاریؓ	96
☆ طلیب بن عمیرؓ	97
☆ ابو سبرہ بن ابی رہمؓ	98
☆ طفیل بن حارثؓ	98
☆ حضرت عداسؓ	99
☆ خلاد بن سوید انصاریؓ	101
☆ حضرت جبیر بن مطعمؓ	101
☆ حضرت بلال بن رباحؓ	102
☆ حضرت ابوذر غفاریؓ	103
☆ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ	104
☆ حضرت حویطب بن عبدالعزیؓ	105
☆ ابان بن سعیدؓ	106

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

☆ حضرت امیر معاویہؓ 107
☆ حضرت ابوجندلؓ 108
☆ حضرت حذیفہ بن الیمانؓ 108
☆ حضرت دحیہؓ کلبی 109
☆ ابومرثد غنویؓ 110
☆ نعیم بن حارثؓ 110
☆ خالد بن سعید امویؓ 110
☆ خباب بن اراتؓ 111
☆ حضرت صہیب رومیؓ 112
☆ حضرت ذوالجنادینؓ 113
☆ عمیر بن وہبؓ 114
☆ حضرت عتبہ بن اسیدؓ 115
☆ حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکرؓ 115
☆ عبداللہ بن سراقہؓ 116
☆ عمار بن یاسرؓ 116
☆ مرثد بن ابی مرثدؓ 118
☆ مسطح بن اثاثہؓ 118
☆ مقداد بن عمروؓ 119
☆ حضرت مجمع بن صالحؓ 120
☆ معمر بن حارثؓ 120
☆ مقداد بن الاسودؓ 121
☆ حضرت نعیم النحامؓ 122
☆ حضرت یاسر بن عامرؓ 123
☆ حضرت ابوسلمٰی بن عبدالاسدؓ 123
☆ عثمان بن مطعونؓ 124
☆ عامر بن ربیعہ عدویؓ 125
☆ حضرت ابواحمد بن جحشؓ 126
☆ حضرت جعفر طیار ہاشمیؓ 126
☆ حضرت خنیس بن حذافہؓ 128
☆ شماس بن عثمان مخزومیؓ 128
☆ طیب بن عمیرؓ 129
☆ عبداللہ بن جحشؓ 130
☆ حضرت سائب بن عثمانؓ 131
☆ حضرت سکران بن عمروؓ 132
☆ عمرو بن سعید امویؓ 132
☆ قدامہ بن مطعونؓ 133
☆ حضرت ہشام بن عاصؓ 133
☆ اسید بن حضیرؓ 133
☆ اسعد بن زرارہ انصاریؓ 134
☆ بشر بن براء بن معرورؓ 135
☆ حضرت خلاد بن سویدؓ 137
☆ حضرت رفاعہ بن رافع انصاریؓ 137
☆ رفاعہ بن عبدالمنذرؓ 138
☆ زیاد بن لبیدؓ 139
☆ حضرت ابولبابہؓ 140
☆ حضرت سعد بن زید انصاریؓ 140
☆ حضرت عمارۃ بن حزم انصاریؓ 141
☆ قتادہ بن لقمان انصاریؓ 141
☆ قطبہ بن عامرؓ 142
☆ معاذ بن عفراء انصاریؓ 143

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

☆ نعمان بن عمرو انصاریؓ 143
☆ رافع بن مالک انصاریؓ 144
☆ حضرت سعد بن معاذؓ 145
☆ براء بن مالک انصاریؓ 146
☆ خبیب بن عدی انصاریؓ 147
☆ حضرت اوس بن صامت انصاریؓ 149
☆ حضرت بشیر بن سعدؓ 149
☆ حضرت جبار بن صخرؓ 150
☆ عبداللہ بن جبیر بن مطعمؓ 150
☆ حضرت عبیدہ بن حارث بدریؓ 151
☆ حضرت فردہ بن عمرو انصاریؓ 151
☆ ابورہم غفاریؓ 152
☆ حضرت زید بن خطابؓ 152
☆ مسلمہ بن اکوعؓ 153
☆ حضرت سعد بن عبادہ انصاریؓ 154
☆ حضرت صفوان بن معطلؓ 155
☆ عتبہ بن غزوانؓ 156
☆ عبداللہ بن زبیرؓ 157
☆ حضرت عبداللہ بن جعفرؓ 157
☆ حضرت عمیر بن سعدؓ 158
☆ حضرت عبداللہ بن عامرؓ 158
☆ حضرت حسیل بن الیمانؓ 159
☆ حضرت خارجہ بن زید انصاریؓ 160
☆ تمیم بن اوس داریؓ 160
☆ قیس بن سعدؓ 161
☆ حضرت عبداللہ بن سلامؓ 161
☆ ابوالعاص بن ربیعہؓ 162
☆ حضرت طفیل ذوالنورؓ 164
☆ حضرت عبد یالیل ثقفیؓ 164
☆ حضرت عتاب بن اسیدؓ 165
☆ حضرت عثمان بن طلحہ عبدریؓ 165
☆ حضرت فضل بن عباسؓ 166
☆ حضرت کرز بن جابر فہریؓ 166
☆ ابان بن سعیدؓ (کاتب وحی) 167
☆ حضرت حنظلہ بن ابی عامرؓ 168
☆ عبداللہ بن ابی بکرؓ 168
☆ حضرت حنظلہ بن ربیعہؓ 169
☆ حاطب بن عمروؓ 169
☆ عبداللہ بن ارقمؓ 169
☆ عبداللہ بن زید انصاریؓ 170
☆ لبید بن ربیعہؓ 170

حصہ دوم صحابیاتؓ

اُمہات المومنینؓ 171
☆ ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰؓ 171
☆ حضرت سودہؓ 174
☆ حضرت عائشہؓ 177
☆ واقعہ غزوہ بنو مصطلق 179
☆ حضرت سیدہ حفصہؓ 180
☆ ام المومنین حضرت زینب بنت خزیمہ 182
☆ سیدہ ام سلمہؓ 183

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

☆ زینب بن جحشؓ 186

☆ حضرت جویریہؓ 188

☆ حضرت ام حبیبہؓ 190

☆ حضرت میمونہؓ 192

☆ حضرت صفیہؓ بنت حیی 193

نبی کریم ﷺ کی نواسیاں

☆ حضرت رقیہؓ 194

☆ حضرت ام کلثومؓ 195

☆ حضرت فاطمہؓ 195

صحابیاتؓ

☆ اُم ایمنؓ 195

☆ اُم رومانؓ 197

☆ حلیمہ سعدیہؓ 199

☆ حضرت ثوبیہؓ 200

☆ حضرت آمنہؓ 201

☆ حضرت امامہ بنت ابوالعاصؓ 202

☆ حضرت زینب بنت علیؓ 203

☆ فاطمہ الزہراءؓ 205

☆ حضرت ام کلثومؓ بنت محمد ﷺ 208

☆ حضرت رقیہ بنت محمدؐ 211

☆ سیدہ زینب الکبریٰ بنت محمدؐ 213

☆ صفیہؓ بنت عبدالمطلب 215

☆ اسماء بنت ابوبکر صدیقؓ 216

☆ اسماء بنت عمیسؓ 219

☆ ھشام بنت حارثہؓ 221

☆ ام حکیم۔ مجاہدہؓ 221

☆ اُم جلادؓ 222

☆ اُم عمارہ نسیبہ بنت کعبؓ 222

☆ سفانہ بنت حاتمؓ 224

☆ حضرت نفیسہؓ بنت مینہ 225

☆ فاطمہ بنت اسودؓ 226

☆ سلافہ بنت سعیدؓ 226

☆ حضرت غرہ بنت ابوسفیانؓ 227

☆ حضرت بنت عمرو بن وہبؓ 227

☆ حضرت سیرین قبطیہؓ 228

☆ حضرت مسکیہ حضرت امیمہؓ 228

☆ حضرت زنیرہ رومیہؓ 229

☆ ام رافعؓ سلمٰی 229

☆ حضرت بریرہؓ 230

☆ حضرت معاذہ بنت عبداللہؓ 231

☆ خولہ بنت ثعلبہؓ 232

☆ زینب بنت ابوسلمہؓ 233

☆ حضرت بی بی سارہؓ 234

☆ حضرت بی بی قرتناؓ 235

☆ ام معبد خزاعیہؓ 235

☆ خوابنت یزید بن سنان بن کرزؓ 236

☆ حضرت حبیبہ بنت سہل انصاریہؓ 237

☆ حضرت اسماء بنت عمرو انصاریہؓ 238

☆ ام خالد بنت سعیدؓ 238

☆ حضرت لیلیٰ بنت ابی حشمؓ 239

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

☆ حضرت اسماء بنت سلامہؓ 240
☆ سہلہ بنت سہیلؓ 241
☆ فاطمہ بنت مجللؓ 242
☆ حضرت حسنہؓ 243
☆ حضرت برکہؓ بنت یسار 244
☆ صفیہ بنت ربیعہؓ 244
☆ عاتکہ بنت عوفؓ 245
☆ ریطہ بنت حارثؓ 246
☆ خولہ بنت حکیمؓ 246
☆ ام کلثوم بنت عقبہؓ 247
☆ حضرت امیمہ بنت رقیہؓ 248
☆ غفرا بنت عبیدؓ 249
☆ ام عبداللہ بنت مسعودؓ 250
☆ زینب بنت مظعونؓ 251
☆ حضرت ام فروہؓ 251
☆ شیبہ غامدؓ 252
☆ ام وحداح رضی اللہ عنہا 253
☆ ام ایوب انصاریہؓ 253
☆ حضرت ہند عمرو بن حرام انصاریہؓ 254
☆ حضرت جعدہ بنت عبیدؓ 255
☆ حضرت خلیدہ بنت قیسؓ 256
☆ ربیع بنت نصرؓ 257
☆ حضرت ام سلیمؓ 258
☆ ام حرام انصاریہ بنت ملحان 260
☆ ربیع بنت معوذ 261
☆ حضرت سمیہ بنت خباطؓ 262
☆ حضرت شیماؓ 263
☆ ارویؓ بنت عبدالمطلب 264
☆ عاتکہؓ بنت عبدالمطلب 265
☆ حضرت فاطمہ بنت اسدؓ 265
☆ حضرت سلمیٰؓ بنت عمیس 266
☆ خولہ بنت قیسؓ 268
☆ اروی بنت کریزؓ 268
☆ حمنہ بنت جحشؓ 269
☆ ام حبیبہ بنت جحشؓ 270
☆ حضرت ضباعہؓ 271
☆ درہ بنت ابولہبؓ 272
☆ ام ہانیؓ 273
☆ ہالہ بنت خویلدؓ 275
☆ فاطمہ بنت خطابؓ 276
☆ حضرت کبشہ بنت رافعؓ 277
☆ حضرت فریعہ بنت مالکؓ 279
☆ فاطمہ بنت عمیسؓ 282
☆ امیمہ بنت خلفؓ 283
☆ ام الخیر بنت صخرؓ 284
☆ ام المنذر سلمیٰ بنت قیسؓ 285
☆ حضرت حواء بنت یزیدؓ 287
☆ حضرت خنساءؓ 288
☆ ام قیسؓ 289
☆ ام عطیہ بنت حارثؓ 290

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

☆ شفا بنت عبداللہؓ	291	☆ حضرت بی بی قرتا رضی اللہ عنہا	298
☆ ام شریک دوسیہؓ	292	☆ ام رفیدہ رضی اللہ عنہا	298
☆ فاطمہ بنت یمانؓ	293	☆ حضرت امیمہ بنت رقیہؓ	299
☆ ام ورقہؓ	294	☆ ام بشر رضی اللہ عنہا	300
☆ ام سنانؓ	295	☆ صعبہ الحضرمی	300
☆ اسماء بنت یزید السکن	296	☆ عاتکہ بنت زید	301
☆ فضہ رضی اللہ عنہا	297	☆ امیمہ بنت صبیح	303

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

خلفائے راشدین

حضرت ابوبکر صدیقؓ

س: ابوبکرؓ نے کن غلام اور لونڈیوں کو خرید کر آزاد کیا۔

ج: بلال بن رباح، حضرت حمامہ، ام عمیس، عامر بن، فہدہ، ہندیہ، زبیرہ، نبینہ اور ابونکھ عیارازی ہیں۔تم ایک شخص کو محض اس لئے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے، اور وہ اپنے دعویٰ پر واضح دلیلیں بھی لایا ہو۔

س: عقبہ بن معیط جب حضور پر اوجڑی ڈال رہا تھا تو کس نے ہٹائی۔

ج: حضرت فاطمہؓ نے ہٹائی تھی۔

س: معراج کے بارے میں جب ابوبکر سے پوچھا گیا تو انہوں نے کیا کہا۔

ج: اگر واقعی یہ بات محمد ﷺ نے کی ہے تو اس میں حیرت کی کیا بات ہے۔ضرور سچ کہا ہوگا۔

س: مکہ میں سب سے پہلی مسجد کس نے تعمیر کروائی۔

ج: ابوبکر نے ایک چھوٹی مسجد اپنے گھر میں بنائی تھی۔

س: ابوبکر جب ہجرت کی غرض سے یمن کی طرف چلے تو راستہ میں کون ملا جو انہیں اپنی پناہ میں مکہ لے آئے۔

ج: قبیلہ قارہ کے سربراہ ابن الاغنہ نے مکہ میں اعلان کر دیا کہ میں نے ابن قحافہ کے بیٹے کو پناہ دے رکھی ہے۔

س: ڈھائی ماہ کے اندر بہت سے مسلمان مدینہ ہجرت کر گئے۔ابوبکر نے بھی ہجرت کا ارادہ کیا تو حضور نے کیا فرمایا۔

ج: جلدی نہ کرو۔شاید تجھے اللہ ایک ساتھی عطا کر دے۔آپ ۲۷ صفر ۱۴ نبوی مدینہ پیغمبر کے ساتھ روانہ ہوا۔

س: حضرت ابوبکر کے ہجرت کیلئے گھر سے جانے کے استفسار پر کس نے حضرت اسماء کو تھپڑ مارا تھا۔

ج: حضرت اسماء بنت ابوبکر کو ابوجہل نے تھپڑ مارا۔

س: محمد اور ابوبکر کو غار ثور میں کھانا اور دودھ کون پہنچاتا تھا۔

ج: دودھ عامر بن فہیرہ اور کھانا عبداللہ بن ابوبکر پہنچاتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: غار کو صاف کرتے وقت جب ابوبکر کو کسی زہریلی چیز سانپ نے کاٹ لیا تھا تو حضور نے کیا کیا۔

ج: اپنا لعاب دہن کٹی ہوئی جگہ پر لگایا۔

س: بتایئے ثانی اثنین اور صاحب رسول کس صحابی کے القاب ہیں۔

ج: حضرت ابوبکرؓ۔

س: ہجرت مدینہ کے راستے میں کن سے ملاقات ہوئی۔

ج: رسول کے پھوپھی زاد ابوبکر کے داماد زبیر بن العوام، انہوں نے آپ لوگوں کو سفید کپڑے بھی پیش کئے۔

س: جب غار ثور میں ابوبکر نے پکڑے جانے کا خدشہ ظاہر کیا تو حضور نے کیا فرمایا۔

ج: غم نہ کرو، اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

س: مدینہ کے راستے میں کن دو مشرکین نے آپ کو سو اونٹوں کے لالچ میں پکڑنے کی کوشش کی۔

ج: سراقہ بن مالک بن جعشم اور بریدہ اسلمی نے جو بعد میں مسلمان ہو گئے۔

س: مدینہ میں ابوبکر کو آب وہوا راس نہ آئی تو کیا ہوا۔

ج: ابوبکر اتنے بیمار ہوئے کہ زندگی سے مایوس ہو گئے۔

س: ابوبکر کے دینی بھائی کن کو بنایا گیا۔

ج: خارجہ بن زید۔

س: بدر کے اسیروں کو کس صحابی کے مشورے پر چھوڑا گیا۔

ج: حضرت ابوبکر۔

س: غزوہ مصطلق اور واقعہ افک سے ابوبکر کا کیا تعلق تھا۔

ج: حضرت عائشہ پر تہمت لگانے والوں میں مسطح بن اثاثہ بھی تھا۔ جن کی ابوبکر نے کفالت بند کرنے کا فرمایا تھا جس پر یہ آیت برات نازل ہوئی۔

س: ۹ ہجری میں ابوبکر کو امیر حج مقرر کیا گیا، اس حج کو کیا کہتے ہیں۔

ج: حج اکبر۔

س: حضرت ابوبکر کن آیات کو سننے پر رونے لگے تھے۔

ج: ”آج میں نے آپ کے دین کو مکمل کر دیا ہے“۔

س: حضور نے اپنی علالت کے دوران ابوبکر کے بارے میں کیا فرمایا تھا۔

ج: کہ مسجد نبوی کے سب دروازے بند کر دیئے جائیں سوائے ابوبکر کے دروازے کے۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

س: حضور کی وفات پر جب حضرت عمر اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے تو ابو بکر نے کیا کہا۔
ج: جو شخص محمد کی پرستش کرتا تھا جان لے کہ محمد وفات پا گئے ہیں۔
(جو اللہ کی پرستش کرتا ہے وہ سمجھ لے اللہ زندہ ہے۔ وہ کبھی نہیں مرے گا۔
سورۂ آل عمران آیت ۱۴۴)

س: انصار خلافت کا حق دار کسے سمجھتے تھے۔
ج: سعد بن عبادہ کو

س: زید بن ثابت اور حضرت بشیر بن سعد نے کس کی حمایت کی۔
ج: انصار کی۔

س: کیا سعد بن عبادہ نے ابو بکر کی حمایت کی۔
ج: نہیں۔

س: کیا دل برداشتہ ہو کر شام چلے گئے۔
ج: جی نہیں۔

س: میراث رسول کے بارے میں ابو بکر نے ازواج مطہرات کیلئے کیا ارشاد فرمایا۔
ج: حضرت عائشہ نے کیا جواب دیا۔ حضور فرمایا کرتے تھے میرے مال میں وارثت جاری نہیں رہے گی۔

س: باغ فدک اور خیبر کی جائیداد کے بارے میں حضور نے کیا فرمایا۔
ج: حضرت عباسؓ خیبر کے باغات اور فدک کی جائیداد کا کہا کہ حضور کی میراث کسی طرح تقسیم کر دی جائے۔ ابو بکر نے وہی سلسلہ جاری رکھا جو حضور کے وقت میں تھا۔ سال بھر کا اہل بیت کیلئے حصہ رکھ کر باقی مسافروں غریبوں اور مساکین میں تقسیم کر دیتے تھے۔

س: بحیثیت خلیفہ ابو بکر نے پہلا کون سا حکم جاری کیا۔
ج: اسامہ کے لشکر کی روانگی

س: موتہ کا لشکر کیوں روانہ کیا گیا۔
ج: حضور کی وفات کے ۱۹ دن بعد لشکر بھیجا گیا۔ ۴۰ دن بعد کامیاب واپس آیا۔

س: فتنہ ارتداد میں کون لوگ شامل تھے۔
ج: قریش مکہ، مہاجرین انصار مدینہ، بنی اسلم عرب کے تقریباً ۴۰ قبائل اس میں شامل تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: اسود عنسی کون تھا، کس علاقے میں نبوت کا دعویٰ کیا۔
ج: اصل نام عیلیہ بن کعب تھا۔ سیاہ رنگ تھا اس لئے اسود مشہور ہوا چہرہ چھپا کے رکھتا اس لئے لقب ذوالخمار تھا۔ یمن کے قبیلے عنس سے تعلق تھا، کاہن، شعبدہ باز اور باتونی تھا۔
س: اسود عنسی نے کب نبوت کا دعویٰ کیا، کیسے اقتدار حاصل کیا۔
ج: ۱۰ ہجری کے آخیر میں قبیلہ مذحج، نجران صنعاء یمن کے علاقہ پر قبضہ کرلیا۔
س: جھوٹے نبی اسود عنسی کا کیسے خاتمہ کیا۔
ج: اسود کے خلاف ایک مسلمان امیر فیروز دیلمی تھا، وہ اسود کی بیوی آرزو کا چچازاد تھا۔ اپنی کزن کی مدد سے اسے محل میں سوتے میں قتل کیا گیا۔
س: اسود رسول کی رحلت سے ۵ دن پہلے قتل ہوا۔
ج: حضور نے فرمایا، کل مبارک گھرانے کے مبارک فرد نے اسود کو قتل کردیا۔ اطلاع حضور کی وفات کے ۵ دن بعد مدینہ پہنچی۔
س: تیرا انجام مجھے خواب میں دکھادیا گیا" یہ کن کے الفاظ تھے۔
ج: حضور ﷺ کے۔
س: کیا مسیلمہ نے حضور کو لکھا تھا کہ نصف ملک میرا اور نصف قریش کا ہوگا۔
ج: حضور نے جواب میں کہا تھا۔ کہ ملک اللہ کا ہے وہ اپنے بندوں میں جسے چاہے وارث بنادے۔"
س: مسیلمہ کذاب نے کس صحابی کو قتل کیا۔
ج: حبیب بن زید انصاری عمان سے مدینہ آرہے تھے، راستہ میں قتل کردیا گیا۔ حبیب حضرت ام عمار کے والد تھے۔
س: مسیلمہ کذاب کو کس نے جہنم رسید کیا۔
ج: وحشی بن حرب نے
س: جنگ یمامہ کب لڑی گئی۔
ج: ۱۱ ہجری کے آخر اور ۱۲ ہجری کے شروع میں۔
س: بتایئے قبیلہ طے کو واپس اسلام پر لانے میں حضرت خالد بن ولید اور حضرت عدی بن حاتم کا کیا کردار تھا۔
ج: خالد بن ولید نے مرتدین کو تین دن کی مہلت دی۔ سردار عدی نے ان کو سمجھایا، یہ ایک شہسوار اسلامی لشکر میں آملا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: ام رمل کون تھی۔اس کا انجام کیا ہوا۔

ج: نام اسلمی بنت مالک تھا۔بنو فزارہ سے تھی۔ماں ام قرفہ بنت ربیعہ نے عہد رسالتؐ میں دو دفعہ بغاوت کی۔ایک دفعہ ابوبکر نے دوسری دفعہ زید بن حارثہ نے شکست دی۔حواب کے مقام پر خالد کے ہاتھوں ماری گئی۔

س: مالک بن نویرہ مرتد ہوگیا۔زکوۃ سے انکار کیا۔سجاح جھوٹی نبوت کی دعویدار تھی۔

ج: دغوار،ضرار بن آزور نے اسے قتل کر دیا۔

س: ابوبکر نے کب وفات پائی۔

ج: ۸ جمادی الاخر ۱۳ ہجری کو غسل کیا۔سردی کی وجہ سے بیمار پڑ گئے،۱۵ دن تک مسلسل بیمار رہے۔ایک اور روایت کے مطابق کسی یہودی نے زہر آلود چاول کھلا دیئے۔

س: ابوبکر کے گھر کا منتظم کون تھا۔

ج: حضرت معیقیب بن ابی فاطمہ تھا۔اس کے ۲۵ درہم ابوبکر کے ذمہ تھے۔جو وصیت پر ادا کر دیئے گئے۔

س: ابوبکر نے عائشہؓ سے کون سی جائیداد واپس لے لی تھی۔

ج: خیبر اور بحرین میں ایک ایک جاگیر عطا کی تھی۔
بحرین کی جائیداد عائشہ کو دی گئی۔علالت میں ابوبکر نے کہا کہ اس جائیداد میں تمام بہن بھائیوں کو شامل کر لیں۔

س: ابوبکر کے آخری الفاظ کیا تھے۔

ج: اے رب مجھے مسلمان اٹھا اور صالحین کے ساتھ میرا حشر کر۔

س: ابوبکر کتنا وظیفہ لیتے تھے۔

ج: ڈھائی ہزار سالانہ وظیفہ ملتا تھا۔

س: ابوبکر کے بہن بھائی کتنے تھے۔

ج: بہن ام فروہ،حضرت قریبہ،دو بھائی معتق اور عتیق تھے۔

حضرت عمر فاروقؓ

ہجرت نبوی سے ۴۰ سال پہلے اور عام الفیل سے ۱۳ سال بعد پیدا ہوئے۔والد کا نام خطاب بن نفیل،والدہ کا نام ختیمہ تھا،ہشام بن مغیرہ کی بیٹی تھی۔فوجی نظام ہاشم بن مغیرہ کے پاس ہوتا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت عمر نے والد کے حکم پر اونٹ بھی چرائے۔ حضرت عمر نسب دانی میں ماہر، شاہ زوری میں کمال عکاظ کے دنگل میں کشتیاں لڑتے تھے۔ تجارت کا پیشہ بھی اپنایا۔ جو زمین ملی تھی کاشت کرواتے تھے، وہ زمین بعد میں اللہ کی راہ میں وقف کر دی۔ آمدنی فقرا، غلاموں، مسکینوں میں بانٹ دیتے تھے۔ حضرت عمرؓ ۲۷ سال کی عمر میں ۴۰ نمبر کے مسلمان بنے۔

س: حضرت عمر کے اسلام لانے پر دارارقم میں نعرہ تکبیر بلند ہوا۔

ج: عمر نے ۱۳ نبوی میں مدینہ کی ہجرت کی۔ رفاء بن عبدالمنذر کے ہاں ٹھہرے۔ حضور نے عتبان بن مالک کو دینی بھائی بنایا۔

س: حضرت عمر کو فاروق کا لقب کب ملا۔

ج: جب عمر نے یہودی اور مسلمان کے درمیان جھگڑے پر فیصلہ یہودی کے حق میں دیا اور مسلمان کی گردن قلم کر دی، چونکہ حضور بھی یہودی کے حق میں فیصلہ دے چکے تھے۔

س: حضور ﷺ کو اذان کا مشورہ کس نے دیا؟ عبداللہ بن عباس نے خواب دیکھا جس کی حضرت عمرؓ نے تصدیق کی تھی۔ پہلا موذن کسے بنایا گیا؟

ج: بلال کو موذن بنایا گیا۔

س: حضرت عمر کے اسلام لانے کی وجہ سے بدر میں مسلمانوں کو فوری کیا فائدہ پہنچا۔

ج: حضرت عمر کا قبیلہ بنی عدی بدر میں شریک نہ ہوا۔

قبیلہ عدی کے ۱۲ لوگ عمر کے ساتھ شامل ہو گئے۔ جنگ خندق میں حضور نے چند لوگوں کو حضرت عمر کی سرپرستی میں خندق کے پار تعینات کر دیا گیا۔

س: حضرت عمر صلح حدیبیہ کی شرط پر خوش نہ تھے۔ کہ جو مسلمان مکہ آئے واپس نہ ہوگا۔ جو مدینہ میں آئے اسے واپس کیا جائے۔

ج: بعد میں ندامت کے آنسو بہاتے رہے۔

س: ۸ ہجری میں فتح مکہ پر حضور نے مردوں سے بیعت کی جبکہ عورتوں سے بیعت حضرت عمر نے کی۔

س: غزوہ احد میں ابوسفیان نے حضرت ابوبکر حضرت عمر کے نام پکارا تو کس نے جواب دیا۔

ج: حضرت عمر نے کہا۔ خدا کے دشمن "ہم سب زندہ ہیں"

س: جب مسلمان زیارت کعبہ کیلئے گئے تو مسلمان غیر مسلح تھے۔ کس کے مشورہ پر مدینہ سے اسلحہ منگوایا گیا۔

ج: حضرت عمرؓ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: اسلام کا پہلا وقف کس نے کیا۔

ج: حضرت عمرؓ نے (جو زمین کا ٹکڑا عمر کے حصہ میں آیا تھا حضرت عمر نے اسے راہ خدا میں وقف کر دیا تھا۔)

س: حضرت عمر نے کس جنگ میں گھر کا 1/2 اثاثہ حضور کی خدمت میں پیش کیا تھا۔

ج: تبوک

س: حضور کی وفات پر کس نے کہا جو کوئی کہے گا کہ پیغمبر فوت ہو چکے ہیں تو میں اس کا سر قلم کر دوں گا۔

ج: حضرت عمرؓ

س: حضرت عمرؓ کی خلافت میں پہلا کام کیا ہوا۔

ج: ۱۲ ہجری میں عراق پر حملہ کیا گیا۔

س: پوران دخت شاہ ایران یزدگرد کی متوفیہ تھی۔ اس نے فارس والوں کو کیسے متحد کیا۔

ج: گورنر خراسان کے بیٹے رستم کو وزیر جنگ بنایا اور مذہبی جوش دلا کر سب کو مسلمانوں کے خلاف ابھارا۔

س: حضرت عمر کے دور میں ایرانیوں کو پہلی شکست کب اور کہاں ہوئی۔

ج: نمارق میں ابوعبیدہ کے مقابلہ میں ایرانی شکست کھا گئے۔

س: تیرہ کی جنگ میں عیسائیوں نے مدد کیوں کی۔

ج: کہ آج عرب وعجم کا مقابلہ ہے۔

س: آفتاب کی قسم آج میں تمام عربوں کو ویران کر دوں گا۔ یہ کس کے الفاظ تھے۔

ج: جنگ قادسیہ کے شروع میں ایرانی سپہ سالار رستم نے کہے تھے۔

س: ایرانیوں کے خلاف کس جنگ کو فتح الفتوح کہتے ہیں۔

ج: جنگ نہاوند

س: مسلمانوں کا بیت المقدس پر کس طرح قبضہ ہوا۔

ج: حضرت عمرو بن العاص سپہ سالار تھے۔ فلسطینیوں نے مصالحت پر آمادگی کی شرط لگائی کہ حضرت عمر خود آکر معاہدہ لکھیں۔

س: حضرت عمر نے عیسائیوں کے ساتھ معاہدہ پر دستخط کس مقام پر کیے۔

ج: جابیہ کے مقام پر۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت عمرؓ بیت المقدس کے اندر گئے تو پہلا کام کیا کیا۔

ج: مسجد میں نماز پڑھی۔

س: بیت المقدس میں داخلے کے وقت حضرت عمرؓ کو ایک ترکی گھوڑا اور ایک شاہی پوشاک پیش کی گئی تو انہوں نے کیا فرمایا۔

ج: خدا نے ہمیں جو عزت دی ہے وہ اسلام کی عزت ہے اور بس وہی ہمارے لئے کافی ہے۔

س: حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں ۱۸ ہجری کو شام میں طاعون کی وبا پھیلی کتنے لوگ جاں بحق ہوئے۔

ج: اس وبا میں (پندرہ ہزار) لوگ فوت ہوئے اس بیماری کو طاعون عمواس کا نام دیا گیا۔

س: اسکندریہ کی فتح کے بعد مصر کے اور کون سے علاقے فتح ہوئے۔

ج: فیوم، اخیم، معید، تونہ، شطاء کو فتح کیا گیا۔

س: مصر کی لڑائیوں میں جو ہزاروں قیدی بنے، حضرت عمرؓ نے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا۔

ج: جو مسلمان ہو جائیں ان کو مسلمانوں کے برابر حقوق دیے جائیں اور جو غیر مسلم رہیں انہیں جزیہ دینا ہوگا۔

س: پارسی غلام ابولولو فیروز نے حضرت عمرؓ پر قاتلانہ حملہ کیوں کیا۔

ج: ابولولو، سے محصول کی زیادہ رقم لیتے تھے۔ ابولولو بڑھئی، لوہار اور نقاش کا کام کرتا تھا اور چکیاں بھی بناتا تھا۔ حضرت عمرؓ نے چکیوں کی فرمائش کی تو جواب دیا کہ ایسی چکی بناؤ گا جو مشرق و مغرب میں یادرہے گی۔

س: حضرت عمرؓ پر فجر کی نماز میں حملہ ہوا تو باقی نماز کی امامت کس نے کی۔

ج: حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف۔

س: شہادت سے پہلے حضرت عمرؓ نے کیا وصیت کی۔

ج: جانشین کیلئے چھ لوگوں کے نام دیئے۔ (۱) حضرت علیؓ (۲) حضرت عثمانؓ (۳) حضرت عبد الرحمان بن عوف (۴) حضرت زبیر بن العوام (۵) حضرت طلحہ بن عبید اللہ (۶) حضرت سعد بن ابی وقاص۔

س: حضرت عمرؓ نے کب وفات پائی۔ آپ کی خلافت کا دور کتنا عرصہ رہا۔

ج: زخمی ہونے کے بعد تین دن یکم محرم ۲۴ ہجری بروز اتوار انتقال کیا۔ ۶۳ سال عمر پائی۔ مدت خلافت دس سال چھ ماہ صہیب رومیؓ نے جنازہ پڑھایا۔ حضور ﷺ کے پہلو میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دفن ہوئے۔

س: حضرت عمرؓ کی ازواج کے بارے میں بتائیے۔

ج: مختلف اوقات میں متعدد نکاح کئے۔ چیدہ چیدہ کے نام یہ ہیں حضرت زینب جو حضرت عثمان بن مطعون کی ہمشیرہ تھی۔ (۲) قریبہ بنت ابوامیہ مخزومی (۳) ملیکہ بنت جرول (۴) عاتکہ بنت زید (۵) جمیلہ عاصم بنت ثابت (۶) حضرت کلثوم بنت علیؓ بن ابی طالب

س: حضرت عمرؓ نے ملک کو کتنے ڈویژن میں تقسیم کررکھا تھا۔

ج: آٹھ ڈویژن میں۔

س: احتساب کا باقاعدہ انتظام کس نے جاری کیا۔

ج: حضرت عمرؓ فاروق نے ملک میں نہریں جاری کیں، بنجر زمینیں آباد کرنے والوں کو زمین کے مالکانہ حقوق دیئے گئے۔

س: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص نے حضرت عمرؓ کے حکم سے کون سا شہر آباد کیا۔

ج: کوفہ، چالیس ہزار مکانات تعمیر کروائے۔

س: سن ہجری کس نے کب شروع کیا۔

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے ۱۶ ہجری میں شروع کیا۔

س: جمع القرآن حضرت ابوبکرؓ نے کس کے مشورے سے کیا۔

ج: حضرت عمر فاروقؓ

س: اولیات عمر کیا ہیں۔

ج: (۱) بیت المال قائم کیا۔ (۲) باقاعدہ عدالتیں بنائیں (۳) امیر المومنین کا لقب اختیار کیا (۴) فوجی محکمہ بنایا (۵) رضا کاروں کی تنخواہیں مقرر کیں (۶) محکمہ مال قائم کیا۔ (۷) زمین کی پیمائش شروع کی (۸) مردم شماری کرائی (۹) سن ہجری کا آغاز کیا (۱۰) نہریں کھدوائیں (۱۱) شہر آباد کئے (۱۲) جیل خانہ قائم کیا (۱۳) ملک کو صوبوں میں تقسیم کیا (۱۴) درآمدی ڈیوٹی لگائی (۱۵) دریائی پیداوار پر محصول لگایا (۱۶) پولیس کا محکمہ بنایا (۱۷) فوجی چھاؤنیاں قائم کیں (۱۸) لاوارث بچوں کے وظائف شروع کئے (۱۹) مسلمانوں کے لئے پرچہ نویس مقرر کئے (۲۰) نماز تراویح کا باقاعدہ آغاز کیا (۲۱) نماز فجر کی اذان میں الصلاۃ خیر من النوم پڑھایا (۲۲) ایک ساتھ تین طلاقوں کو طلاق بائین قرار دیا (۲۳) شراب پینے کی حد ۸۰ کوڑے مقرر کئے (۲۴) موذنوں اور اماموں کی تنخواہیں مقرر کیں (۲۵) تجارتی گھوڑوں پر زکوٰۃ قائم کی (۲۶) غزلیہ اشعار پر عورتوں کے نام لینے سے منع کیا (۲۷) ہجو کہنے پر سزا مقرر کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت عثمان غنیؓ

حضرت عثمانؓ کی کنیت ابوعبداللہ، لقب ذوالنورین

س: حسب ونسب بتائیے۔

ج: والد کا نام عفان اور والدہ کا اروی تھا۔

س: حضورﷺ سے آپ کا کیا رشتہ تھا۔

ج: حضرت عثمانؓ کی نانی ام حکیم بیضاء حضورﷺ کی سگی پھوپھی تھیں اور حضرت عثمانؓ آپﷺ کے داماد بھی تھے۔

س: حضرت عثمانؓ کو ذوالنورین کیوں کہتے ہیں۔

ج: حضرت محمدﷺ کی دو لخت جگر، حضرت رقیہؓ اور حضرت کلثومؓ حضرت عثمانؓ کے نکاح میں تھیں۔ حضرت عثمان عام الفیل کے چھٹے سال ہجرت مدینہ سے ۴۷ سال پہلے پیدا ہوئے۔ حضرت عثمان اور حضرت ابوبکرؓ دوست تھے۔ حضرت عثمانؓ کا اسلام لانے میں چوتھا نمبر تھا۔

س: حضرت عثمانؓ اور حضرت رقیہ کے بارے میں مکہ کے لوگ کیا کہتے تھے۔

ج: یہ بہترین جوڑا ہے جو کسی انسان نے دیکھا۔

س: حضرت عثمانؓ نے کہاں کہاں ہجرت کی۔

ج: ہجرت حبشہ (پانچ نبوی میں) قافلہ میں گیارہ مرد اور ۵ عورتیں تھیں۔

س: حضورﷺ نے اس ہجرت کے بارے میں کیا فرمایا۔

ج: عثمانؓ اس اُمت کے پہلے شخص ہیں جو حضرت لوطؑ کے بعد اپنی بیوی کے ساتھ خدا کی راہ میں جلاوطن ہوئے۔

س: حضرت عثمانؓ حبشہ میں کتنا عرصہ ٹھہرے۔

ج: آٹھ سال، عبداللہ پیدا ہوئے۔ پھر مکہ آ کر مدینہ شریف ہجرت کی۔

س: مدینہ شریف میں حضرت عثمانؓ کس کے ہاں ٹھہرے اور ان کے دینی بھائی کون بنے۔

ج: اوس بن ثابت کے ہاں ٹھہرے اور وہی آپ کے مواخاتی بھائی بنے۔

س: حضرت رقیہؓ نے کب وفات پائی۔

ج: دو ہجری، اکیس سال کی عمر میں جنگ بدر کے موقع پر وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت عثمانؓ کی شادی حضرت رقیہؓ کی بہن ام کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ سے کب ہوئی۔

ج: تین ہجری میں۔ حضرت جبرائیل نے حضرت ﷺ کو خبر دی کہ یہ نکاح اللہ تعالیٰ نے آسمان پر کردیا ہے۔

س: حضرت عثمانؓ نے مسلمانوں کیلئے کیا خدمات انجام دیں۔

ج: کنواں بیئر روما ۲۰ ہزار میں خرید کر مسلمانوں کیلئے وقف کردیا۔

س: رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو کب مدینہ شریف میں اپنا نائب بنایا۔

ج: غزوۂ ذات الرقاع کے موقع پر۔

س: صلح حدیبیہ کے موقع پر کسے سفیر بنا کر مکہ بھیجا گیا۔

ج: حضرت عثمانؓ۔

س: حضرت عثمان کی شہادت کی افواہ پھیلی تو حضور ﷺ نے اپنے چودہ سو ساتھیوں نے ببول کے درخت کے نیچے کیا بیعت لی۔

ج: حضرت عثمانؓ کی شہادت کا بدلہ لیے بغیر مدینہ شریف واپس نہیں جائیں گے۔

س: حضرت عثمانؓ کس کی پناہ میں مکہ داخل ہوئے۔

ج: اپنے چچازاد بھائی ابان بن سعید کے ساتھ مکہ داخل ہوئے۔

س: کیا حضرت عثمانؓ نے قریش کی دعوت پر طواف بیت اللہ کیا۔

ج: نہیں میں رسول اللہ ﷺ کے بغیر کس طرح طوائف کرسکتا ہوں۔

س: مکہ والوں نے حضرت عثمانؓ کو تین دن بعد کیوں چھوڑ دیا۔

ج: قریش تک یہ خبر پہنچی کہ مسلمان حضرت عثمانؓ کا بدلہ لئے بغیر واپس نہیں جائیں گے۔

س: قریش کی طرف سے کسے صلح کی شرائط طے کرنے کیلئے بھیجا گیا۔

ج: سہیل بن عمرو۔

س: غزوہ تبوک میں حضرت عثمان نے کیا خدمات سرانجام دیں۔

ج: انہوں نے ایک تہائی فوج یعنی دس ہزار مجاہدین کے کھانے پینے کا بندوبست اپنے ذمہ لیا اس کے علاوہ ایک ہزار اونٹ ۷۰ گھوڑے دس ہزار دینار بھی دیئے۔

س: اس موقع پر حضور ﷺ نے حضرت عثمانؓ کے بارے میں کیا فرمایا۔

ج: ''اے اللہ میں عثمان سے راضی ہوگیا تو بھی اس سے راضی ہوجا''۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: **ایران کس خلیفہ کے دور میں فتح ہوا۔**

ج: حضرت عمرؓ کے زمانے میں آغاز ہوا اور تکمیل حضرت عثمانؓ کے دور میں ہوئی۔

س: **افریقہ کب اور کیسے فتح ہوا۔**

ج: اسکندریہ کی فتح کے بعد حضرت عثمانؓ نے افریقہ کی فتح پر توجہ دی۔

س: **اس جنگ کو کیا نام دیا گیا۔**

ج: اسے حرب العبادلہ کہا گیا۔

س: **حضرت عثمانؓ نے اپنے دور میں بحری بیڑا تیار کیا اور قبرص پر حملہ کیا۔**

ج: اٹھائیس ہجری میں قبرص فتح ہوا اور سات ہزار دینار سالانہ جزیہ پر صلح ہوئی۔

س: **رسول اللہ ﷺ نے بحری جنگ کے بارے میں کیا فرمایا تھا۔**

ج: ''میری امت کا پہلا لشکر جو بحری جنگ لڑے گا اس پر جنت واجب ہوگی''۔

س: **حضرت عثمانؓ کا دور خلافت کتنی مدت پر محیط ہے۔**

ج: بارہ دن کم بارہ سال، پہلے چھ سال امن وامان میں اور باقی چھ سال افراتفری میں گزرے۔

س: **حضرت عثمان کی حکومت کو سب سے بڑی مشکل کا سامنا کس گروہ سے ہوا۔**

ج: سبائی گروہ سے۔

س: **حضرت ابوذر غفاری درویش منش اور تارک الدنیا زاہد تھے۔ انہیں حضرت عثمانؓ سے کیا شکوہ تھا۔**

ج: عبداللہ بن سباء نے اس سیدھے سادھے انسان کو بھڑکایا اور حکومت کی معاشی پالیسیوں پر تنقید شروع کردی۔

س: **سازشی عناصر نے حضرت عثمانؓ پر کون سے الزامات لگائے۔**

ج: (۱) تجربہ کار صحابہ کو معزول کر کے اپنے خاندان کے نااہل اور ناتجربہ کار افراد کو گورنر لگایا۔ (۲) بیت المال سے بے جا خرچ کیا۔ (۳) عبداللہ بن مسعود کا روزینہ بند کر دیا۔ (۴) مدینہ کی چراگاہ بقیع کو سرکاری چراگاہ قرار دے دیا۔ (۵) مدینہ شریف کے بازار میں بعض اشیاء کی خرید وفروخت اپنے لئے مخصوص کر لیں۔ (کھجور کی گھٹلیاں) (۶) بعض اکابر صحابہؓ کو جلاوطن کیا گیا (۷) زبیر بن ثابت کے تیار مصحف کے سوا تمام مصحف جلا دیئے گئے۔ (۸) بعض بدعتیں پیدا ہوئیں۔ (۹) مصری وفد کے ساتھ بدسلوکی کی گئی۔

س: **حضرت عثمانؓ کے خلاف انقلاب لانے اور فتنہ وفساد کا آغاز کب اور کیسے ہوا۔**

ج: حج کے موقع پر بصرہ کوفہ اور مصر کے فتنہ پروروں نے حاجیوں کے روپ میں مدینہ شریف کا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رُخ کیا اور اپنے چند برگزیدہ افراد کو باری باری حضرت طلحہؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت عمرؓ کے پاس بھیجا۔

س: **فسادیوں کو کس نے سمجھا بجھا کر واپس کیا۔**

ج: حضرت علیؓ نے سمجھا بجھا کر واپس کر دیا۔

س: **یہ لوگ دوبارہ کیا بہانہ بنا کر مدینہ شریف داخل ہوئے۔ انہوں نے ایک خط کا ذکر کیا جو حضرت عثمانؓ نے انہیں قتل کرنے کیلئے گورنر کو لکھا تھا۔**

ج: حضرت عثمانؓ نے اس خط سے لاعلمی کا اظہار کیا۔ اس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وہ شخص خلیفہ بننے کے قابل نہیں جس کو یہ خبر نہ ہو کہ اس کے ملک میں کیا ہو رہا ہے اور ان کو خلافت سے دستبردار ہو جانا چاہیے۔

س: **حضرت عثمانؓ نے اس مطالبے کا کیا جواب دیا۔**

ج: جب تک مجھ میں جان باقی ہے میں اس خلعت کو جو خدا نے مجھے پہنچائی ہے خود اپنے ہاتھوں سے نہیں اتاروں گا۔ اس پر مظاہرین نے حضرت عثمانؓ کے گھر کا محاصرہ کر لیا جو چالیس روز تک جاری رہا اہل خانہ کا کھانا پینا بند کر دیا ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ کو بھی چیزیں اندر بھیجنے سے منع کیا۔

س: **حضرت عثمانؓ کو حضور ﷺ کی پیش گوئی کے مطابق کہ شہادت ان کا مقدر بن چکی ہے آپ نے شہادت سے پہلے کیا خواب دیکھا۔**

ج: حضور ﷺ، حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ سے فرما رہے ہیں کہ عثمان جلدی کرو ہم افطار کے منتظر ہیں۔

س: **حضرت عثمانؓ کی شہادت کا واقعہ کب اور کیسے پیش آیا۔**

ج: باغیوں نے گھر پر حملہ کیا۔ حضرت امام حسنؓ مزاحمت میں زخمی ہوئے چار باغی دیوار سے اندر کود گئے۔ کنانہ بن بشر نے حضرت عثمانؓ کی پیشانی پر لوہے کی لٹھ ماری۔ سوان ابن حران نے دوسری طرف ضرب لگائی جس سے خون کا فوارہ نکلا۔ عمرو بن احمق نے سینے پر نیزہ مارا۔ تلوار کے وار سے آپ کی زوجہ نائلہ کی تین انگلیاں کٹ گئیں۔ جمعہ کے دن عصر کے وقت شہادت پائی۔

س: **حضرت عثمانؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور کہاں دفن ہوئے۔**

ج: حضرت جبیر بن مطعم نے نماز جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت علی المرتضیٰؓ

س: نام علی ابن ابی طالب کنیت اور القاب بتایئے۔

ج: کنیت ابوالحسن (ابوتراب) لقب حیدر، اسد اللہ تھا۔

س: آپ کا تعلق بنی ہاشم سے تھا۔ بنی ہاشم کعبہ کے متولی تھے۔ پیغمبر اسی خاندان سے تھے۔

س: ابو طالب اپنی کنیت سے مشہور تھے، اصل نام بتایئے۔

ج: عبد مناف، حضورؐ کے والد عبداللہ بن ابی طالب (چچا) کے حقیقی بھائی تھے۔

س: ابو طالب حضور سے کتنے بڑے تھے۔

ج: ۳۵ سال، یہی حضور کے کفیل تھے۔

س: علی کی والدہ کون تھی کب اسلام لائیں۔

ج: فاطمہ بن اسد، مسلمان ہوئیں ہجرت کا شرف بھی حاصل کیا۔

س: فاطمہ بنت اسد کو کیا خاص اعزاز ملا۔

ج: ۴ ہجری مدینہ میں وفات پائی، حضور نے کفن کیلئے اپنی قمیض دی۔ قبر میں خود اترے، دفن کے بعد مغفرت کی دعا کی۔

س: ابو طالب کی اولاد میں علی چھوٹے تھے دوسرے بھائیوں کے نام بتایئے۔

ج: دو بڑے بھائی عقیل اور جعفر تھے۔

س: علی کی بہنیں کتنی تھیں۔

ج: اُم ہانی، جمنہ (یہ دونوں فاطمہ بنت اسد سے تھیں)

س: علی کی ولادت کب ہوئی۔

ج: عام الفیل کے ۷ سال بعد شعیب ابی طالب۔

س: دعوت عشیر کا علی سے کیا تعلق ہے۔

ج: علی نے لوگوں کی امانتیں واپس کرنی تھیں۔

س: حضرت علی نے کب اور کہاں ہجرت کی۔

ج: ۱۳ نبوی ربیع الاول کے وسط میں ہجرت مدینہ کی اور قبا پہنچے۔

س: بدر میں حضرت علی نے کس قریشی سردار کو جہنم رسید کیا۔

ج: ولید بن مغیرہ کو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: غزوہ بدر میں حضرت علی کو مال غنیمت میں کیا ملا۔

ج: اونٹنی اور ایک تلوار ذوالفقار ملی۔

س: علی اور فاطمہؓ کی شادی کب ہوئی۔

ج: رجب ۲ ہجری میں نکاح ہوا، حضرت علی ۲۴ اور فاطمہ اکیس برس کی تھیں۔ مہر ۴۰۰ مثقال مقرر ہوا۔

س: فاطمہ کا جہیز کیا تھا۔

ج: چارپائی، بڑی چادر، بڑا تکیہ، مشکیزہ، ۲ گھڑے، ایک چکی، رخصتی ذوالحجہ ۲ ہجری کو ہوئی۔

س: یہ نیا جوڑا کس کے گھر میں رہا۔

ج: حارثہ بن نعمان انصاری کے گھر۔

س: دعوت ولیمہ میں کس قسم کے کھانے دیئے گئے۔

ج: جو کی روٹی، پنیر اور کھجوریں تھیں۔

س: غزوہ خندق میں علی نے کس قریش سردار کو قتل کیا۔

ج: عمرو بن عبدود

س: صلح حدیبیہ حضرت علی کے ہاتھوں لکھا گیا۔ اس پر کیا خاص بات دیکھنے میں آئی۔

ج: محمد رسول اللہ ﷺ کے لکھنے پر کفار نے اعتراض کیا، حضور نے علی کو الفاظ کاٹنے کو کہا حضرت علی نے کہا میں نہیں کاٹ سکتا۔ حضور نے خود وہ الفاظ کاٹے۔

س: خیبر کے کئی قلعے تھے، سخت لڑائی کس قلعہ میں ہوئی۔

ج: قلعہ قموص میں، محاصرہ ۲۰ دن تک جاری رہا۔

س: حضور نے خیبر قموص کیلئے ایک دن کیا فرمایا تھا۔

ج: کہ کل میں جسے جھنڈا دوں گا وہ اس کو فتح کرے گا۔ علی چشم آشوب میں مبتلا تھے حضور نے آنکھوں کو لعاب دہن لگایا۔ علی کے ہاتھوں پر قلعہ فتح ہوا۔

س: عمرۃ القضا کے موقع پر عمارہ بنت حمزہ کو حاصل کرنے کیلئے تین دعویدار تھے (۱) علی (۲) جعفر طیار اور حارثہ بھی تھے۔ جعفر نے کہا کہ یہ میری چچازاد اور میری زوجہ اس کی خالہ ہے۔ حضور نے فرمایا خالہ والدہ جیسی ہوتی ہے اور بچی انہیں دے دی گئی۔ حاطب بن بلتعہ نے مکہ خط لکھا جس میں جنگ کی اطلاع دی گئی۔ خط پکڑا گیا لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس کی معافی قبول کر لی کیونکہ بدری صحابی تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت علی نے فتح مکہ کے وقت کن دو لوگوں کو قتل کرنا چاہا اور نہ کر سکے وجہ بتائیے۔
ج: اُم ہانی ان کو پناہ دے چکی تھی۔
س: غزوۂ تبوک میں حضرت علی نے کیوں شمولیت نہیں کی۔
ج: آنحضرت ﷺ نے ان کو آپ کے اہل وعیال کی نگرانی کیلئے مدینہ چھوڑا تھا۔
س: جب علی نے تبوک میں نہ جانے کا شکوہ کیا تو حضور نے کیا فرمایا۔ "تم میری طرف سے اس درجہ پر ہو، جس پر موسیٰ کے ساتھ ہارون علیہ السلام۔
ج: حج کے موقع پر حضرت علی نے کیا اعلانات کئے۔
حج کے احکامات ابوبکر نے اور سورۂ برات کے احکامات کا اعلان حضرت علی نے کیا۔
س: نجران کے عیسائیوں سے مباہلہ کا حکم ہوا۔ تو آپ کن کو لے کر گئے۔
ج: علی، حسن، حسین اور بی بی فاطمہ کو۔
س: ۱۰ ہجری میں حضور نے حج ادا فرمایا، حضرت علی نے کیا خدمات انجام دیں۔
ج: حضرت علی کو اونٹوں کے ذبح کا کہا، گوشت چمڑا تقسیم کرنے کو کہا۔
س: صدیقی دور میں حضرت علی نے کیا خدمات سرانجام دیں۔
ج: خمس کی تقسیم کے متولی بنے، مشاورتی کونسل میں تھے۔ خلیفہ کو مفید مشورے دیتے تھے۔
س: حضرت عثمان اور حضرت علی کا آپس میں کیا رشتہ تھا۔
ج: حضرت عثمان علی کے پھوپھی زاد تھے، ام حکیم بیضا کے بیٹے تھے۔
نوٹ: ایک غلط فہمی تھی کہ حضرت علی حضرت عثمان کے قتل میں ملوث تھے۔ شرپسندوں نے حضرت علی کی طرف سے جعلی خط لکھا۔ جن میں حضرت عثمان کے خلاف اکسایا گیا تھا۔ حضرت علی نے اس خط سے لاعلمی کا اظہار کیا اور اپنے آپ کو بری الذمہ قرار پائے۔
س: اہل بصرہ طلحہ بن عبید اللہ کو کوفہ زبیر بن العوام کو مصری حضرت علیؓ کو خلیفہ بنانا چاہتے تھے۔ حضرت علیؓ خلیفہ بنے تو حضرت عثمانؓ کے قتل نے سر اٹھایا۔ علی قصاص میں جلدی کے حق میں نہ تھے۔ کیونکہ ان کی ملکی حالت مزید جھگڑے برداشت کرنے کی نہ تھی۔
س: صلح کے حالات بنتے دیکھ کر مفسدین نے کیا سازش کی۔
ج: جب طلحہ بن زبیر سب حضرت علیؓ کے حق میں بیعت پر تیار ہو گئے تو مفسدین کو اپنی موت نظر آنے لگی۔ انہوں نے دونوں گروپوں میں غلط فہمی پھیلانے کیلئے خود حملہ کر دیا۔ جس کے نتیجے میں جنگ جمل ہوئی۔ اس جنگ کا حضرت عائشہ اور حضرت علی عمر بھر افسوس کرتے رہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: جنگ جمل میں دو بڑے صحابہ شہید ہوئے۔

ج: جنگ جمل میں زبیر بن العوام اور حضرت طلحہ شہید ہوئے۔

س: حضرت علی نے کوفہ کو کب دارالخلافہ بنایا۔

ج: جنگ صفین ۳۷ ہجری میں ہوئی، حضرت علی اور حضرت معاویہ کے درمیان اکابر صحابہ شہید ہوئے۔

س: جنگِ صفین کس طرح بند ہوئی۔

ج: اہل شام نے تجویز دی کہ کتاب اللہ کا حکم مان کر فیصلہ کیا جائے۔علی نے قبول کیا اور جنگ بند ہو گئی۔ دونوں طرف سے ایک ایک منصف مقرر ہوا۔حضرت علی کی طرف سے ابوموسیٰ اشعری اور حضرت معاویہ کی طرف عمرو بن العاص مقرر ہوئے۔

س: تحکیم کیوں ناکام ہوئی۔

ج: حضرت علی اور حضرت معاویہ کو خلافت کے منصب سے الگ کر دیا جائے۔اکابرین جسے اس قابل سمجھیں اسے خلیفہ چن لیں۔معاویہ نے اہل شام سے بیعت لے لی۔خلافت دو حصوں میں بٹ گئی۔

س: خارجیوں نے علی کے شہید کرنے کا کیا منصوبہ بنایا۔

ج: تین خارجی اکٹھے ہوئے، عبدالرحمٰن بن ملجم علی کو قتل کرے گا۔عمرو بن بکر عمرو بن العاص کو قتل کرے گا۔سترہ رمضان کو صبح کی نماز کے وقت حملہ کیا جائے گا۔حضرت علی ابن ملجم کے ہاتھوں فجر کی نماز میں شہید ہوئے۔علی نے فرمایا۔کہ اگر میں بچ گیا تو میں جو مناسب سمجھوں گا کروں گا۔اگر بچ نہ سکوں تو اسے قتل کر دیا جائے۔

س: علی کی شہادت کس عمر میں ہوئی۔

ج: ۱۷ رمضان ۴۰ ہجری کوفہ کی جامع مسجد میں قاتلانہ حملہ ہوا ۳ دن بعد ۶۳ سال کی عمر میں وفات پائی۔مدت خلافت ۴ سال ۹ ماہ تھی۔

اولاد نبی ﷺ و اہل بیت

حضرت عبداللہ

والدہ خدیجہ، حضرت فاطمہ سے چھوٹے تھے۔بعثت کے بعد پیدا ہوئے، مکہ میں وفات

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پائی، وہیں دفن ہوئے، آپ کی وفات پر سورۃ الکوثر نازل ہوئی۔ حضرت طاہر، طیب عبداللہ کے لقب۔ بعثت کے بعد ولادت ہوئی۔ مکہ میں وفات پائی۔

حضرت ابراہیمؑ

باندی ماریہ قبطیہ سے تھے۔ ۸ھ میں پیدا ہوئے۔ ۷ روز بعد عقیقہ دو جانور ذبح کئے گئے سر کے بالوں کے برابر چاندی صدقہ دودھ پلانے کیلئے ام بردہ خولہ کے سپرد کیا گیا۔ وہیں ۱۷ ماہ کی عمر میں وفات پائی۔ فضل بن عباس اور اسامہ نے قبر میں اتارا۔

حضرت علیؓ بن ابوالعاص (نواسہ رسول)

س: پیغمبر ﷺ کے سب سے بڑے نواسے کا نام کیا ہے۔

ج: حضرت علیؓ بن ابوالعاص، یہ زینبؓ بنت رسول ﷺ سے تھے۔

س: حضرت ابوالعاص کا حضرت خدیجہ سے کیا رشتہ تھا۔

ج: ابوالعاص حضرت خدیجہ کے بھانجے تھے۔

س: حضرت علیؓ بن ابوالعاص کہاں اور کب پیدا ہوئے۔

ج: مکہ میں پیدا ہوئے اور ان کی پیدائش سن ہجری سے سات سال قبل ہوئی۔ بچپن سے جوانی تک نانا کی گود میں گزارا۔

س: فتح مکہ کے موقع پر حضور ﷺ کے ساتھ سواری پر کون تھا۔

ج: حضرت علیؓ بن ابوالعاص ان کی عمر اس وقت چودہ برس تھی۔

س: حضرت ابوالعاص نے کب وفات پائی۔

ج: ۱۲ ہجری کو وفات پائی۔

س: حضرت علیؓ بن ابوالعاص کب شہید ہوئے۔

ج: ۱۵ ہجری فاروقی دور میں شہید ہوئے۔

س: حضرت علی بن ابوالعاص کو ذیلی صحابی کیوں کہا جاتا ہے۔

ج: حضرت زینب بنت رسول اللہ ﷺ کی نسبت سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت امام حسنؓ

س: حضرت امام حسنؓ کا نام کس نے رکھا۔

ج: حضرت محمد ﷺ نے رکھا۔

س: حضرت امام حسنؓ کب پیدا ہوئے اور عقیقہ کب ہوا۔

ج: ۱۵ رمضان ۳ ہجری، پیدائش کے ایک ہفتہ بعد عقیقہ ہوا، سر کے بالوں کے عوض چاندی خیرات کی گئی۔ حضور فرماتے تھے حسن میرے بیٹے ہیں اور حسین علی کے وجہ یہ کہ حضرت حسن سر سے کمر تک حضورؐ کے مشابہ تھے اور کمر سے پاؤں تک علی کے مشابہ اور حضرت حسین سر سے کمر تک علی کے اور کمر سے پاؤں تک علی حضورؐ کے مشابہ تھے۔

س: حضرت امام حسنؓ کا حسب نسب کیا ہے۔

ج: آپ حضرت علیؓ اور حضرت فاطمہؓ کے صاحبزادے تھے آپ کے جد امجد جناب ابو طالب تھے اس طرح آپ قریشی اور ہاشمی تھے۔

س: حضرت عثمانؓ کی شہادت کے موقعہ پر جب باغیوں نے گھر کا محاصرہ کیا تو حضرت حسنؓ نے کیا خدمات سرانجام دیں۔

ج: آپ حضرت عثمان کے گھر کے باہر پہرہ دیتے رہے، حضرت عثمانؓ کی شہادت پر حضرت علیؓ نے حضرت حسنؓ کی گال پر طمانچہ مارا کہ تم نے کیسی حفاظت کی۔

س: حضرت حسینؓ نے جنگ جمل اور جنگ صفین میں کس کی طرف سے حصہ لیا۔

ج: حضرت علیؓ کی طرف سے۔

س: حضرت علیؓ کی شہادت کے بعد حضرت حسنؓ کتنا عرصہ خلیفہ رہے۔

ج: چھ ماہ۔

س: حضرت حسنؓ نے حضرت امیر معاویہؓ سے صلح کیلئے کیا شرائط رکھیں۔

ج: (۱) کسی عراقی کو کینہ کی وجہ سے نہ پکڑا جائے۔ (۲) بلا استثناء سب کو امان دی جائے۔ (۳) ہوازن کا تمام خراج حسنؓ کیلئے مخصوص کر دیا جائے۔ (۴) حضرت حسنؓ کو دو لاکھ سالانہ الگ دیا جائے۔ (۵) کوفہ کے بیت المال کا سارا روپیہ آپ کو دیا جائے۔ یہ سب کچھ حضرت معاویہؓ نے تسلیم کر لیا۔

س: حضرت حسنؓ کب اور کیسے شہید ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: ایک روایت کے مطابق آپ کی بیوی زہران بنت اعث بن قیس نے ان کو زہر دیا اس طرح ۵ ہجری میں فوت ہوئے۔ حضرت سعد بن عاص نے نماز جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع میں والدہ کے پہلو میں دفن ہوئے۔

س: حضرت امام حسنؓ کی ازواج کے بارے میں بتایئے۔

ج: آپ نے متعدد نکاح کیے جن میں چند کے نام حسب ذیل ہیں۔ (۱) ام البشر بنت ابو مسعود (۲) خولہ بنت مسعود (۳) فاطمہ بنت مسعود (۴) ام اسحاق بنت طلحہ۔

س: امام حسنؓ کے کن بیٹوں نے اپنے چچا امام حسینؓ کے ساتھ کربلا میں شہادت پائی۔

ج: حضرت ابوبکر حضرت عمر حضرت عبداللہ اور حضرت قاسم۔

حضرت امام حسینؓ (نواسہ رسولؐ)

س: آپؓ کا حسب نسب بتایئے۔

ج: کنیت ابوعبداللہ لقب شہید ہے۔

س: آپ کی ولادت باسعادت کہاں اور کب ہوئی۔

ج: بروز سہ شنبہ ۴ شعبان ۴ ہجری مدینہ شریف میں پیدا ہوئے ساتویں دن عقیقہ ہوا۔ پیغمبر ﷺ نے نام رکھا۔

س: رسول خدا ﷺ کو حضرت حسینؓ سے کس قدر محبت تھی۔

ج: آپؐ بے پناہ پیار کرتے اور پیشانی پر بوسہ دیتے تھے۔

س: حضرت عثمانؓ کے گھر محاصرہ کے وقت دونوں بھائیوں نے کیا خدمات انجام دیں۔

ج: گھر کے دروازے پر پہرہ دیا۔ لیکن باغی چھت سے اندر داخل ہو گئے۔

س: کوفہ والوں نے مسلم بن عقیل کے ساتھ کیا سلوک کیا۔

ج: مسلم بن عقیل کوفہ میں مختار بن عبیدہ کے مکان میں رہائش پذیر ہوئے۔ پہلے دن بارہ ہزار لوگوں نے بیعت کی جس پر مسلمؓ بن عقیل نے حضرت امام حسینؓ کو لکھا کہ حالات بڑے سازگار ہیں تشریف لے آئیں۔

س: حضرت مسلم بن عقیل کو کس نے شہید کیا۔

ج: ابن زیاد نے کوفہ والوں نے کوئی مدد نہ کی۔ ۱۳ ذوالحجہ چھ ہجری میں مسلم بن عقیل شہید

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوئے۔اسی دن امام حسینؓ کوفہ کے لیے روانہ ہوئے۔

س: کن بڑے صحابہ نے حضرت امام حسینؓ کو کوفہ جانے سے منع کیا۔

ج: حضرت عمرو بن عاص اور حضرت عبداللہ بن عباس حضرت عبداللہ بن زبیر نے کہا کہ اہل کوفہ کے دل تو آپ کے ساتھ ہیں لیکن تلواریں آپ کیلئے بلند نہیں ہوں گیں۔

س: راستے میں حضرت امامؓ کو مکہ اور کوفہ کے درمیان مقام صفاح پر ایک مشہور شاعر سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کیا کہا۔

ج: مشہور شاعر فرزدق نے حضرت عقیل کی شہادت کی اطلاع دی۔

س: حضرت امام حسینؓ نے کربلا میں پہنچ کر کون سی شرائط پیش کیں۔

ج: (۱) مجھے کسی میدان جنگ پر بھیج دیا جائے۔(۲) مجھے واپس جانے دیا جائے۔(۳) میری یزید سے بالمشافہ ملاقات کرائی جائے۔کوئی شرط نہ مانی گئی۔

س: حضرت حسینؓ سے حضورﷺ سے محبت کا اندازہ کیسے ہوسکتا ہے۔

ج: حضورﷺ کبھی آپ کو گود میں اور کبھی دوش مبارک پر سوار کرتے تھے۔روزانہ ان کو دیکھنے کیلئے حضرت فاطمہؓ کے گھر جاتے تھے۔حضرت حسنؓ کی شباہت حضورﷺ سے بہت تھی۔ اسی لئے انہیں شبیہ رسول بھی کہتے ہیں۔

س: حضرت امام حسنؓ نے عہد فاروقی میں حضرت سعد بن عاص کی سرکردگی میں کس جنگ میں شرکت کی۔

ج: طبرستان کی تسخیر میں حصہ لیا۔

س: امام حسین کس سن ہجری میں پیدا ہوئے۔

ج: رمضان ۳ ہجری

س: امام حسین کے والد اور والدہ کا نام بتایئے۔

ج: حضرت علی،حضرت فاطمہؓ

س: امام حسین کی کنیت کیا تھی۔

ج: ابو محمد

س: حضرت امام حسین کے نانا اور نانی کا نام کیا تھا۔ ج: حضرت محمدﷺ،حضرت خدیجہ۔

س: حضرت امام حسن کی شکل وصورت کس عظیم ہستی سے ملتی تھی۔

ج: حضرت محمدﷺ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت امام حسن نے حضور کے زیر سایہ کب تک پرورش پائی۔
ج: ۸ برس تک۔
س: حضرت امام حسن کی کس زوجہ نے آپ کو زہر دیا۔
ج: جعدہ بنت اشعث
س: حضرت امام حسن کا انتقال کہاں ہوا اور کہاں دفن ہوئے۔
ج: مدینہ منورہ میں، جنت البقیع میں۔

عشرہ مبشرہ صحابہ کرامؓ

حضرت ابوعبید بن جراح (عشرہ مبشرہ)

حضرت عبداللہ بن عمر قریش کے تین سب سے زیادہ خوش اخلاق اور سب سے زیادہ باحیاء تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عبدالرحمن بن عوف، حضرت عثمان بن عفان، حضرت عبیدہ بن جراح۔

عبیدہ سابقون الاولون میں سے تھے۔ حضرت عثمان کے بعد دوسرے دن آپ نے عثمان کے دست مبارک پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ ابوعبیدہ اسلام کی بنیاد کی خشت اولین تھے جس پر اسلام کی عمارت تعمیر ہے۔

ابوعبیدہ نے مکہ میں ظلم وتشدد برداشت کیا، مصائب کی سختیاں جھیلیں۔ جنگ بدر میں بڑی بے دردی سے لڑے۔ بدر میں ایک آدمی بار بار آپ کے سامنے آتا آپ کنارہ کش ہو جاتے۔ بالآخر اس کی حرکات ناقابل برداشت ہوگئیں۔ عبیدہ نے اس کے سر پر تلوار مار کر کھوپڑی کے دو ٹکڑے کر دیئے۔ عبیدہ کے ہاتھوں قتل ہونے والا شخص ان کے والد عبداللہ بن جراح تھے۔ (جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کی خاطر قتل کیے خواہ وہ ان کے باپ ہوں بیٹے یا ان کے بھائی ہوں۔) اللہ ان کو جنت عطا فرماتے ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ وراثت کے ایک جھگڑے کو مٹانے کے لیے آپ نے عبیدہ بن جراح کو پسند فرمایا۔ جاؤ برحق فیصلہ کرو۔ ابوعبیدہ کو قریش کے ایک تجارتی قافلہ سے تعرض کرنے کیلئے روانہ کیا۔ روانگی پر آپ کو ایک کھجوروں کی تھیلی عنایت فرمائی۔ عبیدہ ساتھیوں کو روزانہ ایک ایک کھجور دیتے۔ یہ پورے دن کی خوراک ہوتی تھی۔ احد میں حضور کی طرف آتے ہوئے تیروں کو اپنے سینہ پر جھیلتے رہے احد میں حضور کے سامنے والے دو دانت ٹوٹ گئے۔ رخساروں سے کڑیوں کو ہاتھ سے نکالنے میں حضور کو درد ہوگا، انہوں نے اپنے دانتوں سے ان کڑیوں کو نکالا جس کے نتیجہ میں ان کے اپنے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

دو دانت ٹوٹ گئے۔حضور نے ابوعبیدہ سے فرمایا ہر جماعت کا ایک امین ہوتا ہے۔میری جماعت کے آپ امین ہیں۔

شام میں لشکر کشی کے دوران طاعون پھیل گئی۔عمر نے ان کو خط لکھا کہ خط ملتے ہی واپس آ جائیں۔آپ نے اس وقت انکار کیا۔کہ حضرت عمر مجھے بچانا چاہتے ہیں۔لیکن جب جراح کی وفات کی خبر سنی تو بہت افسردہ اور غمگین ہوئے موت سے پہلے انہوں نے فوج سے خطاب کیا۔نماز قائم کرو، رمضان کے روزے رکھو،صدقہ اور خیرات کرتے رہو۔حج اور عمرہ ادا کرو۔

س: **حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کب پیدا ہوئے۔**

ج: ۵۷۱عیسوی میں۔

س: **والد اور دادا کا نام کیا ہے۔**

ج: والد کا نام عبداللہ بن جراح دادا کا نام جراح

س: **حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح نے کتنی ہجرتیں کیں۔**

ج: دو

س: **حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کا انتقال کس بیماری سے ہوا۔**

ج: طاعون عمواس کی بیماری سے۔

س: **حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح نے کس عمر میں وفات پائی۔**

ج: ۵۸ سال کی عمر میں

حضرت سعید بن زید

بدری صاحب الشجرہ

زید کا لقب ابوالاعود تھا۔کس خاندان سے تعلق تھا۔بنو عدی سے،عمرو بن نفیل کے بیٹے اور حضرت عمر فاروق کے چچازاد بھائی تھے۔سعید کی والدہ فاطمہ بنت نعجہ کا تعلق بنوخزاعہ سے تھا۔

س: **حضورﷺ کس کو تنہا ایک امت کے برابر کہا کرتے تھے۔**

ج: سعید کے والد زید کے بارے میں پیغمبر نے فرمایا۔زید قیامت کے دن تنہا ایک امت کی حیثیت سے اٹھائے جائیں گے۔"زید بن عمرو کی وفات دین ابراہیمی پر ہوئی"

س: **سعید بن زید نے کب اسلام قبول کیا۔**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: فاطمہ ۲۷ نمبر پر اور سعید ۲۸ نمبر پر مسلمان تھے۔ فاطمہ بنت خطاب حضرت عمرؓ کی ہمشیرہ تھیں۔

س: عمر نے اپنے کس بہنوئی اور بہن کو زدوکوب کیا۔

ج: سعید بن زید اور حضرت فاطمہ بنت خطاب کو۔

س: عمر کو راستہ میں کون ملا۔

ج: نعیم بن عبداللہ جس نے حضرت فاطمہ اور سعید کے مسلم ہونے کا بتایا۔

س: حضرت فاطمہ نے حضرت عمر کو کیا جواب دیا۔

ج: جو کچھ کر سکتے ہو کر لو۔ اسلام کا نقش ہدایت تمہارے نکالنے سے نہ نکلے گا۔

س: سعید نے اہل خانہ کے ساتھ کب ہجرت مدینہ کی۔ مدینہ میں کس کے ہاں قیام کیا۔

ج: ابولبابہ کے ہاں ٹھہرے۔ ابی بن کعب کے اسلامی بھائی بنے۔

س: غزوۂ بدر کے موقعہ پر آپ کو اور حضرت طلحہ کو کس خاص کام سے شام بھیجا گیا۔ کیا ان کو مال غنیمت میں حصہ دیا گیا۔

ج: آپ کو مال غنیمت سے حصہ دیا گیا۔

س: بیعت رضوان کے علاوہ اور کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: احد، خندق، خیبر، حنین، طائف اور تبوک میں حصہ لیا۔

س: عہد صدیقی عہد میں کس معرکے میں سعید شریک ہوئے۔

ج: ۱۳ ہجری میں جنگ اجنادین ایک لاکھ کے ساتھ مسلمان بیس ہزار سے لڑے۔ عمر فاروق کے زمانے فتح دمشق میں سعید نے حصہ لیا۔

س: ۱۳ ہجری میں لڑی جانے والی لڑائی کا نام کیا تھا۔

ج: یوم مرج الصفر ۱۳، ہجری میں جنگ یرموک جس میں سعید پیدل دستہ کے افسر تھے۔

س: حضرت سعید نے کہاں وفات پائی۔

ج: ۵۰ ہجری بروز جمعہ مدینہ کے قریب عتیق میں فوت ہوئے، سعد نے غسل دیا، عبداللہ بن عمر نے جنازہ پڑھایا۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

زبیر بن العوام (عشرہ مبشرہ)

س: زبیر بن العوام کا لقب کیا تھا؟

ج: حواری رسول۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

س: آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوعبداللہ

س: زبیر بن العوام کا حضور ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: ماموں زاد تھے۔

س: کیا خدیجۃ الکبریٰ حضرت زبیرؓ کی پھوپھی تھیں؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا پیغمبر رسول زبیر کے ہم زلف تھے؟

ج: جی ہاں۔ حضرت عائشہ، حضرت اسماء کی ہمشیرہ اور زبیر کی بیوی تھی۔

س: زبیر کب پیدا ہوئے اور کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت سے ۲۸ سال پہلے پیدا ہوئے۔ اور 12/16 سال کی عمر میں اسلام لائے۔

س: زبیر کے چچا آپ کو اسلام لانے پر کیا سزا دیتے تھے؟

ج: چٹائی میں لپیٹ کر دھونی دیتے تھے۔

س: زبیر کس کے دینی بھائی بنے؟

ج: حضرت سلمہ بن سلامہ کے۔

س: زبیر نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: بدر کے علاوہ سب غزوات میں حصہ لیا، صلح حدیبیہ میں بھی زبیر حضور ﷺ کے ہم رکاب تھے۔

س: بدر میں ابوذات الکرش، جس برچھی سے قتل کیا اِسے کیا مقام ملا۔

ج: یہ برچھی بڑی مشکل سے لاش سے نکالی گئی۔ وہ برچھی حضور ﷺ نے مانگ لی، پھر حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت علی، حضرت عثمان اور حضرت زبیر تک پہنچی۔

س: غزوہ احد اور خندق میں زبیر نے قریش کے دو سرداران قتل کیے نام بتایئے؟

ج: احد میں علمبردار طلحہ، خندق میں نوفل بن عبداللہ

س: زبیر بن العوام نے، خلافت راشدہ میں کن مشہور جنگوں میں حصہ لیا۔ شام کی جنگ اور سکندریہ کی فتح کے بعد حضرت عثمان حج پر نہ جاسکے۔ کس کو امیر حج مقرر کیا؟

ج: حضرت زبیر بن العوام کو۔

س: جنگ جمل کے وقت زبیر بن العوام اور طلحہ، حضرت عائشہؓ کے ساتھ تھے۔ ۳۶ ہجری میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جنگ جمل میں حضرت علیؓ نے حضرت زبیر سے کہا کہ ہم دونوں حضور کے سامنے سے گزرے تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: زبیر ایک دن تم ناحق علی سے لڑو گے۔

س:۔ زبیر جنگ سے کنارہ کش ہو کر بصرہ روانہ ہوئے۔

ج: ظہر کی نماز میں عمرو بن جرموز نے زبیر کو سجدہ میں قتل کر دیا۔

س: زبیر بن العوام نے کتنی شادیاں کیں۔

ج: سات شادیاں کیں۔ آپ سے ۳۸ احادیث روایت ہیں۔ ۹ بیٹے اور ۹ بیٹیاں پیچھے چھوڑیں۔

س: حضرت زبیر نے کہاں شہادت پائی؟

ج: جنگ جمل میں

سعد بن ابی وقاصؓ (عشرہ مبشرہ)

س: سعد بن ابی وقاص کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو اسحاق۔ آپ بدری ہیں، عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔

س: سعد بن ابی وقاص حضور ﷺ کے رشتہ میں کیا تھے؟

ج: سعد بن ابی وقاصؓ، حضور ﷺ کے ماموں تھے۔

س: سعد بن ابی وقاصؓ کب پیدا ہوئے اور کب اسلام لائے؟

ج: ہجرت سے ۳۰ برس پہلے پیدا ہوئے۔ اسلام کے ابتدائی دور میں دوسرے مسلمان تھے، دار ارقم میں تربیت حاصل کی۔

س: ماں تمہارے قالب میں اگر ہزار جانیں بھی ہوں، ایک ایک کر کے ہر جان نکل جائے تب بھی میں اسلام نہ چھوڑوں گا۔ یہ الفاظ کس صحابی کے ہیں۔

ج: سعد بن ابی وقاصؓ۔ والدہ حمنہ، اپنے آبائی مذہب پر تھی۔ بیٹے کے اسلام لانے پر بھوک ہڑتال کر دی۔ تین دن بھوکی پیاسی رہی۔ بیٹے کو دین ترک کرنے کیلئے بھوک ہڑتال کی تھی۔ سعد بن ابی وقاصؓ نے جب مشرکین، مسلمانوں کی عبادت پر فقرے کسنے لگے تو سعد نے ایک اونٹ کی ہڈی ماری۔ جس سے اس مشرک کا سر پھٹ گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: سعد بن ابی وقاصؓ نے تین سال شعب ابی طالب میں محصور ہو کر گزارے۔ اُنہوں نے مدینہ کب ہجرت کی۔

ج: چھوٹے بھائی عمیر کے ساتھ ہجرت کی۔ عتبہ بن ابی وقاص کے مکان میں رہے۔

س: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے کن غزوات میں شرکت کی؟

ج: غزوہ بدر اور احزاب، خیبر، فتح مکہ، حبشہ، طائف اور تبوک میں۔

س: راہِ حق میں پہلا تیر کس نے چلایا؟

ج: سعد بن ابی وقاصؓ نے۔

س: غزوہ ابواط میں جھنڈا کس کے پاس تھا؟

ج: سفید جھنڈا سعد بن ابی وقاصؓ کے پاس تھا۔

س: جنگ اُحد میں حضور ﷺ فرماتے تھے۔ اے سعد تیر چلاؤ۔ ''میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان۔'' حضور ﷺ نے یہ کس کے بارے میں فرمایا تھا۔

ج: سعد بن ابی وقاصؓ کے بارے میں۔ اِس دن ہزار ایرانی اور دو ہزار مسلمان شہید ہوئے تھے۔

س: سعید بیعت رضوان میں شامل تھے۔ حجۃ الوداع کے موقع پر بھی موجود تھے۔ حضور ﷺ نے کیا بشارت دی؟ حضرت ابوبکر نے سعد کو کس قبیلہ میں عامل مقرر کیا؟

ج: حضرت سعد کو ہوازن کا عامل مقرر کیا گیا۔

س: حضرت عمرؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کو ایرانیوں کے خلاف کس جنگ کا امیر بنایا؟

ج: سعد بن ابی وقاصؓ کو

س: سعد بن ابی وقاصؓ نے قادسیہ میں کس طرح حصہ لیا؟

ج: اپنے نائب کو بالا خانہ سے ہدایات جاری کرتے رہے۔

س: ایرانی سردار (رُستم) کو کس نے قتل کیا؟

ج: مجاہد۔ بلال بن تلقمہ نے۔

س: سعد بن وقاص نے مدائن کو کیسے فتح کیا؟

ج: مجاہدین دریا پار کر رہے تھے کہ دُشمن پکار اُٹھے کہ جن، دیو آ گئے، دیو آ گئے۔

س: مدائن میں مسلمانوں کو کیا مالِ غنیمت ملا۔

ج: زرین، تلواریں، سونے کا بہت بڑا گھڑا، محلاتی فرش۔ 60x60 گز۔ 1/5 حصہ مالِ غنیمت، مدینہ میں بھیج دیا گیا۔ باقی مال مجاہدین میں تقسیم ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: سعد بن ابی وقاصؓ کو کوفہ کی امارت سے کیوں فارغ کیا گیا؟
ج: کوفہ کی ایک جماعت ان کے خلاف تھی۔ کہ سعد بن ابی وقاصؓ نماز اچھی طرح نہیں پڑھاتے۔
س: ۲۳ ہجری میں حضرت عمرؓ پر قاتلانہ حملہ کے بعد آپؓ نے کن ۶ لوگوں کے نام خلافت کیلئے دیئے۔؟
ج: حضرت علی، عثمان، زبیر بن العوام، طلحہ بن عبیداللہ اور سعد بن ابی وقاص۔ عبدالرحمان بن عوف۔

طلحہ بن عبیداللہ (طلحہ الخیر، عشرہ مبشرہ)

س: طلحہ کی کنیت کیا تھی؟
ج: ابو محمدؐ
س: والد اور والدہ کا اسم مبارک۔
ج: والد عبیداللہ، والدہ وجیہہ بنت عبداللہ
س: طلحہ کا خاندان کونسا تھا۔
ج: بنو تیم
س: طلحہ نے کس عمر میں اسلام قبول کیا؟
ج: ابتدائی زمانہ میں، ۸ مسلمانوں میں سے ایک تھے۔
س: طلحہ کب پیدا ہوئے؟
ج: بعثت محمد ﷺ سے پندرہ سال پہلے۔
س: طلحہ کے دینی بھائی کون تھے؟
ج: حضرت ابی بن کعب۔
س: طلحہ سفر کے وقت کہاں گئے تھے؟
ج: شام کے تجارتی قافلہ کی آمد پر حضور ﷺ اور ابو بکرؓ کو شامی کپڑے پیش کئے۔ طلحہ کو بدر کے سفر سے واپسی پر مال غنیمت بھی دیا گیا۔ طلحہ احد میں حضور ﷺ کو اُٹھا کر پہاڑی پر لے گئے۔ احد میں حضور ﷺ نے طلحہ کو الخیر کا لقب دیا اور فرمایا طلحہ کیلئے جنت واجب ہوگئی۔ منافقین سویلم کے مکان پر منصوبے بناتے تھے۔ طلحہ نے اس کو آگ لگا دی۔ ۹ ہجری میں تبوک کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

موقعہ پر طلحہ نے جنگ کرنے کے لئے کثیر رقم دی۔ غزوہ حنین میں جواد کا لقب پایا۔

س: ۱۱ ہجری میں حجۃ الوداع کے موقع پر طلحہ کس ہستی کے پاس تھے؟

ج: حضورﷺ کے پاس۔

س: حضرت عمر کے زمانے میں طلحہؓ نے اسلام کے لئے کیا کچھ کیا؟

ج: مجلس شوریٰ کے فرائض ادا کیے۔

س: ۲۳ ہجری میں حضرت عمر پر قاتلانہ حملے میں خلافت کیلئے ۶ لوگوں میں کون کون تھے؟

ج: حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت زبیر بن العوام، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص حضرت عثمانؓ اور حضرت طلحہ محافظ تھے۔

س: کن اصحاب کی اولاد نے حصہ لیا؟

ج: حضرت علی زبیر اور طلحہ کے بیٹوں نے۔

س: جنگ جمل میں طلحہ کا کیا کردار تھا؟

ج: طلحہؓ اور زبیر حضرت عائشہ کے ساتھ تھے۔

س: حضرت علی نے بزرگوں کے ذریعے حضورﷺ کے ارشادات سنائیے تو کیا ہوا؟

ج: حضرت زبیر میدان جنگ سے چلے گئے، طلحہ بھی اگلی صفوں کو چھوڑ کر پیچھے آ گئے۔

س: حضرت طلحہؓ کی شہادت کیسے ہوئی؟

ج: مروان بن الحکم کا تیر طلحہ کے گھٹنے میں لگا۔ اس صدمہ کی وجہ سے طلحہؓ شہید ہوئے۔ طلحہؓ کو میدان جنگ سے نکال کر ابوبکرؓ کے گھر منتقل کیا گیا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف (عشرہ مبشرہ)

سابقون الاولون، سپہ سالار، بدری، عشرہ مبشرہ۔ ہجرت حبشہ مدینہ

س: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو محمدؐ۔ خاندان بنو زہرہ سے تھے۔

س: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کی والدہ کا نام کیا تھا۔

ج: والدہ شفا جس نے حضور کی ولادت میں دایہ کا کردار کیا۔

س: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کب پیدا ہوئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: عام الفیل کے بعد

س: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ان کا نمبر تیرھواں ہے، عمر ۲۷ سال تھی۔

س: آپ نے ہجرت حبشہ کب کی۔

ج: حضرت جعفر کے ساتھ، بعد میں مکہ آ گئے۔ اسود بن یغوث کی پناہ لی۔ دوبارہ ۶ چھ ہجری میں حبشہ دوبارہ چلے گئے تھے۔

س: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے کب مدینہ ہجرت کی؟

ج: ۱۳ نبوی میں سعد بن ربیع کے مہمان رہے۔ حضور نے سعد بن ربیع کو ان کا دینی بھائی بنایا عوف تاجر تھے۔ فرماتے تھے کہ میں پتھر اٹھاتا ہوں تو دل میں ہوتا تھا کہ نیچے سے سونا ملے گا۔

س: ابوجہل کے قتل میں ان کا کیا کردار تھا؟

ج: حضرت معاذ، حضرت معوذ نے ابوجہل کا پوچھا تو عوف نے ابوجہل کی طرف اشارہ کیا۔

س: امیہ بن خلف کو حضرت عوف نے کیوں بچانے کی کوشش کی؟

ج: عبدالرحمٰن بن عوف نے حفاظت کا عہد کیا تھا۔ وہ اس کے اوپر لیٹ گئے اور اسے چھپالیا۔ لیکن لوگوں نے اسے پھر بھی قتل کر دیا۔

س: عوف نے جنگِ خندق میں کیا کردار ادا کیا تھا؟

ج: عوف نے جنگِ اُحد میں بہت سے زخم کھائے، پھر بھی غزوہ خندق میں حصہ لیا تھا۔

س: حضور ﷺ نے کب عبدالرحمٰن کو عمامہ باندھا تھا۔؟

ج: دومۃ الجندل۔ جب حضرت بنو کلب کی طرف روانہ کیا تو حضور ﷺ نے عمامہ کھول کر اپنے دست مبارک سے ان کے سر پر باندھا۔ تبوک میں عوف نے نماز فجر کی امامت کی اور حضور ﷺ نے ان کے پیچھے نماز ادا کی۔

س: کیا عبدالرحمٰن نے حجۃ الوداع میں حصہ لیا؟

ج: جی ہاں ابوبکر کی امارت میں کیا حضور ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع میں بھی گئے۔

س: کیا حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ ان سے مشورے لیتے تھے؟

ج: جی ہاں

س: حضور ﷺ نے عوف کو تبلیغ کیلئے کہاں بھیجا؟

ج: حضرت عمر کی وفات کے بعد اطاعت کرتے رہے۔ عثمان کے استدعا پر ان سے بیعت کی۔

س: عوف نے کب وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: ۳۲ ہجری میں عثمانؓ کے دور میں۔ حضرت عثمانؓ نے جنازہ پڑھایا اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔ ایک بیٹا، ۸ بیٹیاں۔ مجموعی طور پر ۴ شادیاں کیں۔

ابو عامر اشعریؓ

سابقون الاولون۔ ہجرتِ مدینہ

س: عبیدہ نام اور عامر کنیت تھی۔ ان کا حسب ونسب بتائیے؟

ج: قبیلہ بنی اشعری سے تھے والد سلیم بن مضار تھے۔ ابوموسیٰ اشعریؓ کے بھتیجے تھے۔

س: آپ ابتدائی دنوں میں اسلام لائے۔ مدینہ ہجرت کی۔ کن غزوات میں حضورﷺ کے ساتھ رہے؟

ج: فتح مکہ اور غزوہ حنین میں۔

س: ابوعامر کس جنگ میں شہید ہوئے؟

ج: غزوہ حنین میں دشمن تین حصوں میں بٹ گئے۔ ایک بطن نخلہ، دوسرا طائف اور تیسرا اوطاس کی وادی میں۔ دشمن سالار کو قتل کیا۔ حارث کی بیٹوں نے ان پر تیر چلائے جو گھٹنے میں لگے، شدید زخمی ہوئے اور شہادت پائی۔

صحابہ کرامؓ

حضرت کعبؓ بن مالک انصاری (شاعر وصحابی)

س: حضورؐ نے کس شاعر سے فرمایا، ابوعبداللہ کچھ اشعار تو سناؤ، حضورﷺ نے تین بار فرمائش کی، شاعر کا نام بتائیے۔

ج: کعبؓ بن ابی مالک انصاری

س: کعبؓ کب پیدا ہوئے۔

ج: ہجرت نبوی سے ۲۷ سال پہلے پیدا ہوئے۔

س: کعب بن مالک کن کے ہاتھوں اسلام لائے۔

ج: حضرت مصعبؓ بن عمیر کے ہاتھوں، حضورﷺ سے بیعت عقبہ کے موقعہ پر کی۔

س: حضرت کعبؓ نے بدر، تبوک کے علاوہ ہر جنگ میں حصہ لیا۔ حضرت کعب بدر میں کیوں نہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

شامل ہو سکے۔

ج: بدر میں شمولیت میں دیر کر دی۔ وہ کہتے تھے اللہ نے مجھے (بیت الشجرہ) کی شرکت کی سعادت بخشی جسے بدر پر فضیلت حاصل ہے۔

س: کعبؓ غزوہ تبوک میں کیوں نہ شامل ہوئے۔

ج: (سستی کی وجہ سے) ملک میں قحط اور شدید گرمی تھی۔

س: کعبؓ کو تبوک میں نہ شریک ہونے کی کیا سزا ملی۔

ج: حضورﷺ کے حکم سے ان کا بائیکاٹ کیا گیا۔
آخر سورۂ توبہ رکوع ۲۴ کی آیت نازل ہوئی ان تینوں کی توبہ قبول ہوئی۔

س: حضورﷺ کی رحلت کے بعد کعب کتنی دیر تک زندہ رہے۔

ج: ۳۹ سال تک۔

س: کعبؓ بن مالک نے کب وفات پائی۔

ج: امیر معاویہ کے دور میں ۵۰ ہجری میں۔

س: مالکؓ کے مواخاتی بھائی کا نام بتایئے۔

ج: طلحہ بن عبداللہ۔

س: جنگ احد میں کس صحابی نے حضورﷺ کو دیکھ کر پکارا کہ حضور زندہ ہیں۔

ج: حضرت کعبؓ بن مالک انصاری

س: تبوک میں شرکت نہ کرنے پر کن صحابہ کو سزا ملی۔

ج: ہلال بن امیہ برارۃ بن ربیع اور کعب بن مالک مرارہ۔

س: معاذؓ بن جبل نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: اسلام کے بارویں سال۔

س: آپ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا

ج: بنی خزرج

س: معاذؓ بن جبل کی کنیت بتایئے۔

ج: ابو عبدالرحمٰن

س: اسلام قبول کرتے وقت آپ کی عمر کیا تھی۔

ج: ۱۸ سال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: آپ کہاں دفن ہوئے۔

ج: بیت المقدس میں

س: حضرت معاذؓ نے کس کی وساطت سے اسلام قبول کیا۔

ج: حضرت مصعب بن عمیر۔

س: رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذؓ کو کب یمن کا امیر بنایا۔

ج: جنگ تبوک کے بعد۔نومسلم حضرات کی استدعا پر مقرر ہوئے۔

س: شاید اس کے بعد تم مجھ سے نہ مل سکو جب مدینہ شریف واپس آؤ تو میری قبر دیکھو حضور ﷺ نے یہ الفاظ کس صحابی سے کہے۔

ج: حضرت معاذ بن جبلؓ

س: حضرت خالد بنؓ ولید نے حضرت معاذؓ بن جبل کو کن جنگوں میں سپہ سالار بنایا۔

ج: جنگ اجنادین اور جنگ یرموک۔

س: کیا حضرت معاذؓ بن جبل حافظ قرآن تھے۔

ج: جی ہاں۔

حضرت سعیدؓ بن عامر

س: حضرت خبیبؓ بن عدی کے قتل کا تماشہ جن کو کفار نے غداری سے گرفتار کیا تھا۔کس مشہور صحابیؓ نے اس واقعہ کو دیکھا۔

ج: حضرت سعیدؓ بن عامر

س: حضرت خبیبؓ نے قتل سے پہلے کتنی رکعت نماز پڑھنے کی اجازت مانگی۔

ج: دو رکعت نماز کی۔

س: کفار حضرت خبیب کے زندہ جسم کو کاٹ رہے تھے اور کہتے تھے کیا تم یہ بات پسند کرو گے کہ اس وقت محمد ﷺ تمہاری جگہ ہوتے تو تم اس تکلیف سے نجات پا جاتے حضرت خبیبؓ کا کیا جواب تھا۔

ج: میں یہ بھی گوارا نہیں کروں گا کہ پیغمبر ﷺ کے پاؤں میں ایک کانٹا بھی چبھے۔

س: حضرت سعیدؓ بن عامرؓ تمام غزوات میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے ان کو حضرت عمرؓ نے کس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ملک کا گورنر بنایا۔

ج: حمص کا گورنر

س: حمص کے لوگوں نے حضرت سعیدؓ بن عامرؓ کے خلاف حضرت عمرؓ کو کیا شکایات بھیجیں اور ان کا حضرت سعید بن عامرؓ نے کیا جواب دیا۔

ج: (۱) میں رات کو لوگوں سے اس لئے ملاقات نہیں کرتا کہ میں نے رات کے اوقات اپنے رب کیلئے مخصوص کر رکھے ہیں۔ (۲) میں مہینے میں ایک بار گھر سے باہر نہیں نکلتا کہ میرے پاس ایک ہی جوڑا ہے جس کو دھوتا ہوں جب سوکھتا ہے تو پہنتا ہوں۔ (۳) کہ مجھے غشی کے دورے پڑتے ہیں میں گردو پیش سے بے خبر ہو جاتا ہوں یہ اس لئے کہ میں نے جب سے حضرت خبیبؓ کو قتل ہوتے دیکھا جب کافر کہہ رہے تھے کہ تمہاری جگہ اگر محمد ﷺ ہوتے تو تمہاری تکلیف کم ہو جاتی۔

حضرت طفیلؓ بن عمرؓ ودوسی

س: حضرت طفیلؓ بن عمرو دوسی کس قبیلے کے سردار تھے۔

ج: دوسی قبیلے کے

س: طفیلؓ بن عمرو کون سا اپنا آبائی وطن چھوڑ کر مکہ روانہ ہوئے۔

ج: تہامہ

س: قریش نے حضرت طفیلؓ کو حضور ﷺ کی ملاقات سے کیوں منع کیا۔

ج: کہ حضور ﷺ اپنے جادو کے ذریعہ سے باپ کو بیٹے سے بھائی کو بھائی اور شوہر کو بیوی سے جدا کر دیتے ہیں۔

س: کیا حضرت طفیلؓ نے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لی تھی تا کہ محمد ﷺ کی آواز ان تک نہ پہنچے۔

ج: جی ہاں۔

س: حضور ﷺ نے حضرت طفیلؓ کو کون سی نشانی مرحمت فرمائی۔

ج: حضور ﷺ کی دعا سے ان کی آنکھوں کے درمیان چراغ جیسی روشنی پیدا ہوگئی۔

س: کیا اسلام کی خوبیاں سن کر ان کے والد نے اسلام قبول کر لیا۔

ج: جی ہاں۔ انہوں نے کہا جو دین آپ کا ہے وہی میرا بھی ہے۔

س: حضرت ابوہریرہؓ نے کن کے کہنے پر اسلام قبول کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: حضرت طفیلؓ بن عمرؓ ودوسی۔

س: حضورﷺ نے حضرت طفیلؓ دوسی کو کس بت کو جلانے کیلئے بھیجا۔

ج: ذوالکفین۔

س: کیا اس بت کو بھسم کرنے کے بعد دوس قبیلہ میں کوئی مشرک باقی رہا۔

ج: جی نہیں۔ بلکہ پورا قبیلہ مشرف بہ اسلام ہوگیا۔

س: کیا حضرت طفیلؓ دوسی نے جنگ یمامہ میں شرکت کی اور جام شہادت نوش کیا؟

ج: جی ہاں۔

س: حضرت عمروؓ بن طفیلؓ نے حضرت عمرؓ کی دعوت میں شرکت کی اور کھانا کیوں نہ کھایا۔

ج: جنگِ یمامہ میں ان کا ایک ہاتھ کٹ چکا تھا۔ تو انہوں نے اس شرم کی وجہ سے کھانے میں شرکت نہ کی تو حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اگر تم اپنا کٹا ہوا ہاتھ کھانے میں نہیں ڈالو گے تو میں بھی یہ کھانا نہیں کھاؤں گا۔

س: عمروؓ بن طفیلؓ کس جنگ میں شہید ہوئے۔

ج: جنگ یرموک۔

حضرت عبداللہؓ بن حذیفہ سہمی

سپہ سالار صاحب الشجرہ سابقون الاولون

س: حضرت عبداللہؓ بن حذیفہ کس بادشاہ کے پاس خط لے کر گئے۔

ج: شاہ ایران

س: شاہ ایران نے قاصد کو حقارت سے کیوں دھتکارا۔

ج: کیونکہ عرب مدت سے ان کے قبضہ میں رہے۔

س: حضرت عبداللہ بن حذیفہ جب دربار میں پہنچے اس وقت وہ بدوی عربوں کے سادہ لباس میں ملبوس تھے۔ بادشاہ نے اپنے کسی ادنیٰ ملازم کو خط لینے کو کہا اس پر حضرت عبداللہؓ نے کیا جواب دیا۔

ج: مجھے ہمارے پیغمبرﷺ نے خط بادشاہ کو دینے کیلئے کہا ہے۔

س: جب حضرت عبداللہؓ بن حذیفہ حضورﷺ کے پاس پہنچے اور بتایا کہ بادشاہ نے خط کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

پرزے پرزے کر دیئے ہیں تو حضور ﷺ نے کیا فرمایا۔

ج: حضور ﷺ نے فرمایا کہ اس نے خود اپنی سلطنت کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے ہیں۔

س: حضرت عبداللہ بن حذیفہ کو کن دھمکیوں کے بعد رہا کیا گیا۔

ج: (۱) ٹکٹکی پر باندھا جائے گا (۲) گرم تیل میں ڈالا جائے گا (۳) میرے سر کو بوسہ دو۔

حضرت براءؓ بن مالک انصاری

س: کیا حضرت براءؓ بن مالک اسلام کی انفرادی جنگوں میں ایک سو سے زیادہ مشرکین کو ہلاک کر چکے تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: کیا حضرت براءؓ بن مالک خادم رسول ﷺ حضرت انسؓ کے بھائی تھے۔

ج: جی ہاں

س: کیا حضور ﷺ کی وفات پر مسلیمہ کذاب کے نبوت کے دعویٰ پر بہت سے لوگ دین اسلام سے پھر گئے تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: مسلیمہ کذاب کا تعلق کس قبیلے سے تھا۔

ج: کذاب کا تعلق قبیلہ بنو حنیفہ سے۔

س: کیا مسلیمہ کذاب سے جنگ کے دوران مسلیمہ کے لوگوں نے خالدؓ بن ولید کے خیمہ پر حملہ کر دیا اور خالدؓ کی بیوی ام حکیم کو قتل کرنے کی کوشش کی۔

ج: جی ہاں۔

س: حضرت براءؓ بن مالک انصاری نے قلعہ کا دروازہ کس طرح کھولا۔

ج: حضرت براءؓ ہلکے پھلکے دبلے پتلے تھے انہیں ڈھال پر بٹھا کر نیزوں کے سہارے حذیقۃ الموت کے باغ میں پھینک دیا۔ اس طرح انہوں نے قلعہ کا دروازہ کھول دیا۔

حضرت ثمامہؓ بن اثال

س: ثمامہؓ بن اثال کے پاس حضور ﷺ کا خط پہنچا تو انہوں نے پیامبر کو قتل کرنے کی ٹھانی۔ پھر کس طرح باز آئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: اپنے چچا کے منع کرنے پر دستبردار ہوئے۔

س: حضرت ثمامہؓ حج کے ارادے سے مکہ تشریف لے گئے تو انہیں طواف سے روکا گیا پھر کس طرح طواف کی اجازت دی گئی۔

ج: حضور ﷺ کے فرمان پر طواف کی اجازت دی گئی۔

س: حضرت ثمامہؓ نے کس چیز سے متاثر ہو کر اسلام قبول کیا۔

ج: حضور ﷺ کے حسن سلوک سے متاثر ہو کر مسلمان ہوئے۔

س: حضرت ثمامہؓ مسلمان ہونے کے بعد تلبیہ پڑھتے ہوئے خانہ کعبہ تشریف لائے تو کفار نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا۔

ج: کفار نے انہیں بہت زدوکوب کیا۔

س: حضرت ثمامہؓ نے اپنے وطن پہنچ کر قریش کے برے سلوک کے بعد ان کے خلاف کیا حکم جاری کیا۔

ج: قریش پر اقتصادی پابندی لگائی اور غلے کی ترسیل روک دی۔

حضرت ابوایوبؓ انصاری

س: حضرت ابوایوبؓ انصاری کا کس قبیلہ سے تعلق تھا۔

ج: قبیلہ بنونجار سے۔

س: مدینہ پہنچنے پر حضور ﷺ نے کس کے گھر کو قیام کیلئے منتخب کیا۔

ج: حضرت ابوایوبؓ انصاری

س: حضرت ابوایوبؓ انصاری کتنے دن حضور ﷺ کے میزبان رہے۔

ج: سات ماہ، (۲۱۰ دن)

س: مدینہ شریف کی مضافاتی بستی قباء میں حضور ﷺ کس کے ہاں ٹھہرے۔

ج: حضرت کلثومؓ بن ہدم انصاری۔

س: حضرت ابوایوبؓ انصاری کا مکان دومنزلہ تھا تو حضور ﷺ نے کس منزل پر ٹھہرنے کو ترجیح دی۔

ج: نیچے والی منزل کو۔

س: کیا حضور ﷺ کی اونٹنی حضرت ابوایوب انصاری کے گھر کے سامنے بیٹھی اور پھر اٹھ کر آگے چلی گئی پھر واپس آ کر اسی جگہ بیٹھ گئی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: جی ہاں۔

س: اوپر والی منزل پر پانی کا گھڑا ٹوٹ جانے پر حضرت ابوایوبؓ انصاری اور ان کی اہلیہ نے حضورﷺ کو تکلیف سے بچانے کیلئے کیا عمل کیا۔

ج: دونوں نے اپنے اکلوتے کمبل سے پانی کو جذب کر کے حضورﷺ کو بڑی تکلیف سے محفوظ رکھا۔ (حضورﷺ وحضرت ابوبکر عمر رضی اللہ عنہما کے ہمراہ حضرت ابوایوب انصاری کے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا کہ کچھ کھانے کیلئے لاؤ۔ حضرت ابوایوبؓ انصاری نے بکری کا ایک بچہ ذبح کیا اور کھانا تیار کیا جب کھانا تیار ہوگیا تو حضورﷺ کے سامنے پیش کیا گیا تو آپﷺ نے ایوبؓ انصاری سے فرمایا کہ کچھ کھانا میری بیٹی فاطمہؓ کیلئے بھی لے جاؤ کیونکہ وہ بھی کئی دنوں سے بھوکی ہے۔ چنانچہ وہ کچھ کھانا حضرت فاطمہ کیلئے ان کے گھر لے گئے۔)

س: قسطنطنیہ کی مہم کے وقت جب حضرت ایوبؓ انصاری بیمار ہوئے تو یزید بن معاویہ نے آپ کی آخری خواہش دریافت کی۔

ج: آپ نے فرمایا کہ میری لاش کو قسطنطنیہ کی فصیل کے نیچے دفن کرنا۔

حضرت زیدؓ بن حارثہ

س: زیدؓ بن حارثہ کو کتنی دفعہ سپہ سالار بنایا گیا۔

ج: نو دفعہ

س: زید کے والد اور والدہ کا نام بتایئے۔

ج: والد حارث بن شرجیل، والدہ سعدی بن ثعلبہ۔

س: زید بن حارثہؓ کی کنیت کیا تھی۔

ج: ابواسامہؓ۔

س: زید کا تعلق کس قبیلہ سے تھا۔

ج: بنو قضاعہ

س: زید عرب کے کس بازار میں فروخت ہوئے۔

ج: عکاظہ میں۔

س: زیدؓ بن حارثہ کی اولاد کتنی تھی۔

ج: ایک بیٹی، دو بیٹے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: زیدؓ کی بیٹی کا کیا نام تھا۔
ج: رقیہ
س: کس صحابی کو فرزند رسول کہا جاتا تھا۔
ج: زید بن حارثہ کو
س: حضرت زیدؓ کے والد نے آنحضرت ﷺ سے اپنے بیٹے کی واپسی کیلئے کیا عرض کیا۔
ج: میرا بیٹا مجھے واپس کر دیا جائے تو نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر وہ تمہارے پاس جانا چاہے تو لے جاؤ مگر زبردستی نہیں۔
س: حضرت زیدؓ بن محمد ﷺ کہلائے جانے لگے تو اس پر منہ بولے بیٹوں کی ممانعت کے احکام کب نازل ہوئے۔
ج: جب آیت کریمہ اُدْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ نازل ہوئی تو زیدؓ بن حارث کہلانے لگے۔
س: حضور ﷺ حضرت زید کو لے کر مکہ سے باہر کس قبیلہ میں تبلیغ کیلئے تشریف لے گئے۔
ج: طائف کے تینوں سردار، عبد یالیل، مسعود اور حبیب جو نہایت گستاخی سے پیش آئے۔

حضرت ابو ہریرہؓ

س: حضرت ابو ہریرہؓ نے کب اسلام قبول کیا۔
ج: سات ہجری میں اپنی والدہ سے پہلے اسلام قبول کیا۔
س: حضرت ابو ہریرہؓ نے سات ہجری تا گیارہ ہجری کا عرصہ کیسے گزارا۔
ج: حضور ﷺ کے فیض محبت سے لطف اٹھاتے رہتے۔
س: حضرت ابو ہریرہؓ نے خیبر کے علاوہ کن غزوات میں حصہ لیا۔
ج: فتح مکہ، غزوہ حنین، اور غزوہ تبوک میں۔
س: حضرت ابو ہریرہؓ نے خلفاء راشدین کے عہد میں کیا خدمات سر انجام دیں۔
ج: عہد فاروقی میں بحرین کے والی مقرر ہوئے۔ آذر بائیجان کی جنگ میں شامل تھے لیکن جنگ جمل اور جنگ صفین سے کنارہ کش رہے۔
س: رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو ہریرہؓ کو مال غنیمت دینا چاہا تو انہوں نے کیا کہا۔
ج: میری خواہش ہے کہ آپ ﷺ سے علم سیکھتا رہوں مال میرے کس کام آئے گا۔
~~س: ابو ہریرہ~~ سے کتنی احادیث مروری ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: پانچ ہزار تین سو چھتر۔

حضرت حسانؓ بن ثابت

س: حضرت حسانؓ بن ثابت دربار رسول ﷺ کے سب سے بڑے شاعر تھے۔ ان کا حسب و نسب کیا تھا۔

ج: خزرج کی شاخ بنو نجار سے تعلق تھا۔

س: کیا حضرت حسانؓ بن ثابت کے بزرگ دادا پردادا بھی شاعر تھے یا یہ اپنی طویل العمری کی وجہ سے منفرد مقام رکھتے تھے۔

ج: پردادا کی عمر ۱۲۰ سال، دادا کی عمر ۱۲۰ سال، باپ کی عمر ۱۲۰ سال اور حضرت حسانؓ کی عمر بھی ۱۲۰ سال تھی۔ یہ بزرگ بھی شاعر تھے۔

س: حضرت حسانؓ غزوہ خندق میں کن کی نگرانی کیلئے مقرر تھے۔

ج: مستورات کی نگرانی کیلئے مقرر کئے گئے تھے۔

حضرت انسؓ بن مالک

س: انسؓ بن مالک کب پیدا ہوئے۔

ج: ہجرت سے ۱۰ سال قبل

س: حضرت انس کے والد اور والدہ کا نام بتایئے۔

ج: والد مالک، والدہ ام سلیمؓ

س: کیا انس کے والد مسلمان تھے۔

ج: جی نہیں۔

س: حضرت انسؓ نے کتنے سال حضور کی خدمت کی۔

ج: ۱۰ سال

س: حضور نے ام سلیمؓ کو کس چیز کی بشارت دی۔

ج: بہشت کی۔

س: انسؓ نے کتنی جنگوں میں حصہ لیا

ج: آٹھ جنگوں میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت انسؓ نے کتنی عمر پائی۔
ج: ۱۰۳ سال
س: انسؓ کا انتقال کس سن ہجری میں ہوا
ج: ۹۳ ہجری میں
س: انسؓ بن مالک نے کہاں وفات پائی۔
ج: بصرہ میں۔
س: کس صحابی نے اپنی والدہ کا خود نکاح پڑھایا۔
ج: حضرت انسؓ نے
س: حضرت انسؓ نے دور فاروقی میں کتنے معرکوں میں حصہ لیا۔
ج: جہاد ایران، معرکہ حریق اور فتح شوشتر۔
س: حضرت انسؓ کے کتنے بیٹے اور بیٹیاں تھیں۔
ج: اسی لڑکے تین لڑکیاں اور ۲۰ سے زیادہ پوتے پوتیاں، نواسے، نواسیاں
س: کس صحابی نے کہا تھا کہ قیامت کے بعد حضورﷺ کی زیارت نصیب ہوگی تو عرض کروں گا یا رسول اللہ! آپ کا ادنیٰ غلام حاضر ہے۔
ج: حضرت انسؓ

حضرت ابیؓ بن کعب انصاری

س: حضورﷺ نے یہ الفاظ کس سے فرمائے۔ "مجھے اللہ نے حکم دیا ہے کہ میں تم کو قرآن سنایا کروں۔"
ج: رب کریم نے ابیؓ بن کعب کا نام لے کر یہ حکم دیا۔
س: پہلی وحی کے کاتب ہونے کا کسے شرف حاصل ہوا۔
ج: حضرت ابیؓ بن کعب۔
س: حضرت ابیؓ بن کعب کی کونسی دو کنیتیں تھیں۔
ج: ایک ابوطفیل دوسری ابوالمنذر
س: سید انصار سید المسلمین کس صحابی کے القاب ہیں۔
ج: یہ دونوں القاب حضرت ابیؓ بن کعب کے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت ابیؓ بن کعب کے مواخاتی بھائی کون تھے۔
ج: حضرت سعیدؓ بن زید۔
س: حضرت ابیؓ بن کعب غزوہ احد میں کیسے زخمی ہوئے۔
ج: تیر لگنے سے ان کی رگ کٹ گئی حضور ﷺ نے اسے داغ دیا۔
س: کون سے صحابی حضور ﷺ کی زندگی میں فتویٰ دیا کرتے تھے۔
ج: حضرت ابیؓ بن کعب۔
س: حضرت محمد ﷺ کس صحابی سے دور قرآن کیا کرتے تھے۔
ج: حضرت ابیؓ بن کعب۔
س: حضرت ابوبکرؓ نے قرآن کی تدوین کرنے والوں کا امیر کس صحابی کو مقرر کیا۔
ج: حضرت ابیؓ بن کعب۔
س: حضرت عمرؓ فاروق نے نماز تراویح کا اہتمام کیا تو کسے امام مقرر کیا۔
ج: حضرت ابیؓ بن کعب اور عورتوں کا امام حضرت تمیم داری کو مقرر کیا۔
س: حضرت ابیؓ بن کعب نے کب وفات پائی۔
ج: ۳۲ ہجری میں۔
س: آپ کے پسماندگان میں کون کون تھے۔
ج: اہلیہ ام طفیلؓ (صحابیہ) بچے۔ طفیل، محمد، عبداللہ، ام عمر اور ربیع
س: حضرت ابیؓ بن کعب کو قرآنی علوم پر عبور حاصل تھا۔ کیا ان کو تورات اور انجیل کے بارے میں بھی علم تھا۔
ج: جی ہاں۔

عامرؓ بن عبداللہ (ابو عبیدہؓ بن جراح)

س: ابو عبیدہؓ نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: ابتدائی دور میں اسلام قبول کیا۔
س: عامرؓ بن عبداللہ نے کب اور کہاں ہجرت کی۔
ج: پہلی ۶ نبوی میں حبشہ پھر ۱۲ نبوی مدینہ طیبہ ہجرت کی۔
س: احد میں عامرؓ بن عبداللہ کے دو دانت ٹوٹ گئے، وہ کس طرح ٹوٹے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: حضور ﷺ کے چہرے سے خود کی کڑیاں نکالتے وقت ایک پھر دوسرا دانت نکالتے وقت دوسرا دانت نکل گیا۔

س: **عامرؓ کی کنیت ابوعبیدہ تھی۔ ان کا لقب کیا تھا۔**

ج: حضور ﷺ نے امین الامت کا خطاب دیا تھا۔

س: **عامرؓ کا تعلق قریش کی کس شاخ سے تھا؟**

ج: بنوفہر سے

س: **ابوعبیدہؓ ہجرت نبوی سے ۴۰ سال قبل پیدا ہوئے، کس کی وساطت سے اسلام قبول کیا۔**

ج: ابوبکرؓ کی وساطت سے اسلام قبول کیا۔

س: **مدینہ میں ابوعبیدہ نے کہاں قیام کیا۔**

ج: قبا میں حضرت کلثوم بن الہدم کے ہاں ان کو ابوطلحہؓ کا دینی بھائی بنایا گیا۔

س: **ابوعبیدہؓ نے کن غزوات میں حصہ لیا۔**

ج: بدر میں شریک ہوئے، اصحاب الشجرہ میں سے تھے۔ غزوہ احد، خندق، فتح مکہ، حنین تبوک اور طائف میں شریک ہوئے۔ سریہ ابوعبیدہ اور سریہ ذات السلاسل، سریہ سیف البحرؓ میں بھی شامل تھے۔ صلح حدیبیہ میں بھی موجود تھے۔

س: **آپ کو امین الامت کا خطاب کب ملا۔**

ج: ۹ ہجری نجران کے وفد کی آمد کے وقت بارگاہ رسالت میں یہ خطاب ملا۔

حضرت ابوموسیٰؓ اشعری

س: **الٰہی، عبداللہؓ بن قیس کی خطائیں بخش دے اور قیامت کے دن جنت میں اسے باعزت داخل کر۔ یہ دعا حضور نے کس صحابی کیلئے کی تھی۔**

ج: ابوموسیٰ اشعری کیلئے۔ ان کا اصل نام عبداللہ تھا۔ یمن کے رہنے والے اور اپنے قبیلے اشعری کے رئیس تھے۔

س: **ابوموسیٰ اشعریؓ نے کب اسلام قبول کیا۔**

ج: مکہ میں بیعت کی، اپنے قبیلے کو تبلیغ سے مسلمان کیا۔ والدہ طیبہؓ بنت وہب بھی ان میں شامل تھیں۔

س: **آپ نے کب اور کیسے مدینہ ہجرت کی۔**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: ۵۰ سے زائد نو مسلموں سمیت کشتی میں سوار ہو گئے۔ طوفان سے حبشہ پہنچ گئے، وہاں مسلمانوں سے ملاقات ہوئی، خیبر کے موقعہ پر حضرت جعفرؓ کے ساتھ مدینہ پہنچے۔

س: **کیا ابوموسیٰ اشعریؓ فتح مکہ، غزوۂ حنین اور تبوک میں حضورﷺ کے ہمراہ تھے۔**

حضرت عمر کے زمانے میں عراق کو ابوموسیٰ نے فتح کیا۔ ابوموسیٰ بصرہ کے گورنر مقرر ہوئے۔ ابوموسیٰ نے خوزستان مکمل طور پر فتح کیا۔ بصریٰ پہلی مرتبہ اینٹ گارے کے مکانات بنائے گئے۔ بصریٰ سے تین سو حفاظ کی لسٹ حضرت عمر کو بھیجی۔ نہاوند کی فتح کو فتح الفتوح کہتے ہیں یہ کیسے فتح ہوا۔ ۲۱ ہجری میں یزدگرد کے ایک نامور جرنیل کی (ڈیڑھ لاکھ فوج) کو شکست دی۔ اصفہان فارس کرمان ابوموسیٰ اشعریؓ کے ہاتھوں فتح ہوئے۔ دجلہ سے بصریٰ کو پانی فراہم کرنے کیلئے ۶ میل لمبی نہر کھدوائی۔ یہ نہر آج بھی اس کے نام سے مشہور ہے۔ جنگ جمل میں حصہ نہیں لیا، ۵۲ ہجری میں وفات پائی۔ ۳۶۰ ۱ احادیث کے راوی ہیں۔

ابوقتادہؓ حارث

سپہ سالار حافظ حدیث

س: **بتائیے فارس رسول کس صحابی کا لقب تھا۔**

ج: ابوقتادہؓ حارث کو (رسول اللہﷺ نے شاہسوار) کا لقب دیا گیا۔

س: **واحد صحابی جس کی کنیت قتادہ تھی وہ کب مسلمان ہوئے۔**

ج: بعثت نبوی کے دوسرے تیسرے سال پیدا ہوئے، بیعت عقبہ ثانیہ میں اسلام لائے۔ انصار کے سابقون الاولون کہلائے۔

س: **قتادہؓ نے کن کن جنگوں میں حصہ لیا۔**

ج: بدر کے علاوہ تمام جنگوں میں حصہ لیا۔ خندق حنین خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

س: **غزوہ غابہ میں حضورﷺ نے آپ کو بہترین شہسوار کہا تھا یہ غزوہ کب اور کیوں ہوا۔**

ج: عینہ بن مخزومی نے گلہ بان ابوذر غفاری کو شہید کیا۔ حضورﷺ کی اونٹنیاں لے گئے، حضرت سلمہ بن اکوع اور غلام ریاح ادھر نکل آئے۔ ابوقتادہ اور سلمہ مقداد نے ان کو مار بھگایا، ابو قتادہؓ کو بہترین شاہسوار کہا گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: ابوقتادہ کس سریہ کے امیر مقرر ہوئے۔

ج: سریہ محارب

س: حضور ﷺ نے کن پانچ صحابہ کو سلام بن ابی الحقیق کے قتل کیلئے روانہ کیا۔

ج: عبداللہ بن عبداللہ بن عتیک امیر، عبداللہؓ بن سنان، عبداللہؓ بن انیس، غزاعیؓ بن اسود، ابوقتادہؓ انصاری یہ قتل ۵ ہجری میں ہوا۔

س: جس طرح ابوقتادہؓ نے آج رات میری حفاظت کی اللہ اس کی حفاظت فرمائے۔ یہ الفاظ حضور ﷺ نے کس کیلئے کہے۔

ج: ابوقتادہؓ انصاری۔

س: ۱۱ ہجری میں فتنہ ارتداد برپا ہوا۔ گیارہ لشکر مختلف علاقوں میں بھیجے گئے۔ کیا ابوقتادہؓ اور خالدؓ بن ولید بھی لشکر میں شامل تھے۔ کیا حضرت قتادہ جنگ جمل اور صفین میں حضرت علیؓ کے ساتھ رہے۔

ج: جی ہاں

س: قتادہؓ نے کب کہاں وفات پائی۔

ج: ۵۰ ہجری میں وفات پائی، بقیع میں دفن ہوئے۔

حضرت ابوطلحہ زیدؓ بن سہل

سپہ سالار، بدری صحابی، عالم فاضل

س: اے اللہ کے رسول آپ ﷺ کے سینے سے پہلے میرا سینہ آپ کی جان سے پہلے میری جان حاضر ہے۔ یہ کس صحابی کے الفاظ ہیں۔

ج: ابوطلحہ زیدؓ بن سہل۔

س: آپ کا گھرانہ اور حسب نسب بتایئے۔

ج: قبیلہ خزرج بنونجار کے رئیس تھے۔

س: کون صحابیہ ابوطلحہؓ کے اسلام لانے کا باعث بنیں۔

ج: حضرت ام سلیمؓ، انصار کی سابقون الاولون تھیں۔ یہ مصعبؓ بن عمیر کی تبلیغ سے مسلمان ہوئیں۔

س: ۱۳ نبوی میں ابوطلحہؓ نے بیوہ ام سلیم کو نکاح کا پیغام بھیجا۔ (ام سلیمؓ کے بیٹے بھی سن شعور کو پہنچ چکے تھے۔) حضرت ام سلیمؓ نے کیا جواب دیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: تم لکڑی کے بتوں کو پوجتے ہو۔ جو کوئی نفع نقصان نہیں پہنچا سکتے میں خدا واحد کی عبادت کرتی ہوں، ہمارا نکاح کیسے ہو سکتا ہے۔

س: ابو طلحہؓ کب اور کیسے اسلام لائے۔

ج: ابو طلحہ نے کہا مجھے کون مسلمان کرے گا۔ انہوں نے جواب دیا رسول اللہ ﷺ، کچھ دن کے انتظار کے بعد ام سلیمؓ کے پاس آ کر اسلام قبول کر لیا۔

س: ابو طلحہؓ کے اسلام کا ام سلیمؓ پر کیا اثر پڑا۔

ج: کہا میں تمہارے ساتھ نکاح کیلئے تیار ہوں۔ انسؓ بن مالک اپنی والدہ کے نکاح کا ذکر کرتے عجیب وغریب حق مہر پر ہوا۔ حضرت ثابت کہا کرتے تھے کہ ہم نے ام سلیمؓ کے نکاح جیسا کوئی اور نکاح نہیں دیکھا۔ ان کے مہر سے زیادہ بابرکت مہر نہیں دیکھا۔ ابو طلحہؓ کی بہادری سے احد کا نقشہ بدل گیا۔ تین تلواریں ٹوٹیں دشمن کے تیر جسم پر کھائے ایک ہاتھ شل ہو گیا۔ حضورؐ سے کہا کہ آپ گردن اٹھا کر نہ دیکھئے کوئی تیر نہ لگ جائے آپ کا رات کا مہمان سے سلوک اللہ کو بہت پسند آیا۔ وہ لوگ جو اپنے اوپر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں۔ اگر چہ ان پر تنگی ہی کیوں نہ ہو۔

س: ابو طلحہؓ کے مواخاتی بھائی کون تھے۔

ج: ابو عبیدہؓ بن الجراح۔ (احد میں حضور نے فرمایا ابو طلحہ تیر چلاؤ۔ غزوہ حنین میں ام سلیمؓ آپ کے ساتھ عتیق بن ہوازن کے تیروں سے بھگدڑ مچ گئی۔ ام سلیم خنجر ہاتھ میں لئے حضور کے پاس کھڑی رہی۔ طلحہؓ نے اس دن ۲۰ آدمیوں کو قتل کیا۔)

س: کس صحابی نے کھانے کی دعوت دی اور کھانے میں برکت کا معجزہ رونما ہوا۔

ج: تمام صحابی آئے، روٹیاں لائی گئیں گھی لگایا گیا۔ دس دس صحابہ کو بلا کر یہ کھانا کھلایا گیا۔ بچا ہوا کھانا پڑوسیوں میں تقسیم کیا گیا۔ عہد صدیقی اور عہد فاروقی میں بہت جنگوں میں حصہ لیا۔

س: کیا حضرت عمر نے اپنے جانشین کیلئے چھ لوگوں کے نام دیئے۔ کیا حضرت ابو طلحہؓ کو نگران مقرر کیا گیا۔

ج: جی ہاں (حضرت طلحہؓ نے حضرت عثمانؓ ذوالنورین کو خلیفہ منتخب کیا۔ طلحہؓ ستر سال کی عمر میں گوشہ نشین ہو گئے۔ بحری مہم میں جہاز ہچکولے کھانے لگا روح پرواز کر گئی۔ سات دن بعد جہاز جزیرہ کے کنارے لگا لاش تروتازہ تھی۔ انس بن مالک ان کے سوتیلے بیٹے تھے۔ ۲۴ ہجری میں وفات پائی، عثمانؓ نے جنازہ پڑھایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ایک رات حضور ﷺ نے طلحہؓ کا گھوڑا مندوب منگوایا، اکیلے صورتحال جاننے کیلئے باہر نکل گئے۔ ۹۲ حدیثیں مروی ہیں۔ ان کی اولاد میں صرف عبداللہ بچے۔

س: ابو طلحہ لحدی قبر کھودنے کے ماہر تھے۔ ابو عبیدہؓ بن الجراح صندوقی قبر کے ماہر تھے۔ بتایئے حضور کی قبر کھودنے کا شرف کسے حاصل ہوا۔

ج: لحدی قبر حضرت طلحہؓ نے کھودی۔

ابو سلمہ بن اکوع اسلمی

س: اسلمی کی کنیت ابو یاسر تھی۔ ان کے خاندان کے بارے میں بتایئے۔

ج: اصل نام سنان بن عبداللہ تھا۔ ان کا تعلق بنو سلمہ سے تھا۔

س: ابو سلمہ بن اکوع نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ۶ ہجری میں اسلام لائے، ان کا قبیلہ ۶ ہجری میں وطن چھوڑ کر مدینہ آ گیا۔

س: بیعت رضوان کے موقع پر کس صحابی نے تین مرتبہ بیعت کی تھی۔

ج: سلمہ بن اکوع نے ۳ مرتبہ بیعت کی۔

س: حدیبیہ سے واپسی پر کس صحابی نے لشکر اسلامی کی نگرانی کی۔

ج: حضرت سلمہ بن اکوع نے۔

س: سلمہ بن اکوع اسلمی کو صاحب غابہ کیوں کہتے تھے۔

ج: غابہ کے جنگل میں حضور کی اونٹنیاں چرایا کرتے تھے۔

س: سلمہ بن اکوع کس خاص وجہ سے مشہور تھے۔

ج: وہ گھوڑے سے بھی زیادہ تیز دوڑتے تھے۔

س: ۷ ہجری میں سلمہ نے حضرت ابو بکر کی سرکردگی میں کس جنگ میں حصہ لیا۔

ج: بنو کلاب کے لوگوں کی سرکوبی کیلئے

س: حضور نے بنی کلاب کی کس خاتون کے بدلے مکہ سے مسلمان قیدی رہا کروائے۔

ج: بنو کلاب کی ایک عورت قیدی بنی۔

س: سلمہ بن اکوع نے کن جنگوں میں حصہ لیا۔

ج: ۷ غزوات اور ۹ سرایہ میں شمولیت کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: سلمہ نے کب وفات پائی۔
ج: ۸۰ برس کی عمر میں زبدہ میں وفات پائی

حضرت بریدہ بن الحصیب اسلمی (سپہ سالار)

س: اس صحابی کا نام بتائے جو ۱۰۰ اونٹوں کے لالچ میں رسول اللہ کی تلاش میں نکلے لیکن مسلمان ہو گئے۔
ج: حضرت بریدہ بن الحصیب اسلمی۔ ۶ ہجری میں مسلمان ہوئے۔
س: کس صحابی کے ساتھیوں نے حضور کے پیچھے عشاء کی نماز پڑھی اور سورۂ مریم کی ابتدائی آیات پڑھی گئیں۔
ج: حضرت بریدہ
س: حضرت بریدہ نے کن غزوات میں حصہ لیا۔
ج: ۶ ہجری میں بیعت رضوان میں شرکت کی، غزوۂ بنی مصطلق خیبر، فتح مکہ حنین، طائف اور تبوک میں شریک ہوئے۔
س: بنی مصطلق کے قیدیوں کی نگرانی کس کے سپرد تھی۔
ج: حضرت بریدہ
س: ۹ ہجری میں حضور ﷺ نے تبلیغ کیلئے بریدہ کو کس کے ساتھ یمن بھیجا۔
ج: حضرت خالد بن ولید کے ساتھ یمن بھیجا۔
س: بریدہ کو کہاں کا محصل زکوٰۃ مقرر کیا گیا۔
ج: قبیلہ بنی غفار اور بنی اسلم
س: لشکر اسامہ میں جھنڈا کس صحابی کے ہاتھ تھا۔
ج: بریدہ بن الحصیب
س: خلفائے راشدین کے زمانے میں بریدہ نے کیا کارنامے سرانجام دیئے۔
ج: عہد صدیقی اور عہد فاروقی میں بڑی خدمات سرانجام دیں۔ حضرت عمر کے دور میں کوفہ آباد کیا، عثمانی دور میں خراسان کی فتح میں حصہ لیا۔
س: بریدہ نے کب اور کہاں وفات پائی۔
ج: ۵۱ ہجری میں خراسان (مرو) میں انتقال کیا۔ ۱۶۴ احادیث کے راوی ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت ثابت بن اقرم انصاری

س: ثابت بن اقرم کیسے اسلام لائے۔
ج: مصعب بن عمیر کے ہاتھوں
س: ثابت بن اقرم اصحاب بدر میں شامل تھے اور کن غزوات میں حصہ لیا۔
ج: تمام غزوات میں (بدر سے لے کر حنین تک)
س: آپ نے جنگ بدر میں کس مشرک کو قیدی بنایا۔
ج: فروہ بن خیس کو، عمرو بن خیس نے چار ہزار درہم فدیہ میں رہا کر دیا گیا۔
س: ثابت بن اقرم کس جنگ میں زخمی ہوئے۔
ج: سریہ عمر میں
س: اس جنگ کا نام بتایئے، جس میں واپس آنے والوں کی تعریف کی گئی انمیں ثابت بن اقرم بھی شامل تھے۔
ج: جنگ موتہ (یہ بھگوڑے نہیں ہیں اللہ نے چاہا تو پلٹ کر حملہ کرنے والے ہیں)
س: موتہ میں تین جرنیلوں کی شہادت پر آخر میں ثابت بن اقرم کو جھنڈا دیا گیا، لیکن انہوں نے جھنڈا خالد بن ولید جن کی جنگی مہارت زیادہ تھی کو دے دیا۔
س: ثابت بن اقرم کے گھوڑے کا نام بتایئے۔
ج: محبہ تھا۔
س: حضرت طلحہ بن خویلد مدعی نبوت کی طرف خالد بن ولید کو بغاوت دبانے کیلئے بھیجا۔ ثابت بن اقرم اور عکاشہ کو پتہ لگانے کیلئے بھیجا۔
س: ثابت بن اقرم کہاں شہید ہوئے۔
ج: بزاخہ میں شہید ہوئے اور وہیں دفن ہوئے۔

حضرت صخر بن حرب (سپہ سالار)

س: حضرت ابوسفیان کے نام سے مشہور ہونے والے صحابی کا اصل نام کیا ہے۔ حسب نسب بھی بتایئے۔
ج: صخر کا نام حرب بن امیہ تھا۔ خاندان بنو ہاشم کے بعد بنو امیہ کا دوسرا المبر تھا۔ ان دونوں قبیلوں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں حریفانہ کشمکش شروع سے تھی۔

س: حضرت ابوسفیان کب مسلمان ہوئے؟

ج: فتح مکہ کے موقع پر۔

صاحبزادی (جوام المومنین) بعثت نبوی کے شروع میں اسلام لائیں تھیں۔ دوسری بیٹی فارعہ بھی مسلمان ہوئی۔ ان دونوں کے شوہر عبداللہ بن جحش اور ابوالحدین جحش بھی اسلام لا چکے تھے۔ رسول اللہ ﷺ ان کے ماموں زاد تھے۔

س: کیا بدر کے موقعہ پر ابوسفیان شام گئے ہوئے تھے۔

ج: ۳ ہجری میں غزوہ احد میں ابوسفیان نے کفار کی قیادت کی۔ جنگ احد میں بیوی ہند بنت عقبہ بھی شریک تھی۔ حمزہ کی لاش کا ہندہ نے مثلہ کیا، غزوہ خندق میں ابوسفیان سردار تھے۔

س: ۶ ہجری میں قیصر روم ہرقل کو حضور نے دعوت اسلام دی۔ ہرقل نے ابوسفیان سے حضرت محمد ﷺ کے بارے میں سوال و جواب کیے۔ پوچھا تم میں سے کون پیغمبر کا زیادہ قریبی عزیز ہے۔ ابوسفیان نے اعتراف کیا۔ ہرقل نے گفتگو کی۔

۱۔ محمد کیسے انسان ہیں۔ نہایت شریف النفس ہیں۔

۲۔ کیا اس خاندان سے کسی نے کبھی پہلے نبوت کا دعویٰ کیا۔ جی نہیں۔

۳۔ ان کے ماننے والے زیادہ غریب لوگ ہیں۔ جی ہاں۔

۴۔ کیا کوئی دین قبول کرنے کے بعد دین سے پھرا۔ جی نہیں۔

۵۔ کیا اس نے کبھی کوئی جھوٹ بولا۔ جی نہیں۔

۶۔ ان سے جنگیں ہوئیں۔ کون جیتا۔ کبھی وہ لوگ کبھی ہم لوگ جیتے۔

۷۔ محمد کی تعلیمات کیا ہیں۔

وہ کہتا ہے اللہ کی عبادت کرو۔ کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ، نماز پڑھو، جنسی بے راہ روی چھوڑ دو، خیرات کرو، عزیز واقربا سے نیکی کرو، رحم اور فیاضی کا سلوک کرو۔

س: ہرقل نے ابوسفیان کی باتیں سن کر کیا کہا۔

ج: بلاشبہ وہ سچا نبی ہے۔

ایک دن میرے پاؤں کی مٹی پر بھی وہ قبضہ کر لے گا۔ اس کی صداقت کا اعتراف کرتا ہوں۔ ہوسکتا تو میں جاتا اور اس کے پاؤں دھو کر پیتا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہرقل نے قاصد دحیہ کلبی سے کیا کہا۔

میں جانتا ہوں رسول عربی اپنے دعویٰ میں سچے ہیں۔ لیکن میں اپنی جان اور حکومت کے خوف سے علی الاعلان اس دین کو اختیار نہیں کرسکتا۔

ابوسفیان نے کہا۔ ابن کبشہ کا معاملہ کہاں تک پہنچ گیا کہ گوروں کا بادشاہ بھی ان سے ڈرنے لگا۔

س: ابوسفیان کی بیٹی رملہ (ام حبیبہ) کا نکاح حضور سے کیسے ہوا۔

ج: رملہ کے میاں نے حبشہ کو ہجرت کی وہاں عیسائی ہوگیا۔ حضور ﷺ نے ام حبیبہ کو نکاح کا پیغام عمرو بن امیہ ضمری کے ذریعے بھیجا۔ نجاشی نے اپنی کنیز حبیبہ کے ذریعے اُم حبیبہ سے معلوم کیا۔ خالد بن سعید ان کے وکیل بنے۔ جعفر ابن ابی طالب نے خطبہ نکاح پڑھایا۔ نجاشی نے ۴۰۰ درہم حق مہر ادا کیا۔

س: صلح حدیبیہ کا معاہدہ کیوں ختم ہوا۔

ج: ۱۸ ماہ بعد بنوبکر نے بنی خزاعہ پر حملہ کردیا۔ یہ قبیلہ مسلمانوں کا حریف تھا۔ حرم میں پناہ لینے والوں کو بھی معاف نہیں کیا گیا۔ بنوخزاعہ نے عمرو بن سالم کی سربراہی میں مدینہ چالیس لوگوں کا وفد بھیجا۔ رسول اللہ نے قریش کو تین تجاویز پیش کیں، (۱) مقتولوں کا خون بہا دیا جائے (۲) قریش بنی بکر کی حمایت ترک کردیں۔ (۳) معاہدہ حدیبیہ کے ٹوٹنے کا اعلان کر دیا جائے۔ قریش نے معاہدہ کی کوئی پرواہ نہ کی۔

س: قریش نے ابوسفیان کو سفیر بنا کر مدینہ کیوں بھیجا۔

ج: جواب دینے کے بعد غلطی کا احساس ہوا۔ معاہدہ کی تجدید کیلئے بھیجا۔

س: ابوسفیان نے بیٹی کے گھر پیغمبر کے بستر پر بیٹھنا چاہا تو بیٹی نے کیا کہا۔

ج: آپ مشرک ہیں، نبی کے پاک بستر پر نہیں بیٹھ سکتے۔

س: تجدید معاہدہ میں ابوسفیان ناکام واپس گئے۔ کسی نے حامی نہیں بھری حضرت عمرؓ، حضرت ابوبکرؓ، حضرت عثمانؓ کسی نے مداخلت نہ کی۔ فاطمہ نے بھی معذرت چاہی۔

ج: مسجد نبوی میں بھی ابوسفیان یکطرفہ اعلان کرکے واپس مکہ چلے گئے۔

س: فتح مکہ کے وقت ابوسفیان کیسے رسول تک پہنچے اور امان حاصل کی۔

ج: ۸ ہجری میں دس ہزار لشکر کے ساتھ حضور مکہ گئے، مرالظہر ان میں پڑاؤ کیا، رات کو ابو سفیان، حکیم بن حزام معلومات حاصل کرنے کے لیے آئے۔ دور دور تک آگ دیکھ کر حیران

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہوگئے، عباس نے ابوسفیان سے کہا خیریت چاہتے ہو تو حضور سے امان طلب کرلو۔ عباس نے ابوسفیان کو اپنے خیمہ میں سلا دیا۔ صبح ابوسفیان نے اسلام قبول کیا۔ بعض کے مطابق فتح مکہ سے ایک دو دن پہلے اسلام قبول کیا۔

س: حضور نے کیا اعلان فرمایا۔ کہ ان سے باز پرس نہ ہوگی۔

ج: جو شخص ابوسفیان کے گھر پناہ لے گا۔ حکم بن جزام کے گھر بھی

س: ابوسفیان نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: حنین، میں حضور نے ابوسفیان کو ۴۰ اوقیہ سونا ۱۰۰ اونٹ عطا کیے۔ غزوہ طائف میں ایک تیر آنکھ میں لگا وہ ضائع ہوگئی۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان مجھے جنت چاہیے۔ جہاد شام میں، دوسری آنکھ بھی راہ حق میں ضائع ہوگئی۔ ۸۸ سال میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

حضرت ضرار بن ازور اسدی (سپہ سالار)

س: کس صحابی نے حضور سے پوچھا کہ حضور جانوروں کی بولیوں سے شگون لینا کیسا ہے۔ رمل کے بارے میں آپ کا کیا ارشاد ہے۔ بنو اسد کے لوگوں کے سوالات کے کیا جوابات دیئے۔

ج: جانوروں سے شگون لینا ناجائز ہے۔ رمل بلاشبہ ایک علم ہے۔ بشرطیکہ کوئی اسے جانتا ہو۔

س: ضرار بن ازور کے اسلام لانے پر حضور نے اسے پہلا کیا حکم دیا۔

ج: ضرار کو حضور نے تبلیغ کیلئے بنو ہذیل میں بھیجا تھا۔

س: بن خویلد اسدی کے ساتھ پہلا معرکہ کس صحابی کی سرکردگی میں پیش آیا۔

ج: خویلد حضرت ضرار کے قبیلے سے تھے۔ آپ نے ضررار کو اپنے قبیلے میں جہاد کیلئے بھیجا۔ اردگرد کے لوگ ضرار کے جھنڈے تلے جمع ہوگئے واردات کے مقام پر بدترین شکست دی۔ طلحہ بھاگ کر براخہ میں چلا گیا۔

س: مرتدین کے خاتمے کیلئے ضرار کی کیا خدمات تھیں۔

ج: حضرت ضرار خالد کے دستے میں شامل ہوگئے۔ طلحہ نے فزارہ اور اسد کو اپنے جھنڈے تلے جمع کرلیا۔ خالد نے شکست دی وہ شام کی طرف بھاگ گیا۔ بطاح میں منکرین زکوۃ کو شکست دی۔ پھر جنگ یمامہ ہوئی۔

نوٹ: مالک بن نویرہ حنظلہ کا رئیس تھا۔ زکوۃ نہ بھجوانے پر سجاح بنت حارث کا بھی ساتھ تھا۔ سردی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تھی خالد نے کہا اپنے قیدیوں کو گرمی پہنچاؤ۔اس کا مطلب یہ بھی بنتا ہے کہ قیدیوں کو قتل کر دو۔ضرار نے بھی یہی معنی سمجھے اور ان کو قتل کر دیا۔

س: ضرار دشمن پر ٹوٹ پڑے تو دشمن ''جن آیا جن'' آیا کہہ کر بھاگ گئے۔کون سے صحابی کی ہمشیرہ نے اپنے بھائی کے ساتھ جنگی معرکوں میں حصہ لیا۔

ج: ضرار کی بہن خولہ بنت ازور نے شامی معرکوں میں بہادری کے جوہر دکھائے۔

س: ضرار کو کس جنگ میں رومیوں نے قید کر لیا۔

ج: ضرار کو سپاہیوں کے ساتھ رومیوں کو روکنے کو بھیجا۔ضرار کے گھوڑے نے ٹھوکر کھائی،ضرار گر گئے۔رومیوں نے اسے گرفتار کر لیا۔حضرت سالم کسی طرح قید سے بھاگے۔انہوں نے سروق کو ایک ہزار سپاہیوں کے ساتھ محاصرے پر چھوڑا،خود ضرار کو چھڑانے چلے گئے۔ضرار کو چھڑانے والوں میں ایک نقاب پوش بھی تھا۔پتہ چلا کہ وہ ضرار کی ہمشیرہ خولہ بنت آزور ہے۔اس پر خالد بن ولیدؓ نے کیا کہا۔

جس قوم میں تمہاری جیسی بیٹیاں ہوں اسے دشمن کبھی مغلوب نہیں کر سکتا۔

س: ضرار کو رومیوں کی قید سے کیسے نجات ملی۔

ج: حضرت رافع بن عمیر کو سو سواروں کے ساتھ جبکہ خولہ بھی ان کے ساتھ تھی چھڑا لیا۔

س: ضرار کی بہن خولہ کس جنگ میں قیدی بنی اسے کیسے چھڑایا گیا۔

ج: خالد دمشق سے محاصرہ اٹھا کر اجنادین چلے گئے ابوعبیدہ عورتوں کے پاس رہے۔رومی سردار پیٹر نے ۱۶۰۰ فوجیوں کے ساتھ عقب سے مسلمانوں پر حملہ کر دیا کچھ مسلمان عورتوں کو قید کر لیا۔خولہ بھی ان میں تھی۔ایک جگہ پڑاؤ کیا،وہاں عورتوں نے خیموں کی چوبیں اکھاڑ کر رومیوں پر حملہ کر دیا۔حضرت ضرار نے پیٹر کو قتل کر دیا۔

س: ضرار کب کس جنگ میں شہید ہوئے۔

ج: ضرار جنگ یمامہ میں شہید ہوئے یا جنگ اجنادین میں شہید ہوئے۔

س: ۱۸ ہجری میں طاعون عمواس دہا پھیلی،۳۱ ہجری دوسری جنگ میں فوت ہوئے۔

حضرت حارثہ بن نعمان

س: سخی اور سپہ سالار صحابی کا نام کنیت بتایئے۔جنہوں نے دو مرتبہ حضرت جبرائیل کا دیدار کیا۔

ج: قبیلہ خزرج بنی نجار سے تھے۔والدہ جعدہ بنت عبید انصاریہ تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: انہوں نے جبرائیل کو کب اور کہاں دیکھا۔

ج: صورین کے مقام پر دحیہ کلبی کی صورت میں بنو قریظہ پر چڑھائی کے موقعہ پر دوسری دفعہ جنگ حنین میں نظر آئے۔ جبرائیل نے کہا کہ وہ حنین میں ۱۰۰ ثابت قدم رہنے والوں میں سے تھے جبرائیل نے کہا اگر وہ سلام کرتے تو ہم جواب ضرور دیتے۔ حضرت حارثہ نے حضرت فاطمہ کو اپنا مکان ہبہ کر دیا۔

س: حضورﷺ نے حارثہ سے کن کن کے لیے مکان خالی کروائے؟

ج: آپ نے کن امہات المومنین کیلئے اپنے مکانات خالی کروائے، حضرت صفیہ بنت حیی کا نکاح ہوا تو وہ حارثہ کے مکان میں ٹھہریں۔ ماریہ قبطیہ مصر سے آئیں۔ وہ بھی حارثہ کے مکان میں ٹھہریں۔ آپ جب بھی نکاح فرماتے تو حارثہ ان کو مکان مہیا کرتے۔ بی بی فاطمہ نے حضورﷺ سے کہا کہ حارثہ اپنا مکان ہمارے لئے خالی کرا دیں۔ حضور نے فرمایا، مجھے حارثہ سے حیا آتا ہے۔ وہ بار بار ہمارے لئے مکان خالی کر دیتے ہیں۔ حارثہ نے بدر سے تبوک تک تمام جنگوں میں حصہ لیا۔

س: بدر میں آپ نے کسے قیدی بنایا۔

ج: مشرک عثمان بن عبدشمس کو جبرین بن مطعم نے ۴۰۰ درہم دے کر آزاد کروایا۔

س: حارثہ نے کب وفات پائی۔

ج: ۵۱ ہجری میں مدینہ میں انتقال ہوا۔ ان کی بینائی ختم ہو گئی تھی۔ رسول نے ایک مرتبہ فرمایا کہ میں نے جنت میں تلاوت کی آواز سنی بتایا گیا کہ یہ حارثہ بن نعمان ہیں۔ ماں کی اطاعت ایسے ہی کرنی چاہیے۔ جیسے حارثہ بن نعمان نے کی۔

حمزہ بن عبدالمطلب (سپہ سالار، بدری، مہاجر مدینہ)

س: احد میں حضور کے ایک چچا کی لاش کی بے حرمتی کی گئی ان کا نام کیا تھا۔

ج: حمزہ بن عبدالمطلب

س: حمزہ کی والدہ ہالہ بنت وہیب حضور کی چچازاد تھی، حضور حمزہ کے دودھ شریک بھائی بھی تھے۔ ابولہب کی لونڈی ثوبیہ نے ان دونوں کو دودھ پلایا تھا۔

س: حضور سے حمزہ کتنے بڑے تھے۔

ج: دو سال

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت حمزہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: حمزہ نے بعثت سے چھ سال بعد اسلام قبول کیا۔

س: حضرت حمزہ نے کتنے غزوات میں حصہ لیا۔

ج: غزوہ ددان اور غزوہ ابوا میں بھی شرکت کی۔غزوہ احد میں حضرت حمزہ کے ہاتھوں سردار مشرکین شیبہ قتل ہوئے۔ بدر میں حمزہ نے دستار پر شتر مرغ کی قلغی لگائی ہوئی تھی۔غزوہ بنی قینقاع میں بھی فوج کے علمبردار تھے۔

س: کیا غزوہ احد میں حمزہ نے ان کی سرداری کی جن میں سے کسی نے بھی زرہ نہیں پہنی ہوئی تھی۔

ج: جی ہاں۔

س: حمزہ کو کس بدبخت نے شہید کیا۔

ج: جبرین بن مطعم کے غلام وحشی نے آپ کو شہید کیا۔

س: جبرین بن مطعم نے بدر میں اپنے کس چچا کے قتل کا بدلہ لینے کیلئے وحشی کو حمزہ کے قتل پر مقرر کیا تھا۔

ج: قمیہ بن عدی

حمزہ کی شہادت پر حضور بہت روئے اور ان کے لئے دعا مغفرت کی۔حمزہ کی بہن صفیہ کیلئے بھی یہ ایک بڑا صدمہ تھا۔

س: حضور نے احد میں کس کی شہادت پر امین سید الشہدا کا لقب دیا۔

ج: حضرت امیر حمزہ

س: حمزہ کی نماز جنازہ کس نے پڑھی اور کتنی مرتبہ۔

ج: حضور ﷺ نے نماز جنازہ پڑھائی اور ایک مرتبہ جنازہ پڑھا گیا۔

حمزہ کے کفن کی دو چادریں چھوٹی تھیں۔

۷۰ شہداء کے ساتھ ان کا جنازہ پڑھا گیا۔یعنی جنازہ ایک مرتبہ پڑھایا گیا۔

س: تم اپنا چہرہ مجھ سے چھپائے رکھو اور میرے سامنے نہ آیا کرو۔یہ الفاظ حضور نے کس کیلئے کہے۔

ج: وحشی بن حرب

س: حمزہ کی بیٹی امامہ کس بیوی سے پیدا ہوئیں۔

ج: سلمہ بنت عمیس

س: کس کے کہنے پر حضرت حمزہ نے اپنی نظریں اوپر کیں، جبرائیل کی جھلک دیکھی اور بے ہوش

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہو گئے۔

ج: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کہنے پر

حاطب بن بلتعہ

(یمنی شاعر، بدری صحابہ، سفیر رسول)

س: والئ مصر کو مکتوب نبوی کون صحابی لے کر گئے۔

ج: حاطب بن ابی بلتعہ۔

س: حاطب کی کنیت کیا تھی۔

ج: ابوعبداللہ ابو محمد، ان کا کس خاندان سے تعلق تھا۔

س: بنو لخم بن عدی سے تعلق تھا۔ یہ قسطلانی النسل تھے۔

س: کیا حاطب جاہلیت کے زمانے کے مشہور شاہسوار تھے؟

ج: جی ہاں

س: حاطب نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: حاطب نے حضرت زبیر بن العوام کے ساتھ اسلام قبول کیا۔ ۲۱ برس کی عمر میں مسلمان ہوئے۔

س: آپ نے کب ہجرت مدینہ کی اور کس کے ہاں ٹھہرے۔

ج: حضور کی ہجرت سے چند دن پہلے، مندر بن محمد انصاری کے ہاں ٹھہرے۔ مواخات میں عویم بن ساعدہ کے دینی بھائی بنے۔

س: حاطب نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: بدر کے بعد، احد، احزاب فتح مکہ حنین طائف اور تبوک کی جنگوں میں حصہ لیا۔

۶ ہجری میں صلح حدیبیہ میں بھی شامل تھے۔ بیت رضوان میں بھی شرکت کی۔ (حاطب جو خط مقوقس کے پاس لے کر گئے اس کا کیا نتیجہ نکلا۔ مقوقس نے تحائف بھیجے۔ ماریہ اور سرین دو کنیزیں بھی بھیجیں۔ کنیزیں کن کن کے حصہ آئیں۔)

(ماریہ سے حضور نے خود نکاح کیا سیرین حضرت حسان بن ثابت کو دے دی گئی۔ جن سے عبدالرحمٰن بن حسان پیدا ہوئے، ماریہ سے ابراہیم پیدا ہوئے۔)

س: حاطب نے مکہ والوں کو جنگ کی تیاریوں اور مکہ پر حملے کے بارے میں بتایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: یہ خط ایک سیاہ فام عورت کے سپرد کیا۔ خط مکہ میں عکرمہ بن ابی جہل کو پہنچانے کو کہا گیا۔ حضرت علی، زید بن العوام اور مقداد بن اسود نے اس عورت کا تعاقب کیا اور خط حاصل کر لیا۔ حاطب کے سچ بولنے پر حضور نے اسے بدری ہونے پر معاف کر دیا۔

س: **حضور کی وفات کے بعد ان کو کہاں کا سفیر بنایا گیا۔**

ج: حضرت ابوبکر نے انہیں مقوقس کے پاس بھیجا، ایک دوستانہ معاہدہ طے پایا، کافی عرصہ معاہدہ چلتا رہا۔ حضرت عمر کے زمانہ میں ان پر حملہ کیا گیا۔

س: **حاطب نے کہاں وفات پائی۔**

ج: مدینہ میں حضرت عثمان کے زمانہ میں، ۳۰ ہجری ۶۰ سال کی عمر میں وفات پائی۔ حضرت عثمان نے نماز جنازہ پڑھائی۔

حضرت خالد بن ولید (سپہ سالار)

س: **مکہ والوں نے اپنے جگر گوشے آپ کی طرف پھینک دیئے، حضور نے یہ الفاظ کب کہے۔**

ج: خالد بن ولید اور عمرو بن العاص کے بارے میں جب یہ دونوں جرنیل اسلام لانے کیلئے مدینہ پہنچے۔

س: **خالد کی کنیت کیا تھی۔** www.KitaboSunnat.com

ج: ابوسلمان، ابوولید

س: **خالد بن ولید کا تعلق کس خاندان سے تھا۔**

ج: بنی مخزوم سے، والد ولید بن مغیرہ والدہ لبانہ بنت حارث بن حزن تھی۔ خالد ہجرت نبوی سے ۴۰ سال پہلے بعثت سے کوئی 27 سال پہلے پیدا ہوئے۔ ان کے بھائی ولید بن ولید بہت پہلے اسلام لا چکے تھے۔ خالد ۸ ہجری میں مدینہ میں جا کر اسلام لائے۔ خالد بن ولید بدر احد اور خندق میں مشرکین کی طرف سے لڑے۔ صلح حدیبیہ میں بھی دو سو سوار لے کر مسلمانوں کا راستہ روکنے آئے۔ عمرۃ القضا کے وقت خالد شہر چھوڑ گئے تھے۔ تاکہ مسلمانوں کی آمد کا منظر نہ دیکھ سکیں۔

س: **اسلام لانے کے بعد خالد نے کس پہلی جنگ میں حصہ لیا۔**

ج: جنگ موتہ میں ایک سپاہی کی حیثیت سے لڑے۔ تینوں جرنیلوں نے زید بن حارثہ، جعفر بن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابی طالب، عبداللہ بن رواحہ کے بعد مسلمانوں نے خالد بن ولید کو اپنا سپہ سالار بنایا۔

س: **خالد کو سیف اللہ کا لقب کب ملا۔**

ج: جنگ موتہ میں خالد کی نو تلواریں ٹوٹیں اے اللہ خالد تیری تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔اس کی مدد فرما۔

س: **غزوۂ فتح مکہ میں خالد کو میمنہ کا افسر مقرر فرمایا ان کا مقابلہ کس سے ہوا۔**

ج: عکرمہ بن ابی جہل، صفوان بن امیہ کے ساتھ اس جھڑپ میں ۲۸ مشرک ہلاک ہوئے۔کرز بن جابر فہری اور جیش اور الحشر کو اکیلے پا کر شہید کیا گیا۔

س: **فتح مکہ کے بعد خالد بن ولید نے قریش کا کون سا بت توڑا۔**

ج: وادی نخلہ میں قریش کا بڑا بت عزیٰ توڑا۔

س: **حضور نے خالد کو بنو کنانہ کی ایک شاخ کی طرف تبلیغ کیلئے بھیجا۔وہاں لوگوں کا تلفظ ٹھیک نہ تھا۔خالد نے سمجھا یہ بہانہ بنا رہے ہیں۔ان کو قتل کر دیا۔حضور کو پتہ چلا، بہت افسوس ہوا ان کی دیت کیلئے حضرت علی کو بھیجا گیا۔**

ج: فتح مکہ کے بعد خالد نے کن کن جنگوں میں حصہ لیا۔۳ ہزار فوج کے ساتھ تبوک گئے۔صدیقی دور میں خالد نے مرتدین کے خلاف کس طرح حصہ لیا۔طلحہ بن خویلد اور مالک بن نویرہ کی سرکوبی کیلئے بھیجا۔خالد نے براخہ کے مقام پر طلحہ کے لشکر کو شکست دی۔طلحہ نے بنو کلب میں پناہ لی اور دوبارہ اسلام قبول کیا۔

ام زحل سلمٰی بنت مالک کے پاس پناہ لی اور بڑا لشکر تیار کیا۔خالد نے بطاح پہنچ کر مالک بن نویرہ کو گرفتار کیا اور قتل ہوا۔حضرت ابو بکر نے اس کی دیت دی۔یمامہ میں خونریز جنگ ہوئی، مسلیمہ کذاب کو شکست دی۔اس طرح مرتدین اور منکرین زکوٰۃ سے نجات پائی۔

س: **ایران اور مسلمانوں میں پہلا معرکہ کہاں ہوا۔**

ج: ابلہ کے مقام پر ایرانی سپہ سالار ہرمز تھا۔جنگ کا نام ذات السلاسل۔

س: **جنگ کو کیوں جنگ سلاسل کہتے ہیں۔**

ج: اپنے آپ کو زنجیروں سے باندھ رکھا تھا، تا کہ جنگ سے بھاگ نہ سکیں۔اس جنگ میں تین ہزار ایرانی مارے گئے ایک سوار کو تین تین ہزار درہم مال غنیمت ملا۔معرکہ میں ستر ہزار عیسائی کام آئے۔حیرہ کے قریب دریائے فرات کے کنارے جنگ ہوئی۔لوگ قلعہ بند ہو گئے، ۱۲ ہجری میں چند شرائط پر صلح ہوئی۔یوں بارو کا مسلمانوں کے قبضہ میں آ گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: خالد کو کب اور کیوں معزول کیا گیا۔
ج: ۱۳ ہجری میں عمر فاروق نے ان کی جگہ پر ابو عبیدہ بن جراح کو سپہ سالار مقرر کیا خالد نے ایک شاعر اشعث بن قیس کو دس ہزار انعام دیئے۔
یہ اسراف تھا، حضرت عمر نے خالد کو معزول کر دیا۔
۴۲ ہجری میں خالد نے ۶۰ سال عمر میں حمص میں وفات پائی۔
س: کس صحابی نے حضور کے موئے مبارک اپنی ٹوپی میں سنبھال لئے تھے۔
ج: خالد بن ولید نے

زید بن حارثہ

(سابقون الاولون سپہ سالار)

س: کس صحابی کو فرزند رسول کہا جاتا تھا۔
ج: زید بن حارثہ کو، حضور نے زید کے بارے میں کیا کہا تھا کہ میں زید کا وارث ہوں، زید میرا وارث ہے۔
س: زید کا حسب نسب بتایئے۔
ج: قبیلے بنو قضاعہ سے تھے، حارثہ بن شرجیل کے بیٹے تھے۔
س: والد اور والدہ کا نام بتایئے۔
ج: سعد بنت ثعلبہ تھیں۔ والد حارث بن شرجیل
س: زید کب اغواء ہوئے۔
ج: آٹھ سال کی عمر میں۔
س: زید کا تعلق کس قبیلے سے تھا۔
ج: بنو قضاء سے
س: زید مکہ کیسے پہنچے۔
ج: زید کی والدہ بیٹے کے ساتھ اپنی والدہ کے گھر جا رہی تھیں۔ راستہ میں بنی قیس بن جبیر کے لوگوں نے چھاپہ مارا۔ مال واسباب اور زید کو اغواء کر لیا۔ زید کو عکاظ کے بازار میں بیچا گیا۔ حضرت خدیجہ کے بھتیجے حکیم بن حزام نے ان کو خرید کر اپنی پھوپھی کے سپرد کر دیا۔ جب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت خدیجہ کی رسول اللہ سے شادی ہوئی تو زید کو پیغمبر کی خدمت میں دے دیا گیا اس وقت زید کی عمر ۱۵ برس تھی۔

س: زید کے والد کو اس کی اطلاع کیسے ملی۔

ج: بنوکلب کے کچھ لوگ حج کیلئے مکہ آئے، بنوکلب کے لوگوں نے طواف کرتے زید کو دیکھا، ان لوگوں نے (حاجیوں نے) زید کے والدین کو بتایا۔ اس طرح زید کے والد اور چچا کعب بیٹے جبلہ کے ساتھ مکہ پہنچے۔ مکہ آکر حضور سے ملے۔ اے حرم کے متولی غریبوں کے والی، میرے لخت جگر کو مجھے ملا دو۔ اس کی آزادی کیلئے میں اپنا سارا مال دینے کو تیار ہوں۔

س: حضور نے زید کے والد کو کیا جواب دیا۔

ج: آپ نے فرمایا جو زید پسند کرے وہی مجھے منظور ہے۔ زید جانا چاہے تو فدیہ دینے کی بھی کوئی ضرورت نہیں۔ میں اسے تمہارے سپرد کر دوں گا۔ اگر وہ میرے پاس رہنا چاہے تو ایسے نہیں کہ میں زبردستی اپنے سے اسے دور کر دوں۔ زید نے والد اور چچا کو پہچان لیا اور ان کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا اور کہا یا رسول اللہ مجھے اپنے قدموں سے جدا نہ کیجئے۔

س: زید کا انکار سن کر پیغمبر خدا نے کیا فرمایا۔

ج: زید کو آزاد کر دیا۔ اسے لے کر خانہ کعبہ گئے اور اعلان کیا لوگوں گواہ رہنا ''زید آج سے میرا فرزند ہے۔ میں اس کا وارث ہوں وہ میرا وارث ہے'' زید کو بیٹا بنایا تو وہ زید بن محمد بن گیا۔ اس کے ممانعت کے احکام نازل ہوئے تو پھر زید بن محمد سے زید بن حارثہ بن گئے۔ لیکن لوگ اسے محبوب رسول کہتے رہے۔

س: زید نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: حضرت خدیجہ، حضرت ابوبکر، حضرت علی اور آزاد کردہ غلام منہ بولا بیٹا زید بن حارثہ بھی ایمان لے آئے۔ اس طرح زید سابقون الا اولون تھے۔

س: نبوت کے دسویں سال حضور زید کو ساتھ لے کر کن قبائل میں تبلیغ کیلئے گئے۔

ج: قبیلہ بنوبکر، قبیلہ غطفان پھر طائف گئے سب نے اسلام قبول کرنے سے انکار کیا۔

س: طائف والوں نے حضور سے کیا برتاؤ کیا۔

ج: طائف کے تینوں سردار جو حضور ﷺ سے سخت بداخلاقی سے پیش آئے۔ (پہلے زید نے ام ایمن سے نکاح کیا، حضور نے کیا فرمایا۔ جو شخص جنتی عورت سے نکاح کرنا چاہے وہ ام ایمن سے شادی کر لے۔ زید نے حضور کی خوشنودی کیلئے ام ایمن سے نکاح کر لیا۔ حضور ان کو اپنی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ماں پکارتے تھے، زیادہ عمر کی تھی رنگت میں کالی تھی۔)

س: زید مدینہ میں ہجرت کے دور میں کس کے ہاں ٹھہرے۔

ج: کلثوم بن الہدم

س: زید کے اسلامی بھائی کون ہے۔

ج: اسلامی بھائی اسید بن حضیر بنے۔

س: حضورﷺ نے کن دو موقعوں پر زید کو مکہ بھیجا۔

ج: فاطمہ ام کلثوم ام المومنین سودہ اور حضرت ایمن کو لے کر مدینہ آئے۔ دوسری مرتبہ حضرت زینب کو لینے مکہ گئے۔

س: زید نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: بدر، احد، خندق، صلح حدیبیا اصحاب الشجرہ کہلائے۔

س: حضور نے زید کو کب اپنا نائب بنایا۔

ج: غزدہ مریسع کے وقت

س: بدر کی فتح کی خوشخبری مدینہ کون لایا۔

ج: حضرت زید

س: کس صحابی کو فرزند رسول کہتے ہیں؟

ج: زید بن حارثہ

س: کن جنگوں میں زید کو امیر لشکر بنایا گیا۔

ج: نو/لڑائیوں میں سپہ سالار بنے۔

س: زید کی دوسری شادی کن صحابیہ سے ہوئی۔

ج: حضور کی پھوپھی زاد بہن زینب سے، نباہ نہ ہوسکا اور طلاق ہوئی۔

سابقون الاولون۔ ہجرت حبشہ، ہجرت مدینہ، کاتب رسول ﷺ

س: آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو سعید۔

س: آپ کا تعلق کس خاندان سے تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: قریش کے خاندان سے تھا۔

س: اِن کے دادا کو ذوالتاج کا لقب کیوں دیا گیا؟

ج: سعید بن عاص جس رنگ کا عمامہ پہنتے تھے کوئی دوسرا نہیں پہنتا تھا۔

س: آپ نے ابتدائی دور میں اسلام قبول کیا۔ مشرکین سے تنگ آ کر کہاں ہجرت کی؟

ج: ہجرت حبشہ ئے نبوی میں غزوہ خیبر کے وقت مدینہ چلے گئے تھے۔

س: ام حبیبہ نے حضور ﷺ سے نکاح کیا تو کون سے صحابی وکیل بنے؟

ج: خالد بن سعید اموی۔

س: خالد بن سعید اموی نے فتح مکہ، حنین، تبوک، طائف میں شرکت کی۔ خلفائے راشدین کے زمانے میں کن کن معرکوں میں حصہ لیا؟

ج: فاروقی دور میں مرتدین کے خلاف ایران اور شام کی مہمات میں شامل ہوئے۔

س: ۹ ہجری میں بنو ثقیف کے معاہدہ کی کتابت کی؟

ج: برج صفر کے مقام پر رومیوں کے حملے میں شہید ہوئے۔

س: کِس صحابی نے اپنی انگوٹھی پر محمد ﷺ لکھوایا ہوا تھا۔

ج: خالد بن سعید اموی نے۔ حضور ﷺ نے اُن سے انگوٹھی واپس لے لی تھی۔

خباب بن ارات

سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: حضرت خباب بن ارات کا شجرہ نسب بتایئے؟

ج: وہ تمیم میں سے تھے۔ کنیت ابو عبداللہ تھی۔

س: زمانہ جاہلیت میں خباب غلام بنا کر فروخت کیے گئے تو اِن کو کس نے خریدا؟

ج: عتبہ بن غزوان نے خریدا۔

س: حضرت خباب کا پیشہ کیا تھا؟

ج: آہن گری۔

س: اِن کو سادی الاسلام کیوں کہتے ہیں؟

ج: ابتدائی دور میں اسلام قبول کیا یہ چھٹے مسلمان تھے۔ اس لئے اِن کو سادی الاسلام کہتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: اسلام کی وجہ سے خباب پر کیا کیا ظلم ڈھائے گئے تھے؟

ج: کپڑے اُتار کر ان کو دہکتے انگاروں پر لٹایا جاتا تھا، اِن کی مالکہ ام نہار ان کو لوہے کی زرہ پہنا کر دھوپ میں لٹاتی۔

س: رسول اللہ ﷺ نے خباب کو صبر کی تلقین کس طرح کی؟

ج: کہ تم سے پہلے زمانے میں لوگ لوہے کی کنگھیوں سے ان کا گوشت نوچا کرتے تھے۔ ان کے سروں پر آرے چلائے گئے اور اللہ نے ان کو دین کے بدلے خرید لیا۔

س: حضرت خباب نے اِس ظلم کی داستان پر صبر کیا۔ حضور ﷺ سے دُعا کی استدعا کی۔

ج: حضور ﷺ نے دُعا کی اللہ خباب کی مدد کر۔

س: مشرکین کے ہاتھوں خباب کو کس طرح کا مالی نقصان اُٹھانا پڑا۔

ج: عاص بن وائل نے ان سے قرضہ لیا تھا وہ واپسی کے مطالبہ پر کہتا کہ جب تک تم محمد ﷺ دین کو ترک نہیں کرو گے۔ ایک کوڑی بھی تمہیں ادا نہ کروں گا۔

س: خباب اس کا کیا جواب دیتے؟

ج: جب تک تم دوبارہ زندہ ہو کر اس دُنیا میں نہ آؤ گے۔ میں محمد ﷺ کا دامن نہ چھوڑوں گا۔

س: ہجرت پر خباب کا دینی بھائی کون بنا؟

ج: حضرت خراش بن صمہ۔

س: کیا حضرت عمر کی بہن فاطمہ بنت خطاب کو قرآن پڑھایا کرتے تھے؟

ج: جب عمر نے سورۃ طٰہٰ کی چند آیات سنیں تو عمر کا دل پگل گیا۔ کہا مجھے محمد ﷺ کی خدمت میں لے چلو۔ چھپے ہوئے خباب باہر نکل آئے۔ خباب نے بتایا کہ پیغمبر ﷺ نے پنج شنبہ کو دُعا کی تھی کہ اے الٰہی حضرت عمر بن خطاب اور ابوجہل میں سے جو تجھے پسند ہو اِسے اسلام کی قوت عطا فرما۔ دُعا تمہارے حق میں قبول ہوئی۔

حضرت صہیب رومی

س: صہیب رومی غریب تھے۔ آپ کیسے امیر بنے؟

ج: بدیل بن جدعان نے صہیب کو بنو کلب سے خرید لیا۔ اُنہوں نے اپنی محنت سے روپیہ کمایا۔

س: صہیب نے کب اور کہاں اسلام قبول کیا؟

ج: صہیب اور عمار بن یاسر نے ایک ہی دن اسلام قبول کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: صہیب کو مدینہ آنے سے پہلے مال و دولت سے ہاتھ کیوں دھونے پڑے؟

ج: قریش نے کہا۔ جب تم آئے تھے۔ مفلس تھے۔ اب امیر یہ دولت ہمیں دے دو جدھر چاہو چلے جاؤ۔

س: حضرت صہیب کو دیکھ کر حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: صہیب نے تجارت میں خوب نفع کمایا۔

س: صہیب کو مواخات میں کس کا بھائی بنایا گیا؟

ج: ابوسعید بن حارث

س: کیا حضرت عمر کی نماز جنازہ صہیب رومی نے پڑھائی۔

ج: جی ہاں صہیب نے 1 ستر سال کی عمر میں مدینہ میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

س: خباب نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: کوفہ میں ۳۷ ہجری میں پیٹ کے درد سے وفات پائی۔

حضرت ذوالجنادین

اصحاب صفہ۔ ہجرت مدینہ

س: ذوالجنادین نے اسلام قبول کیا۔ چچا کے ڈر سے اسلام ظاہر نہ کیا۔

ج: ہجرت مدینہ پہنچنے پر اسلام کا اعلان کیا۔ چچا نے اس کی جائیداد ضبط کر لی۔

س: ذوالجنادین کا اصل نام عبدالعزیٰ تھا۔ حضور ﷺ نے ان کا کونسا نام رکھا؟

ج: نام عبداللہ اور لقب ذوالجنادین یعنی (دو چادروں والا)

س: یہ اصحاب صفہ میں شریک ہوئے۔ آپ کی شہادت کب ہوئی؟

ج: غزوہ تبوک سے پہلے شدید پیٹ درد سے وفات پائی۔

س: حضرت ابوبکر اور حضرت عمرؓ نے ان کی قبر کھودی۔ دفنانے کے بعد حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: یا اللہ میں اس سے راضی ہوں۔ تو بھی اس سے راضی ہو جا۔

س: حضرت صہیب رومی (بدری صحابی) تمہاری آنکھ آتی ہے۔ تم کھجوریں کھا رہے ہو۔ یہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضورﷺ نے کس لیے کہا تھا؟

ج: حضرت صہیب رومی کے لئے ، رومی نے کہا تھا کہ حضورﷺ میں دوسری آنکھ کی طرف سے کھا رہا ہوں۔ اِس پر حضور بہت ہنسے۔

س: صہیب کے والد اور والدہ کا نام بتایئے؟

ج: والد سنان بن مالک اور والدہ سلمیٰ۔

س: صہیب رومی مکہ کیسے پہنچے؟

ج: رومیوں نے آپ پر حملہ کر دیا۔ صہیب کو ساتھ لے گئے۔ بنو کلب کے تاجروں نے اسے خرید کر مکہ لے گئے۔

عمیر بن وہب

مہاجر صحابی، سپہ سالار

س: کون شخص پیغمبر رسولﷺ کو قتل کرنے کے ارادے سے مدینہ آیا۔ لیکن مسلمان ہو گیا؟

ج: عمیر بن وہبؓ۔ اِن کے بیٹے وہب کو بغیر فدیہ چھوڑ دیا گیا۔

س: عمیر بن وہب کا کس خاندان سے تعلق تھا۔

ج: قریش کی شاخ بنو جمح سے تھے۔ ان کے والد کے پاس تیروں کا پانسہ ڈالنے کا عہدہ تھا۔

س: عمیر بہادر، دلیر تھے۔ جبکہ اِن کی کوششوں سے بہتوں نے اِسلام قبول کیا۔ اُنہوں نے مدینہ کب ہجرت کی؟

ج: والد فوت ہوئے، اُن کے ورثہ سے دس ہزار درہم ملے۔ جس سے اُنہوں نے قرض اتار دیا۔ چند ماہ بعد مدینہ چلے گئے۔

س: عمیر نے کن غزوات میں حصہ لیا اور کن اہم موقعوں پر حضورﷺ کا ساتھ دیا۔

ج: احد سے غزوہ احزاب تک فتح مکہ، غزوہ تبوک، حجۃ الوداع تک رسولﷺ کے ساتھ رہے۔

س: عمیر نے فاروقی دور میں وفات پائی۔ فتح مکہ کے وقت اِن کی سفارش پر حضورﷺ نے کس مشرک کو معاف کر دیا تھا۔

ج: واجب القتل حضرت عمیر کا چچا زاد بھائی صفوان تھے وہ جدہ بھاگ گئے۔ جدہ سے واپس لانے کے لئے حضورﷺ نے اپنی چادر اور عمامہ دے کر روانہ کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت عتبہ بن اسید

س: ابو بصیر کو حضور ﷺ کی خدمت میں پہنچنے کا کیسے موقع ملا؟

ج: قید سے بھاگ کر حضور ﷺ کے پاس پہنچ گئے۔

س: حضور ﷺ نے ابو بصیر کو واپس کیوں لوٹا دیا؟

ج: صلح حدیبیہ کی ایک شرط کے مطابق واپس کر دیا گیا۔

س: پیغمبر نے بصیر سے کیا فرمایا تھا؟

ج: حدیبیہ کی شرط کی وجہ سے ہم آپ کو کیسے رکھ سکتے ہیں۔ عنقریب اللہ کوئی ایسا راستہ نکال دیں گے، رہائی کی کوئی نہ کوئی صورت نکل آئے گی۔

س: عتبہ نے کہا آپ ہمیں دوبارہ کن ظالموں کے سپرد کر رہے ہیں۔ وہ مجھے حق سے ہٹا دیں گے۔

ج: حضور ﷺ نے فرمایا۔ اللہ ضرور کوئی راستہ نکال دیں گے۔ ذوالحلیفہ پہنچ کر دونوں مشرکوں نے کھجوریں کھانی شروع کر دیں۔ ابو بصیر نے ان کی تلوار کی تعریف کی اور دیکھنا چاہا۔ تلوار ہاتھ لگتے ہی اسد نے ایک کو قتل کر دیا اور دوسرا بھاگ گیا۔

س: عتبہ نے حضور ﷺ سے کیا عرض کیا؟

ج: رسول خدا! آپ نے شرط کے مطابق مجھے واپس کر دیا۔ اللہ نے مجھے ہمت دی میں آزاد ہو گیا۔

س: ابو بصیر نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: ابو بصیر بسترِ مرگ پر تھے، نامہ مبارک پڑھنے لگے۔ دار فانی سے یوں رخصت ہو گئے۔ ابو جندل نے نماز جنازہ ادا کی۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر

(مہاجر، مدینہ)

س: عبدالرحمٰن کا اصل نام اور حسب نسب بتائیے؟

ج: نام عبدالکعبہ۔ حضور ﷺ نے بدل کر عبدالرحمٰن رکھا۔ والدہ کا نام ام رومان تھا۔ حضرت عائشہ ام المومنین، آپ کی حقیقی بہن تھیں۔ حضرت ابوبکر کے بڑے بیٹے تھے۔

س: عبدالرحمٰن بدر میں مسلمانوں کے خلاف لڑے۔ کب اسلام لائے اور کن غزوات میں حصہ لیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: صلح حدیبیہ کے وقت اسلام قبول کیا۔ حضرت ابوبکر کے پاس مدینہ آ گئے۔ تمام غزوات میں حصہ لیا۔ فتح مکہ، حنین اور طائف خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

س: جنگ جمل میں عبدالرحمن نے کس کا ساتھ دیا؟

ج: اپنی ہمشیرہ حضرت عائشہؓ کا۔

س: عبدالرحمن بن ابی بکر نے کب وفات پائی؟

ج: مدینہ میں حبشی نامی پہاڑی پر رہائش پذیر ہوئے دو بیٹے اور دو بیٹیاں پیچھے چھوڑیں۔

عبداللہ بن سراقہ

بدری صحابی۔ مہاجرِ مدینہ

س: عبداللہ بن سراقہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: بدر سے پہلے ہجرت کر کے مدینہ آئے۔ رفاعہ بن عبدالمنذر کے مہمان ہوئے۔

س: عبداللہ بن سراقہ کا حسب نسب بتایئے؟

ج: قبیلہ بنو عدی سے تھے۔ والد کا نام سراقہ بن معمر، والدہ کا نام آمنہ بنت عبداللہ۔

س: کیا عبداللہ بن سراقہ بدر میں شریک تھے۔

ج: بدر میں حصہ لیا۔ بعض مفسرین نے اس کی تردید کی۔

س: عبداللہ بن سراقہ نے کب وفات پائی؟

ج: حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں وفات پائی۔

عمار بن یاسر

سابقون الاولون بدری صحابی

س: حضور ﷺ نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا: "خوش آمدید و مصفا انسان۔"؟

ج: یاسر نے حضور ﷺ سے ملاقات کی اجازت چاہی۔ عمار کے والد یاسر اور والدہ سمیہ بھی صحابیہ تھیں۔

س: عمار قحطانی النسل تھے۔ یمن کے رہنے والے تھے۔ آپ کیسے مکہ پہنچے؟

ج: اپنے دیوانے بھائی کی تلاش میں والد اور دو بھائیوں کے ہمراہ آئے۔ یاسر ابوحذیفہ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حلیف بن گئے۔ حذیفہ نے اپنی لونڈی سمیہ کی شادی ان سے کر دی۔ دو بیٹے عبداللہ اور یاسر پیدا ہوئے۔

س: عمار نے تعمیرِ مسجد نبوی میں کیا کردار ادا کیا؟

ج: آپ اینٹ گارا لاتے رہے۔ عمار جسم کی مٹی صاف کرنے لگے تو حضورﷺ نے فرمایا عمار تمہیں ایک باغی جماعت شہید کرے گی۔ ایک دن فرمایا ابن سمیہ تمہیں ایک باغی گروپ شہید کرے گا۔

س: خلافتِ راشدہ میں آپ نے کیا کیا خدمات انجام دیں۔

ج: ۲۰ ہجری میں عمر فاروق نے آپ کو کوفہ کا گورنر بنایا۔ آپ پونے دو سال گورنر رہے۔ ۳۶ ہجری میں جنگ جمل میں حضرت علی کی طرف سے لڑے، جنگ صفین میں بھی حضرت علی کی طرف سے حصہ لیا۔

س: یاسر کب شہید ہوئے؟

ج: جنگ صفین میں حضرت علی کی طرف سے حصہ لے رہے تھے؟ ۹۰ سال کی عمر میں شہید ہوئے۔ حضرت علی نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ کوفہ میں دفن ہوئے۔

س: عمار بن یاسر سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔

ج: ۶۲ حدیثوں کے راوی ہیں حدیث کے طبقہ چہارم میں تھے۔

س: عمار نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ابتدائی تین برسوں میں اسلام قبول کیا۔ ان سے پہلے سات لوگ ایمان لائے۔ عمار اور صہیب اکٹھے مسلمان ہوئے۔ حضورﷺ اس وقت دارارقم میں تھے۔

س: عمار کے والدین سے کفار نے کیا سلوک کیا۔

ج: دونوں کو تشدد کر کے مار ڈالا

س: کیا عمار بن یاسر نے حبشہ اور مدینہ کی ہجرت کی۔ ۶ نبوی میں ہجرت حبشہ کی، دوسری ہجرت میں چھ لوگ شامل تھے۔ مدینہ کی ہجرت میں بھی تھے۔ مدینہ میں مبشر بن عبدالمنذر کے مہمان رہے۔

ج: جی ہاں

~~س: عمار ایک دفعہ~~ کفار کے تشدد سے حواس کھو بیٹھے۔ کفار نے ان سے حضورﷺ کے بارے میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نازیبا الفاظ کہلوائے۔ عمار نے حضور ﷺ سے شکایت کی تو حضور ﷺ نے فرمایا۔

ج: آئندہ بھی اگر اس قسم کا مطالبہ کریں" تو جان بچانے کے لئے ایسا کرنا۔

مرثد بن ابی مرثد

سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: بدر میں حضرت مرثد صبل نامی گھوڑی پر سوار حضور ﷺ کے پہلو بہ پہلو رہے۔ آپ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: ۳ ہجری میں احد میں بہادری کے جوہر دکھائے

س: مرثد نے کب شہادت پائی۔

ج: ۴ ہجری میں بنو قارہ کی تعلیم کے لئے چھ لوگوں کو بھیجا گیا۔ رجیع کے مقام پر بنو قارہ نے غداری سے ۲۰ تیر اندازوں سے حملہ کرادیا۔ مرثد شہید ہوئے اور بعض کو قیدی بنالیا گیا۔

س: آپ تیغ زنی، شہ سواری میں ماہر تھے۔ ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: والد کا نام کناز تھا۔ کنیت ابی مرثد

س: آپ نے کب اور کہاں ہجرت کی؟

ج: حضور ﷺ نے صامت انصاری کو حضرت مرثد کا دینی بھائی بنایا۔

مسطح بن اثاثہ (بدری)

مہاجر۔ مدینہ۔ سابقون الاولون

س: آپ کا نسب بتایئے؟

ج: قریش کی شاخ بنی مطلب سے تھے۔ اصل نام عوف بن اثاثہ تھا۔ عبد مناف پر شجرہ نسب حضور ﷺ سے جا ملتا ہے۔

س: والدہ کا کیا نام ہے؟

ج: سلمی بنت ابو رہم تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: مسطح نے کب ہجرت مدینہ کی؟
ج: ۱۳ نبوی میں۔
س: کن غزوات میں حصہ لیا۔
ج: بدر کے بعد بنی مصطلق کا ذکر ہے۔
س: مسطح کا نام اور نسب بتائیے؟
ج: قبیلہ بنی مصطلق سے تعلق تھا۔ اصل نام عوف بن اثاثہ تھا۔ واقعہ اُفک کے حوالے سے سزا پانے والوں میں مسطح بن اثاثہ بھی اِن میں شامل تھا۔ جب عائشہ پر بہتان (تہمت) لگا تو مسطح بن اثاثہ بھی اُن میں تھے۔ سورۃ نور کی 8/12 آیات میں اللہ نے حضرت عائشہ کی پاکدامنی ثابت کی۔ آیت 13/21 تک تہمت لگانے والوں پر حد لازم ہوئی۔
س: مسطح کی کفالت کون سے صحابی کرتے تھے؟
ج: حضرت ابوبکرؓ۔
س: حضرت ابوبکر نے قسم کھائی کہ میں ان کی کفالت روک لوں گا
ج: اس پر سورۃ نور کی ۲۲ آیت نازل ہوئی تو ابوبکر نے اپنی قسم توڑ دی۔
س: مسطح نے کب وفات پائی؟
ج: عثمان غنی کے دور میں 34/37 ہجری میں وفات پائی۔ اس میں اختلاف ہے۔ جنگ صفین میں حضرت علی کیطرف سے لڑے۔ ۶۵ سال کی میں وفات پائی۔

مقداد بن عمرو

بدری۔ مہاجر حبشہ و مدینہ۔ حافظ قرآن

س: حضری کہلانے والے صحابی کا نام و نسب بتائیے؟
ج: کنیت اسود سے مشہور تھے۔ یہ الحضری کے نام سے بھی مشہور تھے۔ آپ نے کندی خاندان کی خاتون سے شادی کی۔
س: مقداد کب اسلام لائے اور ہجرت مدینہ کب کی۔
ج: ابتدائی سات مسلمانوں میں سے تھے۔ ہجرت حبشہ ۸۳ مردوں میں شامل تھے۔
س: مقداد نے مدینہ کی ہجرت کی، کس کے ہاں قیام کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: حضور ﷺ کے مدینہ جانے سے پہلے مدینہ گئے اور کلثوم بن الہدم کے ہاں ٹھہرے۔
س: کیا ابوسفیان کی سرکردگی میں جاسوسی کے لئے مدینہ گئے تھے۔
ج: عتبہ بن غزوہ اور مقداد بھی ان کے ساتھ شامل ہوگئے اور موقعہ پا کر مدینہ میں ہی رہ گئے یہ واقعہ سریہ رابغ کے نام سے مشہور ہوا۔

حضرت مجمع بن صالح

بدری صحابی۔ سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: بدر کے پہلے شہید صحابی کا نام بتایئے؟
ج: حضرت مجمع بن صالح آپ حضرت عمر کے آزاد کردہ غلام تھے۔
س: مجمع یمن کے رہائشی تھے۔ آپ کب مکہ پہنچے، کب ایمان لائے؟
ج: قذاقوں نے گاؤں پر حملہ کیا، انہیں پکڑ کر مکہ لے آئے۔
س: حضرت مجمع نے کب ہجرت کی۔
ج: 13 نبوی میں
س: قریش کے کس جنگجو کے ہاتھوں شہادت پائی؟
ج: عامر بن حضرمی کے ہاتھوں۔

معمر بن حارث

بدری۔ سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: معمر مہاجرین صحابہ ہیں۔ ان کا حسب نسب کیا ہے؟
ج: والد حارث بن عمرو والدہ قتیلہ۔ حضرت عثمان بن مظعون آپ کے ماموں تھے۔
س: معمر بن حارث نے کب اسلام قبول کیا۔
ج: ان کا گھرانہ آغاز ہی میں مسلمان ہوگیا تھا۔
س: آپ کا ام المومنین حضرت عائشہؓ سے کیا رشتہ تھا۔
ج: حضرت عائشہ ان کی خالہ تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت عائشہ عمر فاروق کا ان سے کیا رشتہ تھا؟
ج: معمر بن حارث حضرت عمر کے خالو تھے۔
س: مدینہ ہجرت پر آپ کن کے بھائی بنے؟
ج: معاذ بن عفرا انصاری۔
س: معمر بن حارث نے کن جنگوں میں حصہ لیا؟
ج: ہمیشہ پیغمبر کے ساتھ رہے۔
س: آپ نے کس کے دور میں شہادت پائی؟
ج: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں۔

مقداد بن الاسود

س: مقداد بہت غریب تھے کس نے ان کی کفالت کی؟
ج: خود حضور ﷺ نے ان کی کفالت کی۔
س: جنگ بدر میں حضور ﷺ نے صحابہؓ سے مشورہ کیا تو مقداد نے کیا کہا۔
ج: حضور ﷺ ہم وہ نہیں جو موسیٰ کی قوم کی طرح کہیں گے تو اور تیرا رب جا کر لڑیں۔
س: غزوہ بدر میں مسلمان مفلس تھے۔ فوج میں صرف دو گھوڑے تھے۔ وہ کن کن کے پاس تھے؟
ج: ایک حارثہ بن سراقہ انصاری کے پاس اور دوسرا مقداد بن اسود کے پاس تھا۔
س: بدر کے تنہا شہسوار کون تھے؟
ج: بدر پہنچ کر مقداد حارثہ حوض سے پانی پی رہے تھے۔ کہ ایک تیر لگا اور وہ شہید ہو گئے۔
س: مقداد کن مشہور موقعوں پر حضور ﷺ کے ساتھ رہے؟
ج: حجۃ الوداع کے موقع پر۔
س: عمرو بن العاص کے مصر پر حملہ میں حضرت عمر نے کن صحابہ کو مدد کے لئے بھیجا؟
ج: ہر ایک مجاہد ایک ہزار کے برابر تھا۔ زبیر بن العلوم۔ مقداد بن عمرو۔ عبادہ بن صامت۔ مسلمہ بن مجاہد تھے۔
س: مقداد بن عمرو نے کب وفات پائی؟
ج: 70 سال کی عمر میں ۳۳ ہجری میں جرف کے مقام پر فوت ہوئے، حضرت عثمان نے نماز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جنازہ پڑھائی۔

س: حضورﷺ کا مقداد بن عمرو سے کیا رشتہ تھا؟

ج: آپؐ نے مقداد کا نکاح اپنی چچازاد بہن سے کر دیا تھا۔

حضرت نعیم النحام (سابقون الاولون، مہاجر مدینہ)

س: آپ کا حسب نسب کیا تھا؟

ج: خاندان بنوعدی سے تھے۔ بنوعدی کے ذمہ سفارت کا شعبہ تھا۔

س: نعیم بن عبداللہ النحام کس لقب سے کیوں مشہور ہوئے؟

ج: ایک دفعہ پیغمبر نے فرمایا کہ میں نے نعیم کی جنت میں آواز سنی۔ اس وقت سے اُن کا نام نعیم کی نحمہ (آواز سنی) نعیم کو اپنے والد سے بڑی جائیداد ملی۔

س: آپ نے اسلام کب قبول کیا؟

ج: اس وقت جب صرف 9/10 لوگ مسلمان تھے۔

س: نعیم نے کہاں ہجرت کی؟

ج: پہلے حبشہ گئے، کچھ لوگوں کے مطابق اُنہوں نے اپنا اسلام مخفی رکھا اور ۶ ہجری تک مکہ میں ہی مقیم تھے۔

س: حضرت عمر نے جب اپنی بہنوئی اور بہن کو اسلام لانے کے بارے میں نعیم النحام سے سُنا تب حضرت عمر پیغمبر کو قتل کرنے جا رہے تھے۔

ج: حضرت محمدﷺ کو

س: کیا نعیم اپنی خاندان کے ۴۰ لوگوں کے ساتھ ہجرت مدینہ کر کے گئے۔

ج: جی ہاں۔

س: حضورﷺ نے یہ الفاظ کب اور کسے کہے، کہ تمہارا قبیلہ، تمہارے حق میں میرے قبیلے سے بہتر ہے۔

ج: نعیم کو حضورﷺ نے فرمایا کہ میرے قبیلہ نے مجھے وطن سے نکالا۔ لیکن تمہارے قبیلے نے تمہیں وطن سے نکلنے نہیں دیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت نعیم کس غزوہ میں شہید ہوئے۔
ج: جنگ یرموک میں شہید ہوئے۔ ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیچھے چھوڑی۔

حضرت یاسر بن عامر (سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ)

س: کیا یاسر کی کنیت ابو عامر تھی۔ یمن کے باشندے تھے مکہ کیسے پہنچے؟
ج: یاسر اور اُس کے دو بھائی اپنے پاگل بھائی کی تلاش میں نکلے، بعثت نبوی سے ۴۵ سال پہلے۔ بھائی نہ ملا مالک اور حارث تو واپس چلے گئے، یاسر مکہ میں رہ گیا۔ اور مکہ میں بنو مخزوم کے رئیس ابو حنیفہ بن مغیرہ کے ہاں ٹھہر گیا۔ یاسر کی شادی ابو حنیفہ کی لونڈی سمیہ بنت خباط سے ہوئی۔ یاسر نے اسلام قبول کیا جب صرف ۴۵ لوگ دائرہ اسلام میں شامل تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا، صبر کرو یاسر تمہارے لئے جنت کا وعدہ ہے۔
س: حضرت یاسر اور ان کی اہلیہ کس طرح شہید ہوئے؟
ج: ابو جہل نے سمیہ کو نیزہ مار کر شہید کر دیا۔ ان کے بیٹے حضرت عبداللہ کو اپنی برچھی سے شہید کیا۔

حضرت ابو سلمٰی بن عبد الاسد (مہاجرین حبشہ۔ اسلام کی پہلی ہجرت)

س: حضور نے کس صحابی کے لیے یہ الفاظ کہے۔ الٰہی اس کی قبر کو وسیع اور روشن کر دے۔ اس بندہ کی مغفرت فرما دے۔ ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کا درجہ بلند فرما دے؟
ج: حضرت ابو سلمٰی۔
س: حضرت ابو سلمٰی بن عبد الاسد کا حضور ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟
ج: ابو سلمٰی کی والدہ برہ بنت عبد المطلب حضور ﷺ کی پھوپھی زاد بہن تھیں۔ ابو سلمٰی۔ حضور ﷺ کے پھوپھی زاد تھے۔ ابو سلمٰی حضور ١ کے رضائی بھائی بھی تھے۔
س: عبداللہ نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: رسول اللہ دار ارقم میں پناہ گزین تھے۔ اس وقت صرف ۱۰ لوگ مسلمان ہوئے تھے۔
س: عبداللہ بن اسد نے پہلی مرتبہ ۵ نبوی میں ہجرت حبشہ کی، بتایئے وہ کب واپس آئے؟
ج: پہلی حبشہ کی ہجرت میں گیارہ مرد اور چار عورتیں تھیں۔ اس قافلے میں عبداللہ بن عبد الاسد اور ان کی اہلیہ سلمٰی بھی شامل تھے۔ ۶ نبوی میں ۸۳ مرد ۲۰ خواتین بھی شامل تھیں، دوسری

ہجرت حبشہ کی۔ عورتوں میں ہجرت مدینہ سب سے پہلے ام سلمٰی نے اور مردوں میں ابو سلمہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نے ہجرت کی۔

س: ابوسلمٰی نے مکہ سے مدینہ کیسے ہجرت کی؟

ج: اونٹ پر بیٹے اور بیوی کو بٹھا کر مدینہ کو چلے تو قبیلہ بنونضیر نے اونٹ کو گھیر لیا۔ ام سلمٰی کو زبردستی اپنے ساتھ لے گئے۔ ابوسلمٰی کے خاندان بنو عبدالاسد کے لوگوں نے ام سلمہ سے بچہ چھین لیا۔ اِس طرح ابوسلمٰی بیوی اور بچے کے بغیر مدینہ پہنچے۔

س: ابوسلمہ کی زوجہ کس طریقے سے مدینہ پہنچی؟

ج: وہ صبح گھر سے نکل کر ٹیلہ ابطح پر بیٹھی گریہ زاری کرتی رہتیں۔ بنوعقیرہ کے ایک رحم دل انسان کو ان پر ترس آیا۔ تو ام سلمہ کو مدینہ جانے کی اجازت مل گئی۔ ابوسلمٰی نے ۴ ہجری میں انتقال فرمایا اور حضور ﷺ نے اُن کی کھلی آنکھیں بند کیں۔ تنعیم کے مقام پر عثمان بن طلحہ ملے وہ اِن کو لے کر مدینہ پہنچے۔ اُم سلمہ نے اِن کی نیکی کو ہمیشہ یاد رکھا۔ ابوسلمہ نے قبا میں عمر بن عوف کے ہاں قیام کیا۔

س: مدینہ میں ان کو کس کا مواخاتی بھائی بنایا گیا؟

ج: عمرو بن عوف کو بھائی بنایا گیا۔ غزوہ احد میں تیر کھایا، اندر ہی اندر زخم خراب ہوا اور جان لیوا ثابت ہوا۔

عثمان بن مطعون (بدری صحابی۔ مہاجر حبشہ ومدینہ)

س: حضور ﷺ نے تین مرتبہ میت کو بوسہ دیا وہ صحابی کون تھے؟

ج: حضرت عثمان بن مطعون۔ اے عثمان تم دُنیا سے اسطرح رخصت ہوئے تمہارا دامن ذرہ برابر بھی آلودہ نہ رہنے پایا۔

س: مسلمانوں کے مدینہ کے قبرستان جنت البقیع میں سب سے پہلے کس صحابی کو دفنایا گیا۔

ج: حضرت عثمان بن مطعون۔ ان کے سرہانے حضور ﷺ نے ایک پتھر نصب کروایا اور فرمایا کہ آج میں نے بقیع کو مسلمانوں کا قبرستان بنا دیا ہے۔

س: عثمان بن مطعون قریش کے خاندان بنو جمع سے تھے۔ آپ کب اسلام لائے؟

ج: جب ۱۳ لوگ مسلمان ہوئے تھے۔

س: ہجرت حبشہ میں ۱۲ مرد ۴ خواتین کے علاوہ قافلہ میں کون تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: عثمان بن مطعون قافلے کے سالار تھے۔کئی ماہ بعد مکہ آئے۔عثمان نے بنو مخزوم کے رئیس ولید بن مغیرہ کی پناہ لی۔

س: چند دن بعد عثمان نے اعلان کیا کہ میں اللہ کی پناہ میں جانا چاہتا ہوں۔اس میں 20 خواتین کے قافلہ میں عثمان کے علاوہ کون کون سے عزیز شامل تھے۔؟

ج: کمسن بیٹا، دو بھائی، قدامہ بن مطعون اور عبداللہ بن مطعون تھے۔

س: عثمان نے کب اور کیسے ہجرت کی؟

ج: 4/5 سال بعد 83 مرد 6 خواتین میں عثمان کا خاندان بھی تھا۔پہلے حبشہ پھر کچھ دن بعد مدینہ چلے گئے۔

س: مدینہ میں آپ کے دینی بھائی کسے بنایا گیا تھا؟

ج: ابوالہشیم التیہانی کے بھائی بنائے گئے تھے۔

س: عثمان نے کس جنگ میں شہادت پائی؟

ج: جنگ بدر میں۔ان کی زوجہ جو رشتہ میں حضور ﷺ کی خالہ تھیں۔سائب اور عبدالرحمان ان کے بطن سے تھے۔

عامر بن ربیعہ عدوی (بدری۔مہاجر حبشہ و مدینہ)

س: ابوعبداللہ کنیت اور عامر نام تھا۔ان کو عدوی کیوں کہا جاتا تھا۔

ج: والد کا نام عامر تھا۔عمر فاروق کے والد نے عامر کو اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا۔

س: عامر اور ان کی اہلیہ نے ابتدا میں اسلام قبول کر لیا، انہوں نے ہجرت کب کی؟

ج: ۵ نبوی میں پہلی ہجرت حبشہ، پھر واپس آئے، تو عاص بن سہمی کی پناہ لی۔۶ نبوی میں دوبارہ حبشہ چلے گئے۔حضور سے کچھ دن پہلے مدینہ پہنچ گئے۔

س: اُمیہ بن خلف کا بیٹا صفوان۔حضرت ابوفکیہ یسار سے کہتا کہ کیا میرا رب تیرا رب نہیں ہے۔تو آپ کیا جواب دیتے۔

ج: میرا رب اللہ تعالیٰ ہے جو سب کو روزی دیتا ہے!۔

س: کس نے ابوفکیہ کو خرید کر آزاد کیا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق نے۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: آپ نے کب ہجرت مدینہ کی۔
ج: ۶ ہجری میں حضور ﷺ نے مسلمانوں کو مدینہ ہجرت کا فرمایا تو دیگر لوگوں کے ساتھ ابو فکیھم بھی مدینہ چلے گئے۔
س: آپ نے کب وفات پائی۔
ج: غزوہ بدر سے چند دن پہلے۔

حضرت ابو احمد بن جحش

(سابقون الالون۔ دوسری ہجرت حبشہ و مدینہ)

س: کس صحابی نے فتح مکہ کے دن اپنے مکان کا مطالبہ کر لیا تھا؟
ج: حضرت ابو احمد بن جحش نے یہ مکان ابوسفیان نے بیچ دیا تھا۔ ابوسفیان اُن کے سسر تھے۔
س: ابو احمد اپنے مکان سے کس طرح دستبردار ہوئے؟
ج: رسول اللہ ﷺ نے بذریعہ حضرت عثمان اُن کو کہلا بھیجا کہ تم اِس مکان کو چھوڑ دو، اس کے بدلے جنت میں عالیشان محل ملے گا۔
س: بتایئے حضور ﷺ کے کون سے پھوپھی زاد بھائی نابینا تھے؟
ج: حضرت ابو جحش۔
س: ابو احمد بن جحش نے ہجرت مدینہ کب کی، کہاں ٹھہرے؟
ج: بشیر بن عبدالمنذر کے ہاں عاصم بن ثابت کے مہمان ٹھہرے۔

ابو فکیہ سیار (سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ)

س: ابو فکیہ سیار کون تھے۔ انہوں نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: قریش کے خاندان عبددار کے غلام تھے۔ اسلام لانے پر ان کے آقا امیہ بن خلف نے ان پر بڑے ظلم کیئے۔ ابتدائی دور کے مسلمان تھے۔

حضرت جعفر طیار ہاشمی (سابقون الاولون)

س: نجاشی کے دربار میں کس نے تلاوت کلام پاک کی اور کون سی سورہ پڑھی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: حضرت جعفر طیار نے۔ سورۃ مریم۔

س: **جعفر بن ابو طالب کے بیٹے حضرت علی کے بھائی اور حضور ﷺ کے چچا زاد تھے۔ جعفر نے کب اسلام قبول کیا اور کب ہجرت حبشہ کی؟**

ج: دار ارقم سے پہلے اسلام لائے، اہلیہ کے ساتھ ہجرت حبشہ کی، مہاجرین حبشہ کے دوسرے قافلہ میں تھے۔

س: **جعفر کی تلاوت کے بعد نجاشی پر کیا اثر ہوا؟**

ج: نجاشی نے زمین پر سے ایک تنکا اُٹھایا اور کہا آپ نے جو کچھ کہا وہ اس تنکا کے برابر کمی بیشی نہیں ہے۔

س: **ہجرت حبشہ کے مہاجرین کو واپس لینے کون گئے تھے؟**

ج: حضرت عمرو بن العاص (جو بعد میں مسلمان ہو گئے تھے)

س: **حضرت جعفر حبشہ سے مدینہ کب پہنچے؟**

ج: غزوہ خیبر کے موقع پر۔

س: **حضور ﷺ نے جعفر کا کیسے استقبال کیا؟**

ج: گلے لگا کر پیشانی کو چوما۔ فرمایا مجھے خیبر کی فتح کی زیادہ خوشی ہوئی ہے یا جعفر کی آمد کی۔

س: **عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ کے ساتھ واپسی پر آپ نے حمزہ کی بچی کو کس کے حوالے کیا؟**

ج: حضور ﷺ نے فرمایا جعفر کے گھر اسماء کی خالہ ہے۔ خالہ ماں کے جیسی ہوتی ہے۔ اس کا سب سے زیادہ حق ہے۔

س: **حضرت جعفر طیار کس جنگ میں شہید ہوئے۔**

ج: جنگ موتہ ۷ ہجری میں جس میں ۳ سپہ سالار شہید ہوئے تھے۔ زید بن حارث۔ حسان؟ بن ثابت، جعفر طیار۔

س: **حضرت جعفر کی اہلیہ کا کیا نام تھا؟**

ج: اسماء بنت عمیس۔

س: **حضرت جعفر کو طیار کیوں کہتے ہیں؟**

ج: جنگ میں اِن کا بازو کٹ گیا تھا۔ جبرائیل نے فرمایا کہ اللہ نے ان کو اس کے بدلے دے میں دو (۲) پَر دئے ذوجس سے وہ جنت میں اُڑتے پھرتے ہیں۔

ج: ~~جعفر طیار کو ذو الجناحین کہتے ہیں؟~~

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: جعفرتم صورت اور سیرت میں میرے مشابہ ہو۔کس نے فرمایا تھا۔
ج: حضورﷺ نے

حضرت خنیس بن حذافہ (بدری صحابی)

س: حذافہ بدری تھے۔ان کا شجرہ نسب کیا ہے؟
ج: قریش کے خاندان بنو سلیم سے تھے۔
س: حضرت حفصہ کا پہلا نکاح کن سے ہوا تھا؟
ج: حضرت خنیس بن حذافہ سے۔
س: خنیس ہجرت ثانیہ میں حبشہ چلے گئے۔
ج: بعد میں مدینہ آگئے۔ان کا دینی بھائی آبی عبس بن جبیر تھا۔
س: حضرت خنیس نے کس غزوہ میں شہادت پائی۔
ج: غزوہ احد میں۔نماز جنازہ حضورﷺ نے پڑھائی۔عثمان بن مظعون کے پہلو میں جنت البقیع میں دفن ہوئے۔
س: مواخات ہجرت مدینہ کے کتنے دیر بعد عمل میں آئی۔
ج: سات ماہ بعد۔

شماس بن عُثمان مخزومی (بدری صحابی۔مہاجر حبشہ)

س: شماس کا اصل نام عثمان تھا۔اسے شماس کیوں کہتے ہیں؟
ج: شماس کے معنی چمکتا دمکتا چہرہ، وہ حسین وجمیل تھے۔
س: والد اور والدہ کا نام بتایئے؟
ج: والد عثمان والدہ صفیہ بنت ربیعہ۔
س: حضرت شماس کس کے داماد تھے؟
ج: رئیس مکہ ربیعہ بن عبد شمس کے داماد تھے۔
س: کب اسلام لائے؟اور کہاں ہجرت کی؟
ج: ابتدائی مسلمان تھے۔ہجرت حبشہ کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: پہلی ہجرت حبشہ دوسری ہجرت مدینہ کی۔ دو ہجرتوں پر ان کو کیا نام دیا گیا۔
ج: ذوالہجرتین

س: مدینہ میں شماس کا دینی بھائی کون بنا۔
ج: غسیل الملائکہ حنظلہ کے دینی بھائی بنے۔

س: جنگ احد میں آپ نے حضور ﷺ کی کس طرح حفاظت کی۔
ج: حضور ﷺ کیلئے ڈھال بنے رہے۔ جسم زخموں سے چور تھا۔

س: شماس کی اولاد کیا تھی؟
ج: بیٹا عبداللہ اور بیٹی ام حسیب تھی۔

س: احد میں شدید زخمی ہوئے۔ ان کی تیمارداری کس نے کی؟
ج: ام سلمہ مخزومیہ ایک دن ایک رات زندہ رہے۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

طیب بن عمیر (بدری۔ مہاجر حبشہ و مدینہ)

س: حضور ﷺ کی شان میں نازیبا الفاظ کہنے پر کس نے ایک مشرک کو مارا تھا؟
ج: بنو سلیم کے ایک مشرک نے حضور ﷺ کی شان میں گستاخی کی۔ طیب نے اونٹ کی ہڈی سے اسے لہولہان کر دیا تھا۔

س: طیب حضور ﷺ کے پھوپھی زاد تھے۔ پھوپھی کا نام بتایئے؟
ج: اروی بنت عبدالمطلب۔

س: آپ نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: اروی نے ۶ نبوی میں اسلام قبول کیا۔

س: ابولہب نے حضرت اروی سے طیب کی شکایت کی تو اروی نے کیا جواب دیا؟
ج: طیب کی زندگی کا بہترین دن وہ دن ہے۔ جس میں وہ محمد کی مدد کرے۔

س: طیب نے ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ کب کی؟
ج: ۶ نبوی میں ہجرت حبشہ کی کئی سال بعد ہجرت مدینہ کی۔ عبداللہ بن سلمہ کے مہمان بنے۔

س: طیب نے کب اور کہاں شہادت پائی؟
ج: ۱۳ ہجری میں جنگ اجنادین میں۔ اس وقت عمر ۳۵ برس تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عبداللہ بن جحش (سابقون الاولون۔ بدری، مہاجر حبشہ، مدینہ)

س: عبداللہ بن جحش کی کنیت کیا تھی؟

ج: عبداللہ بن جحش کی کنیت ابو محمد تھی۔ قبیلہ بنو مضر سے تعلق تھا۔

س: عبداللہ بن جحش کے ساتھ حضور ﷺ کو نسے دو رشتے بنتے تھے؟

ج: اِن کی والدہ امیمہ بنت عبدالمطلب، حضور ﷺ کے والد عبداللہ کی حقیقی بہن تھی۔ ام المومنین حضرت زینت بن جحش کے حقیقی بھائی تھے۔ اِسی طرح برادرِ نسبتی ہوئے۔

س: عبداللہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: دارارقم سے پہلے۔ اس وقت عمر ۲۵ سال تھی۔

س: عبداللہ نے پہلی ہجرت کہاں کی؟

ج: خاندان سمیت ہجرت حبشہ کی۔ حبشہ میں ان کے خاوند عبداللہ نے عیسائیت قبول کر لی۔ اِن کی بیوہ ام حبیبہ بنت ابوسفیان کا حضور ﷺ سے نکاح ہوا۔

س: عبداللہ بن جحش مدینہ میں کس کے مہمان بنے؟

ج: عاصم بن ثابت کے۔ وہی اسلامی بھائی بنے۔

س: سب سے پہلے کس صحابی کو امیر المومنین کہہ کر پکارا گیا۔

ج: عبداللہ بن جحش کو ۲ ہجری میں سریہ عبداللہ بن جحش کے موقع پر۔

س: سریہ عبداللہ کے موقع پر کون قتل ہوا۔ کون قیدی بنا۔

ج: عبداللہ بن تمیمی کے ہاتھوں عمرو بن خضری قتل اور حکم بن گیان، عثمان بن عبداللہ قیدی بنے۔

س: مسلمانوں کو سب سے پہلا مال غنیمت کب ہاتھ آیا؟

ج: سریہ۔ عبداللہ بن جحش میں۔

س: سریہ عبداللہ بن جحش کا مال غنیمت کس طرح تقسیم کیا گیا؟

ج: ابھی کوئی حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ پانچواں حصہ نکالا گیا۔ ۴ حصے مجاہدین میں تقسیم ہوئے۔ اس کے بعد مال غنیمت کی تقسیم کا حکم نازل ہوا۔

س: عبداللہ نے کس کو قیدی بنایا؟

ج: خالد بن ولید کے بھائی ولید بن ولید کو، ہشام بن ولید چھڑانے آئے۔ ۴ ہزار فدیہ دیا گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ولید راستہ سے بھاگ کر مدینہ آئے اور مسلمان ہو گئے۔عبداللہ بن جحش کو شہادت کی بڑی تمنا تھی۔ دعا کہ کہ دشمن میری ناک کان کاٹ ڈالے۔ جب اللہ مجھ سے پوچھے تو میں کہوں (کہ اے اللہ تیرے لئے)۔

س: عبداللہ بن جحش کی وفات ۴۰ سال کی عمر میں ہوئی۔ان کا جنازہ حضرت حمزہ کے ساتھ ہوا۔ ان کا ایک بیٹا تھا۔ جسے حضورﷺ نے اپنی سرپرستی میں لے لیا، عبداللہ کی تلوار ٹوٹ گئی۔ حضورﷺ نے انہیں چھڑی دے دی۔ جس سے وہ لڑے۔

س: اُنہیں کس نے شہید کیا؟

ج: بنی الحکم بن اخنس نے انہیں شہید کیا۔

حضرت سائب بن عثمان (بدری۔مہاجر مدینہ وحبشہ)

س: آپ کا قبیلہ قریش خاندان و بنو جمع سے تھا۔والد اور والدہ کا نام بتایئے؟

ج: باپ عثمان بن مطعون والدہ خولہ بنت حکیم تھیں۔

س: سائب کے والدین نے ہجرت حبشہ کی۔اس وقت سائب کہاں تھے؟

ج: بیٹے اور بیٹی کو مکہ چھوڑ گئے تھے۔

س: آپ نے کب اور کہاں ہجرت کی؟

ج: ۴ نبوی میں ہجرت حبشہ کی تو سائب والدین کے ساتھ تھے۔

س: سائب نے کس عمر میں ہجرت مدینہ کی۔

ج: اس وقت ان کی عمر ۱۹ برس تھی۔

س: مدینہ میں آپ کس کے مہمان ٹھہرے؟

ج: عبداللہ بن سلمہ کے ہاں ٹھہرے۔انہیں حضرت حارثہ بن سراقہ کا بھائی بنایا گیا۔

س: سائب نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: احد، احزاب اور دیگر تمام غزوات میں حصہ لیا۔

س: سائب نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: گیارہ ہجری میں مسیلمہ (جنگ یمامہ) میں شدید زخمی ہوئے، چند دن بعد فوت ہو گئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت سکران بن عمرو

سابقون الاولون۔مہاجر حبشہ

س: سکران قدیم السلام تھے۔اِن کا حضرت سودہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: سکران سودہ کے پہلے خاوند تھے۔دونوں نے حبشہ ہجرت کی۔کچھ عرصہ بعد سکران انتقال کر گئے۔پھر حضورﷺ نے سودہ سے نکاح کیا۔

س: حضرت عمرو بن عثمان کا حسب ونسب کیا تھا؟

ج: آپ قریش کی شاخ بنوتیم سے تھے۔والد کا نام عثمان بن عمرو والدہ کا نام ہندہ تھا۔قافہ کے چچازاد تھے۔اس قبیلہ کے پاس اشناق کا عہدہ تھا۔یہ لوگ خون بہا اور تاوان کی رقم کا تعین کرتے تھے۔

س: حضرت عمرو بن شماس نے کون سی دو ہجرتیں کیں؟

ج: ۹ ہجری حبشہ،۱۳ سال حبشہ میں گزارے۔اور غزوہ خیبر کے موقع پر مدینہ پہنچے۔

س: عثمان نے غزوہ خیبر کے بعد تمام غزوات میں حصہ لیا۔آپ نے کب شہادت پائی؟

ج: سعد بن ابی وقاص کی قیادت میں جنگ قادسیہ میں شہادت پائی۔

عمرو بن سعید اموی

سابقون۔الاولون۔مہاجر حبشہ ومدینہ

س: ابوعقبہ کنیت تھی۔ان کا حسب نسب بھی بتایئے؟

ج: بنوامیہ سے تعلق تھا۔والدہ صیفہ خالد بن ولید کی پھوپھی تھیں۔

س: ابتدائی دور میں مسلمان ہوئے۔آپ نے کہاں ہجرت کی؟

ج: ۶ نبوی میں ہجرت حبشہ کی۔زوجہ بھی ساتھ تھیں۔(فاطمہ بن صفوان)۔۱۳ سال حبشہ رہے۔ پھر خیبر کے موقع پر مدینہ آئے۔

س: حضورﷺ نے ان کو کہاں کا عامل مقرر کیا؟

ج: خیبر،فدک اور تبوک کا عامل بنایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: عمرو بن سعید نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: خیبر میں حاضر نہ تھے۔ غنیمت میں حصہ ملا۔ باقی تمام غزوات میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے۔ غزوہ فتح مکہ، غزوہ حنین، طائف، تبوک میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے۔

س: عمرو بن سعید کس جنگ میں شہید ہوئے؟

ج: شام کی جنگ اجنادین میں رومیوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

قدامہ بن مطعون

بدری سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ و مدینہ

قریش کی شاخ سے تعلق تھا۔ ۱۹ سال کی عمر میں مسلمان ہوئے۔ ان کی ہمشیرہ زینب بنت مطعون حضرت عمرؓ کی اہلیہ تھیں۔ حفصہ کے ماموں لگے۔ حضرت عمر کی ہمشیرہ صفیہ بنت خطاب ان کے نکاح میں تھیں۔

س: قدامہ نے ۶ نبوی میں حبشہ ہجرت کی، بتایئے مدینہ کب گئے؟

ج: حبشہ سے مکہ آئے، پھر مدینہ گئے ۱۳ نبوی میں۔ قدامہ بدر سے تبوک تک ہر غزوہ میں شامل رہے۔ حضرت عمر کے زمانے میں بحرین کے گورنر رہے۔

س: قدامہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: ۳۶ ہجری میں ۶۸ سال کی عمر میں وفات پائی۔ بقیع میں دفن ہوئے۔ تین بیویاں پیچھے چھوڑیں۔ صفیہ بنت خطاب۔ ہند بنت ولید اور ام ولد پیچھے چھوریں، ۴ لڑکیاں اور ایک لڑکا تھا۔

حضرت ہشام بن عاص

سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ و مدینہ

س: دشمن رسول ﷺ عاص بن وائل کے کن دو بیٹوں کو دولت اسلام حاصل ہوئی؟

ج: ہشام بن عاص اور حضرت عمرو بن العاص کو۔ ہشام ابتدائی زمانہ میں اسلام لائے۔

س: ہشام نے کب اور کہاں ہجرت کی؟

ج: پہلے حبشہ گئے، مکہ واپس آئے، خاندان نے قید کرلیا۔ 5/6 سال بعد موقعہ پا کر بھاگ نکلے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہشام نے غزوہ احزاب کے علاوہ تمام غزوات میں حصہ لیا۔ خلفائے راشدین کے دور میں بھی تمام جنگوں میں حصہ لیا۔ حضرت ابوبکر نے قیصر روم کے خلاف جنگیں لڑیں۔ ان میں ہشام بھی شامل تھے۔

س: ہشام کب اور کہاں شہید ہوئے؟

ج: ۱۳ ہجری میں جنگ اجنادین میں شہید ہوئے۔

اسید بن حضیر (صاحب الشجرہ)

س: ''یہ تو فرشتے تھے، جو تلاوت سُن رہے تھے۔ اگر تم مسلسل تلاوت جاری رکھتے تو یہ بالکل قریب آجاتے اور لوگ انہیں دیکھ لیتے۔'' رسول اللہ ﷺ نے یہ الفاظ کس صحابی کے لئے کہے تھے؟

ج: حضرت اسید بن حضیر کے لئے۔ اسید رات کو سورۃ البقرہ کی تلاوت کر رہے تھے کہ ان کا گھوڑا بدک گیا۔ آسمان پر بادل کا ٹکڑا ظاہر ہوا، دوسرے روز آپ ﷺ کے سامنے یہ بات کہی تو آپ ﷺ نے یہ الفاظ کہے۔

س: اسید کو رسول اللہ ﷺ نے ''اچھے آدمی'' کا خطاب دیا تھا۔ (نعم الرجل) ان کا حسب نسب کیا ہے؟

ج: مدینہ کے قبیلے اوس سے تھے۔ باپ قبیلہ اوس کا سپہ سالار تھا۔

س: اسید نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت نبوی سے پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے۔

س: اسید کا دینی بھائی کسے بنایا گیا تھا؟

ج: زید بن حارثہ کو۔

س: اسید نے کن غزوات میں حصہ لیا تھا۔

ج: بدر کے علاوہ تمام غزوات میں شامل تھے۔ احزاب میں سو مجاہدین کے ساتھ مل کر خندق کی نگرانی کرتے رہے۔

س: میرا باپ بھی کافر تھا اور تم بھی کافر ہو۔ اس لئے میں تم دونوں سے اچھا ہوں۔ یہ کس صحابیؓ کے الفاظ ہیں؟

ج: حضرت اسید بن حضیر کے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: مشرکین نے عمرو بن امیہ فہری کو حضورﷺ کے قتل کے لئے مدینہ بھیجا۔ اسے کس نے قابو کیا؟
ج: حضورﷺ نے اِسے دیکھ کر کہا کہ اس شخص کی نیت ٹھیک نہیں لگتی۔ اسید نے جست لگا کر اِسے پکڑ لیا۔ اس کے پاس سے خنجر نکلا۔
س: بنو مصطلق سے واپسی پر ابی بن خلف نے حضورﷺ کی شان میں کیا گستاخی کی تو اسید نے کیا کہا تھا؟
ج: یا رسول اللہﷺ صاحبِ عزت تو آپ ہیں اور ذلیل وہ ہے۔ آپ جب چاہیں اِسے مدینہ سے نکال سکتے ہیں۔
س: آیت تیمم کا نزول ہوا۔ اسید نے حضرت عائشہؓ سے کیا کہا تھا؟
ج: حضرت عائشہ بی بیؓ جب آپ کا کوئی کام آئے گا، اللہ خود اس کا راستہ بنا دے گا۔
س: بیت رضوان میں (حجۃ الوداع میں اسید کو حضورﷺ کے جسم کے بوسہ کا کیسے موقع ملا؟
ج: ایک دِن اسید مجلس میں آپ کی بغل میں تھا۔ آپ نے تعریف کے انداز میں اس کی چٹکی کاٹی۔ اسید نے اس تکلیف کا بتایا۔ حضورﷺ نے کہا کہ آپ مجھ سے بدلہ لیں۔ آپ سے کہا کہ آپ کے بدن پر کپڑے ہیں میں تو ننگا تھا۔ آپ نے قمیض اُتاری تو اسید نے جسم کا بوسہ لیا۔
س: خلفائے راشدین کے زمانے میں اسید کی خدمات کیا تھیں؟
ج: ابوبکر کے وقت فتنہ ارتداد پھیلا۔ اسید نے مدینہ کا دفاع کیا۔ فاروق اعظم آپ سے مشورے کیا کرتے تھے۔ مرتے وقت آپ پر چار ہزار درہم قرض تھا۔ عمر و نے وصیت کی تھی کہ اُس کو فروخت کر کے میرا قرض چکا دیا جائے۔
س: اسید نے کب کہاں وفات پائی؟
ج ۲۰ ہجری میں مدینہ میں حضرت عمر نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

اسد بن زرارہ انصاری

عقبی صحابی۔ سابقون الاولون

س: مدینہ میں سب سے پہلے حضورﷺ سے بیعت کرنے کا شرف کیسے حاصل ہوا؟
ج: ابو امامہ اسد بن زرارہ کو ۱۱ نبوی میں۔
س: گیارہ بارہ نبوی میں مدینہ میں حضورﷺ سے کتنے افراد نے بیعت کی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: بنوخزرج کے دس اور اوس کے ۲ حضرات نے۔ تیرہ نبوی میں ۷۲ مرد اور ۲ عورتوں نے (ان میں زرارہ بھی تھے)

س: یثرب میں مصعب بن عمیر کو دین کی تعلیم کے لیے بھیجا؟ وہ کس کے ہاں ٹھہرے؟

ج: اسد بن زرارہ نے اسے اپنا مہمان بنایا۔

س: مدینہ میں سب سے پہلے جمعہ کی نماز کس نے پڑھائی؟

ج: اسد بن زرارہ نے۔ ۴۰ مسلمان شریک ہوئے۔

س: ۱۳ نبوی میں اسد بن زرارہ کو کیا شرف حاصل ہوا؟

ج: حضور ﷺ نے اسد کو نقیب النقباء بنایا۔

س: قبا میں اوس کے ایک گھرانہ سے ہیں۔ اسدرات کو منہ پر کپڑا لپیٹ کر کیوں حاضر ہوتے تھے؟

ج: جنگ بعث میں اسد بن زرارہ کے قبیلہ اوس کا ایک شخص ان کے ہاتھوں قتل ہوا تھا۔

س: رسول اللہ ﷺ کے حکم کے مطابق کن لوگوں نے اسعد کو پناہ دی تھی؟

ج: عبدالمنذر اور رفاعہ کو کہا کہ اسد کو پناہ دیں۔

س: مدینہ میں حضور ﷺ کی مہمانی حضرت ایوب انصاری کو ملی۔ اسد کو کیا شرف حاصل ہوا؟

ج: اسد کو حضور ﷺ کی اونٹنی قصویٰ کی میزبانی ملی۔

س: مسجد کے لئے جو زمین خریدی گئی وہ دو یتیم بچے (سہل اور سہیل) کی سرپرستی کس کے پاس تھی؟

ج: اسد بن زرارہ۔

س: مسجد کی زمین کی قیمت کس نے ادا کی؟

ج: ایک روایت میں حضرت ابوبکر نے زمین خریدی، دوسری روایت رزارہ نے بچوں سے زمین لے کر مسجد کو دی۔ اور بچوں کو بنو بیاضیہ میں ایک باغ دے دیا۔

س: اسد نے کب وفات پائی؟

ج: یکم ہجری میں گلے میں شدید درد ہوا، جو جان لیوا ثابت ہوا۔ حضور ﷺ نے جنازہ پڑھایا۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

س: حضور ﷺ نے زرارہ کی موت پر بنونجار سے کیا فرمایا؟

ج: تم میرے ننھالی ہو اب زرارہ کے بعد میں آپ کا نقیب بن جاتا ہوں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بشر بن براء بن معرور (عقبی و بدری صحابی)

س: بشیر نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: ہجرت سے بیعت ایک سال پہلے اپنے باپ کیساتھ ۱۳ نبوی میں بیعت عقبہ کبریٰ میں بیعت کی۔
س: بشر کے قبیلے کا نام بتایئے؟
ج: خزرج کے خاندان بنو سلمہ سے تھے۔آپ کے والد براء بن معرور نے حضورﷺ کو اپنی جائیداد 1/3 حصہ،آپ کو وصیت کی تھی۔حضورﷺ نے وہ مال بشر بن براء کو واپس کر دیا۔
س: بشر بن معرور کو حضورﷺ نے قبیلہ کی سرواری دے دی۔بشر بن معرور انصاری نے کن غزوات میں حصّہ لیا۔
ج: غزوہ احد احزاب اور خیبر میں حصہ لیا۔
س: بشر بن براء نے کیسے وفات پائی؟
ج: غزوہ خیبر میں ایک یہودی عورت زینب بنت حارث نے حضورﷺ کو زہر آلود گوشت پیش کیا۔حضورﷺ نے کہا اس میں زہر ملا ہے۔لہٰذا بشیر بن معرور ایک سال بعد اس زہر کے اثر سے ہلاک ہو گئے۔حضورﷺ نے زینب کو معاف کر دیا تھا۔لیکن بشر کی موت کے بعد اسے قتل کیا گیا۔

حضرت خلاد بن سوید (عقبی صحابی۔بدری۔انصاری)

س: حضورﷺ نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا تھا کہ اس کے لئے دو شہیدوں کا ثواب ہے؟
ج: خلاد بن سوید انصاری کے بارے میں۔
س: خلاد کی شہادت کیسے ہوئی تھی؟
ج: قریظہ کی ایک یہودی عورت نے اس پر چکی کا پاٹ گرا دیا تھا۔اس عورت کو قصاص میں قتل کر دیا گیا تھا۔
س: خلاد بن سوید نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: ہجرت نبوی سے پہلے حضرت مصعب بن عمیر کی تبلیغ سے ۱۳ نبوی بیعت عقبہ کبریٰ میں بیعت کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضور ﷺ نے خلاد کی والدہ سے کیا کہا تھا؟
ج: کہ تمہارے بیٹے کو دوہری شہادت کا ثواب ملے گا۔ کیونکہ اسے ایک اہل کتاب نے شہید کیا ہے؟
س: میں نے اپنا بیٹا کھودیا شرم و حیا تو نہیں کھوئی، یہ کس کے الفاظ ہیں؟
ج: خلاد کی والدہ حضور ﷺ کے پاس آئی اور چہرے سے نقاب نہ اُتارا۔ لوگوں نے کہا کہ آپ نے اس مصیبت میں بھی پردہ کیا ہوا ہے۔
س: خلاد نے کن غزوات میں حصہ لیا؟
ج: غزوات: بدر، احد، خندق اور غزوہ قریظہ میں۔

حضرت رفاعہ بن رافع انصاری

س: رفاء نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: اُنھوں نے ۱۱ نبوی میں بیعت کی۔
س: کس صحابی کی والدہ رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کی اخیافی بہن تھی۔
ج: رفاعہ بن رافع کی
س: رفاعہ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟
ج: غزوہ احد، احزاب، بیعت رضوان، خیبر اور فتح مکہ میں شمولیت فرمائی۔
س: جنگ جمل، جنگ صفین میں رفاعہ نے حضرت علی کا ساتھ دیا۔ کب وفات پائی؟
ج: 42ھ میں وفات پائی، چند احادیث کے راوی ہیں۔

رفاعہ بن عبدالمنذر

بدری۔ انصاری۔ عقبی۔ صحابی تھے

س: بدر کے موقع پر رسول ﷺ اور حضرت علیؓ ایک ہی سواری پر تھے۔ علی پیدل چل رہے تھے اونٹ پر سوار کون صحابیؓ تھے؟
ج: رفاعہ بن عبدالمنذر کی کنیت ابولبابہ تھی۔ ایک اونٹ پر سوار تھے۔
س: ابولبابہ اوس کے خاندان عمرو بن عوف سے تھے۔ آپ کب ایمان لائے؟
ج: اہل عقبہ سے ہیں۔ بیعت عقبہ اولیٰ میں شریک ہوئے اور انہیں حضور ﷺ نے اسے اپنے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قبیلہ نقیب بنا دیا۔

س: **حضور ﷺ کے حکم سے جب چند لوگوں نے مدینہ ہجرت کی تو اکثر مہاجرین کہاں ٹھہرے؟**

ج: حضرت ابولبابہ رفاعہ کے ہاں قیام کیا۔ ابوالبانہ کو جنگ بدر میں واپس بھیج دیا تھا۔ روحا کے مقام سے۔ حضور ﷺ نے فرمایا تھا۔ میری نیابت کرو۔ ان کو مال غنیمت میں سے حصہ دیا گیا۔ ابولبانہ کو حضور ﷺ نے مدینہ کا نائب مقرر کیا۔ غزوہ قینقاع اور غزوہ سویق میں۔

س: **ابولبانہ تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ غزوہ بنو قریظہ میں کیا خاص واقعہ ہوا؟**

ج: ۵ ہجری میں غزوہ خندق کے موقع پر بنو قریظہ نے غداری کی تھی۔ اس جنگ کے بعد بنو قریظہ کا محاصرہ کیا گیا۔ یہودیوں نے ابولبانہ کو مصنف بتانے کے لئے درخواست دی تھی۔ لبانہ نے کہا تھا تم ہتھیار پھینک دو۔ تمہیں (گلے کی طرف اشارہ کر کے) غداری کے جرم میں قتل کر دیا جائے گا۔

زیاد بن لبید

س: **زیاد بن ولید نے کب اور کہاں وفات پائی؟**

ج: کوفہ میں ۴۱ ہجری میں وفات پائی۔

س: **زیاد بن لبید کو بیاضی کیوں کہتے ہیں؟**

ج: اِن کا تعلق خزرج کی شاخ بنو بیاضہ سے تھا۔

س: **زیاد بن لبید کو مہاجر انصاری کیوں کہتے ہیں؟**

ج: بیعت عقبہ کے بعد مکہ میں رہائش اختیار کر لی تھی۔ پھر مسلمانوں کے ساتھ مدینہ ہجرت کی۔ اس لئے مہاجر انصاری کہلاتے ہیں۔

س: **بنو بیاض کے بُت کس نے توڑے؟**

ج: زیاد بن لبید اور قروہ بن عمروہ نے۔

س: **حضرت زیادہ نے دور صدیقی اور دور فاروقی میں کن فتوحات میں حصہ لیا؟**

ج: دور صدیقی میں اہل یمن نے زکوۃ سے انکار کیا۔ ابوبکر صدیق نے مہاجرین کو مرتدین پر پانے کے لئے بھیجا۔ زیاد بن لبید کو ان کی مدد کے لئے بھیجا۔

س: **زیاد نے کب اور کہاں وفات پائی؟**

ج: ۴۱ ء میں کوفہ میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: نام اور کنیت بتائیے۔
ج: ابوعبداللہ کنیت اور زیاد بن لبید نام تھا۔
ج: زیاد بن لبید حضرت مصعب بن عمیر کی دعوت پر اسلام لائے۔ ۱۳ ہجری میں بیعت عقبہ کبیرٰی میں شریک ہوئے۔
س: جب حضور ﷺ بنو بیاضہ کے محلے سے گزرے تو کس نے اپنا مکان پیش کیا؟
ج: حضرت زیاد بن لبید انصاری۔
س: زیاد کو کس علاقہ کا محصل زکوٰۃ مقرر کیا گیا۔
ج: حضر موت کیلئے۔

حضرت ابولبابہ

س: ابولبابہ کو غلطی کا احساس ہوا تو اپنے آپ کو مسجدِ نبوی کے ستون سے باندھ لیا (جنگی راز فاش کرنے پر) اور معافی مانگتے رہے۔
ج: حضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر ابولبابہ پہلے میرے پاس آجاتے تو میں اللہ سے دُعا کرتا۔ اب تو جو ہوا سو ہوا۔ ایک دن بے ہوش ہو کر گر گئے۔ رحمت الٰہی جوش میں آئی۔ فرمایا ابولبابہ کی توبہ قبول ہوگئی۔ یہ اطلاع ام المومنین ام سلمٰی نے دی۔ حضور ﷺ نے فجر کی نماز کے بعد ابولبابہ کو کھول دیا۔
س: ابولبابہ نے کب وفات پائی؟
ج: حضرت علیؓ کے دور میں۔

حضرت سعد بن زید انصاری

بدری۔ عقبی صحابی۔ انصاری

س: سعد بن زید کو اور کن ناموں سے پکارا جاتا ہے؟
ج: عقبی صحابیؓ کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔
س: سعد نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: ہجرت نبوی سے پہلے ۱۳ نبوی بیعت عقبہ کبریٰ میں۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

س: سعد بن زید کو کس کا دینی بھائی بنایا گیا؟

ج: عمرو بن سراقہ

س: سعد نے کس علاقے کے بت توڑے؟

ج: فتح مکہ کے بعد اوس اور خزرج کا بت جو بحر احمر کے ساحل پر تھا۔

س: "مناۃ اپنے غصہ کو قابو میں رکھ" یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟

ج: ایک سیاہ فام عورت جو سینہ کوبی کرتی ہوئی نکلی۔ تو ایک پجاری نے یہ الفاظ کہے۔ سعد نے اس عورت کو بھی قتل کر دیا۔

حضرت عمارۃ بن خرم انصاری

عقبی صحابی، بدری۔ سابقون الاولون

س: عمارہ کا کس قبیلے سے تعلق تھا۔ وہ کب اسلام لائے؟

ج: خزرج کے بنونجار قبیلہ سے۔ ۱۹ ہجری میں قبیلہ نجار عقبہ کبریٰ میں اسلام کی سعادت پائی۔

س: عمارہ کا دینی بھائی کسے بنایا گیا؟

ج: محرر بن فضلہ اسدی کا۔

س: عمارہ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: تمام غزوات میں شرکت کی۔

س: بتایئے حضرت عمارہ بن خرم کب شہید ہوئے؟

ج: خالد بن ولید کی قیادت میں جنگ یمامہ میں شہادت پائی:

س: ایک صحابی جو جھاڑ پھونک کا منتر کیا کرتا تھا۔ حضور ﷺ نے انہیں منع نہیں فرمایا کیوں؟

ج: اس میں کوئی شرکیہ کلمات نہ تھے۔

قتادہ بن لقمان انصاری

بدری سابقون الاولون۔ انصار

س: قبیلہ اوس کی شاخ بنوظفر سے تعلق تھا۔ حضور ﷺ نے کس صحابی کو ایک کھجور کی شاخ دی تھی۔

جو روشن قندیل بن گئی تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: حضرت قتادہ بن لقمان بن زید۔

س: قتادہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: اُن کی کنیت ابوبکر تھی۔

س: الٰہی اس آنکھ کو صاحب جمال بنادے۔ یہ دُعا آپ نے کس صحابی کے لئے کی تھی؟

ج: قتادہ بن لقمان احد میں ان کی آنکھ کا ڈھیلا باہر آگیا تھا۔ حضور ﷺ نے اسے اندر ڈال دیا تھا۔ آنکھ پہلے سے زیادہ روشن ہوگئی تھی۔

س: حضرت قتادہ نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: آپ نے بدر سے لے کر تمام غزوات میں حصہ لیا۔

س: قتادہ نے کب وفات پائی؟

ج: فاروقی دور میں ۶۵ سال عمر تھی۔

قطبہ بن عامر

بدری۔ عقبی۔ سابقون الاولون انصار

س: قطبہ اصحاب عقبیٰ میں سے ہیں۔ پہلے ۶ لوگوں میں سے تھے۔ ۱۱، ۱۲، ۱۳ ہجری تینوں مرتبہ ہجرت کرنے والوں میں شامل تھے۔ آپ نے بدر سے تبوک تک تمام غزوات میں حصہ لیا۔ جنگ بدر میں آپ نے کس کافر کو گرفتار کیا؟

ج: مالک بن عبداللہ تمیمی کو۔

س: فتح مکہ کے دن آپ کو کون سا اعزاز ملا۔

ج: آپ نے اپنے قبیلے بنوسلمہ کا علم اُٹھانے کا اعزاز حاصل کیا۔

س: جو آپ کا دین ہے، وہی میرا دین ہے۔ یہ الفاظ کس صحابی کے ہیں۔

ج: قطبہ بن عامر کے۔ عہد جاہلیت میں رواج تھا کہ لوگ حج کے بعد دروازے کی بجائے چھت سے کود کر گھر آتے تھے۔ ایک دفعہ حضور ﷺ احرام کی حالت میں باغ میں داخل ہوئے۔ حضرت قطبہ بن عامر بھی احرام پہنے آپ کے ساتھ اندر آگئے۔ رسول ﷺ سے پوچھنے پر یہ جواب ملا۔ سورۃ البقرہ کی آیت ۱۸۹ نازل ہوئی۔ اس پر اس رسم کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو گیا۔ قطبہ نے عثمان غنی کے زمانے میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

معاذ بن غفراء انصاری

عقبی۔ بدری۔ انصاری صحابی

س: معاذ کا حسب نسب بتایئے؟

ج: والد حارث بن سواد بن مالک والدہ غفراء انصاری تھیں۔

س: قبیلہ بنو مالک بن نجار سے تھا۔ یہ دونوں عقبوں میں شامل تھے۔

س: جنگ بدر میں ابوجہل کی پنڈلی پر تلوار چلانے والے صحابی کا نام؟

ج: حضرت معاذ بن غفرا انصاری۔ ابوجہل زخمی ہو کر گر پڑے۔ معاذ۔ معوذ دونوں بھائیوں نے ابوجہل پر حملہ کر دیا۔ ابوجہل کے بیٹے عکرمہ نے معاذ کے بازو پر تلوار ماری اور بازو کٹ گیا، لٹکتا بازو رکاوٹ بنا تو اس نے پاؤں کے نیچے لے کر تسمہ کاٹ دیا۔ ایک بازو کے سہارے لڑتے رہے۔

س: معاذ نے کب وفات پائی؟

ج: حضرت علیؓ کے دور حکومت میں وفات پائی۔

نعمان بن عمرو انصاری

عقبی بدری۔ ظریف الطبع

س: نعمان بن عمرو کا حسب نسب بتایئے؟

ج: کنیت ابوعمرو۔ بنو نجار سے تعلق تھا۔ والدہ فاطمہ بنت عمرو بن عطیہ۔

س: نعمان کب مسلمان ہوئے، کب بیعت کی؟

ج: ہجرت سے پہلے مسلمان ہوئے ۱۳ نبوی میں بیعت عقبہ کبیرہ میں شریک ہوئے۔

س: نعمان نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: بدر سے تمام غزوات میں شرکت کی۔

س: نعمان بڑے خوش مزاج تھے۔ بتایئے انہوں نے حضرت سویط سے کیا مذاق کیا؟

ج: سویط کو مذاق میں غلام بنا کر بیچ دیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: کون صحابی حضورﷺ کیلئے موسم کا پہلا پھل لایا کرتے تھے۔رسولﷺ کی خدمت میں ہدیہ پیش کرتے۔

ج: جب دکاندار پیسہ کا مطالبہ کرتے تو رسولﷺ کے پاس بھیج دیا کرتے۔میرے پاس پیسے نہیں آپ ادا کردیں کون تھے؟

ج: نعمان بن عمرو انصاری۔

رافع بن مالک انصاری (بدری، انصاری صحابی)

س: رافع اوس کی شاخ بنو عمرو بن عوف سے تھے۔اِن کا حسب نسب بتایئے؟

ج: والد کا نام عبدالحارث والدہ منخدہ تھی۔یاسر بن منخدہ کی وجہ سے مشہور تھے۔

س: بدری صحابی تھے۔ہجرت کے فوراً بعد اسلام قبول کیا۔آپ نے کن غزدات میں شرکت کی؟

ج: بدر کے علاوہ احد اور خندق میں بھی بہادری کے جوہر دکھائے۔

س: آپ سب سے پہلے اسلام لانے والوں چھ لوگوں میں سے ایک تھے۔آپ نے کتنی مرتبہ ہجرت کی؟

ج: ۱۱نبوی میں ۶ لوگوں میں شامل تھے۔۱۲نبوی میں ۱۲میں سے ایک تھے۔۱۳نبوی میں ۷۵ میں سے ایک تھے۔

س: رافع بن مالک کا حسب نسب بتایئے؟

ج: کنیت ابو مالک تھی۔رافع بن مالک خزرج میں سے تھے۔والدہ کا نام معاویہ بنت عجلان تھا۔بیوی ام مالک رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کی اخیانی بہن صحابیہ تھیں۔

س: رافع کو بیعت عقبہ ثانیہ میں کیا اعزاز ملا۔

ج: بارہ نقیب میں شامل تھے۔قبیلہ زریق کے نقیب مقرر ہوئے۔

س: ۱۲ہجری تک جو قرآن نازل ہوا وہ سب سے پہلے کس انصاری نے لکھا۔

ج: رافع بن مالک اس وقت قران کو لکھ کر مدینہ لائے، وہاں لوگوں کو سنایا کرتے تھے۔

س: مدینہ میں سب مسجدوں سے پہلے بنو زریق کی مسجد میں قرآن پڑھا گیا۔تلاوت کرنے والے کون تھے۔

ج: رافع بن مالک انصاری سورۃ یوسف اور سورۃ طٰہٰ لوگوں کو سناتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: رافع نے کس جنگ میں شہادت پائی؟
ج: احد میں ۳ ہجری میں مشرکین مکہ سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

حضرت سعد بن معاذؓ

س: کس صحابی کے جنازے میں ستر ہزار فرشتوں نے شمولیت کی۔
ج: قبیلہ اوس کے رئیس سعد بن معاذ کے جنازے میں۔
س: جنگ خندق کے موقعہ پر حضور ﷺ نے قبیلہ غطفان سے کیوں صلح کرنی چاہی؟
ج: غطفان کے لیڈروں کو مشرکین مکہ سے الگ کرنے کے لئے سرداروں کو بلا کر ان سے صلح کی بات چیت کی۔
س: غطفان نے کیا شرط پیش کی؟
ج: حضور ﷺ کا کیا ردعمل رہا کہ اہل مدینہ اپنے پھلوں کا 1/2 حصہ انہیں دیں۔ قبیلہ اوس کے سردار سعد بن معاذ کے اور قبیلہ خزرج کے سردار سعد بن عبادہ نے کہا اگر اللہ کا حکم ہے تو ہم ماننے کو تیار ہیں ورنہ تلوار فیصلہ کرے گی۔
س: میں تم پر دباؤ کم کرنے کے لئے یہ کر رہا ہوں۔ جب تم مشرک تھے۔ اس وقت بھی ہم ان کو ایک تھیلی کھجوروں کی نہیں دیتے تھے۔ اب ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لا چکے ہیں۔
ج: اب ہم خراج نہیں دیں گے۔
س: معاذ کے ہاتھ زخمی ہوئے مشرک حسان بن عبدالمناف نے ننگے ہاتھ پر تیر مارا۔ جس سے ہاتھ کی رگ کٹ گئی، شدت سے خون جاری ہو گیا۔ حضورؐ نے قاتل کے لیے کیا دعا کی
ج: کہ تیرا چہرہ آگ سے جھلس جائے۔
س: مسجد نبوی میں خیمہ نصب کیا گیا تا کہ طبیب صحابیہ رفیدہ علاج کر سکے۔ غداری کی وجہ سے سعد بن معاذ کے فیصلے کے مطابق قتل کر دیا گیا۔
س: سعد بن معاذ کا حسب نسب بتایئے؟
ج: کنیت ابو معاذ دادا کا نام لقمان بن امراء القیس تھا۔
س: کس صحابی کے اسلام لانے پر اس کا قبیلہ ایک ہی دن میں شامل اسلام کیا گیا۔ حضور ﷺ

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

نے سعد کے قبیلہ کے بارے میں کیا فرمایا۔

ج: بنو نجار کو بہترین قبیلہ قرار دیتے تھے۔ چونکہ وہ پہلے اسلام لائے تھے۔

س: مدینہ میں سعد بن معاذ کے کون دینی بھائی بنے؟

ج: ابو عبیدہ بن الجراح/ایک جگہ سعد بن ابی وقاص کو بھی کہا گیا ہے؟

ج: جنگ بدر سے پہلے حضور ﷺ نے انصار کی رائے معلوم کی تو انہوں نے کیا کہا، سعد بن معاذ نے کہا کہ اگر آپ سمندر میں کودنے کا حکم دیں گے تو ہم کود پڑیں گے۔

س: غزوہ بدر میں قبیلہ کا علم کسے دیا گیا۔ غزوہ احد میں کیا شرف حاصل ہوا؟

ج: آستانہ نبوت کی پاسبانی کا شرف۔ بنو قریظہ کے فیصلہ کے مطابق حضور ﷺ نے فرمایا آپ نے اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ سُنایا۔

س: اس خاندان کے عمرو بن ثابت نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔

ج: شہر سے باہر تھے۔ واپس آنے پر پتہ چلا کہ کفار نے مدینہ پر چڑھائی کر دی اسے جوش آیا جنگ سامان پہن کر حضور ﷺ کے پاس حاضر ہو کر کہنے لگے میں پہلے اسلام قبول کروں یا جنگ میں چلا جاؤں۔ رسول ﷺ نے فرمایا دونوں کام کرو۔ اُنہوں نے پہلے اسلام قبول کیا۔ پھر لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔ اس نے تھوڑا اسا عمل کیا مگر اجر زیادہ پایا۔

براء بن مالک انصاری (اصحاب صفہ)

س: براء انس بن نضر کے بھتیجے تھے۔ انس بن مالک کے علاتی بھائی تھے۔ براء کا حسب نسب بتایئے؟

ج: خزرج کے خاندان نجار سے تھے۔ والد مالک بن نضر، والدہ ام سحماء تھی۔

س: کیا آپ کی والدہ اور والد اسلام لائے؟

ج: وہ دونوں اسلام کی نعمت سے محروم رہے۔ براء بن مالک اصحاب صفہ میں سے تھے۔ براء جنگ بدر میں حصہ نہ لے سکے مگر احد سے تبوک تک ہر جنگ میں حصہ لیا۔ ۱۱ ہجری مسلمہ کذاب جنگ یمامہ میں بھی لڑے۔ براء بن مالک کے علاتی بھائی تھے۔ "یہ حقیر لوگ جب قسم کھا لیتے ہیں تو اللہ اِن کی قسم پوری کر دیتا ہے" براء بھی ایسے لوگوں میں سے تھے۔

س: براء نے کب اور کہاں شہادت پائی؟

ج: شاہ ایران یزدگرد کے سپہ سالار ہرمزان کے ہاتھوں قتل ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت حارثہ نے جبرائیل کو کب اور کیسے دیکھا۔ جبرائیل نے ان کے بارے میں کیا فرمایا؟
ج: صوریق کے مقام پر حضرت وحیہ کلبی کی صورت میں دیکھا۔ جب وہ بنی قریظہ پر چڑھائی کے وقت پاس سے گزرے۔ دوسری دفعہ جنگ صفین کے دن جب وہ حضور ﷺ سے بات چیت کر رہے تھے۔ جبرائیلؑ نے فرمایا کہ یہ حنین میں 100 ثابت قدموں میں سے ایک ہیں۔ اگر وہ سلام کرتے تو ہم بھی ضرور جواب دیتے۔
س: کس شخص نے مکان حضرت علیؓ اور فاطمہؓ کو ہبہ کر دیا تھا؟
ج: حارثہ بن نعمان نے اپنے مکانات خالی کیے اور حضرت علی کو دے دیے۔
س: جب حضور نے کوئی نکاح کرتے تو حضرت حارثہ کے مکان میں ٹھہرتے۔
س: حارثہ بن نعمان کے لیے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟
ج: فاطمہ نے حضور ﷺ سے کہا کہ حارثہ بن نعمان سے کہہ کر ہمارے لیے مکان خالی کرا دیں۔ حضور ﷺ نے کہا اب مجھے حارثہ سے حیا آتا ہے۔ ہم بار بار اس کے مکان کو خالی کراتے ہیں۔
س: حارثہ نے بدر سے تبوک تک تمام غزوات میں حصہ لیا۔ آپ نے بدر میں کسے قیدی بنایا؟
ج: مشرک عثمان بن شمس جسے جبیر بن مطعم نے فدیہ دے کر رہا کرا لیا۔
س: حارثہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟
ج: ۵۱ ہجری مدینہ منورہ میں آخری عمر میں بینائی جاتی رہی تھی۔
س: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے جنت میں کس کے تلاوت کرنے کی آواز سنائی دی۔ بتایا گیا کہ وہ حارثہ بن نعمان ہیں۔

خبیب بن عدی انصاری (عالم فاضل بدری صحابہ)

س: خبیب نے کن تین باتوں کی خواہش کی؟
ج: ا۔ میٹھا پانی پلایا جائے۔ جو جانور بتوں کے نام پر ذبح ہوں، اُن کا گوشت مجھے نہ کھلایا جائے۔ ۳۔ قریش جب مجھے قتل کا ارادہ کریں تو مجھے پہلے بتا دیا جائے۔ خبیب سے آخری خواہش پوچھی گئی۔ دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت دی جائے۔
س: مشرکین نے انہیں قسم دے کر پوچھا کہ محمد ﷺ کو تمہاری جگہ سولی پر چڑھایا جاتا اور تم گھر میں آرام سے بیٹھو۔
ج: خبیب نے کہا۔ رسول ﷺ کے پاؤں میں کانٹا بھی چبھے اور میں آرام سے بیٹھا رہوں"

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مشرکین نے انہیں رسی کھینچ کر سولی پر چڑھا دیا۔ ایک نیزہ جسم کے پار ہو گیا۔

س: مشرکین نے خبیب کی لاش سولی پر لٹکتی چھوڑ دی۔ حضورﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: خبیب کو سولی پر چڑھا دیا گیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اِن کا سلام لائے ہیں۔

س: حضورﷺ نے خبیب کی درخت پر لٹکتی لاش اُتروانے میں کیا کردار ادا کیا؟

ج: عمرو بن امیہ سے کہا کہ جاؤ اور خبیب کی لاش اُتار لاؤ۔ رسہ کاٹا، لاش نیچے گری اور غائب ہو گئی۔

س: خبیب انصاری صحابی تھے۔ اُن کا نام اور کنیت بتائیے؟

ج: والد کا عدی قبیلہ کے خاندان اوس سے تعلق تھا۔

س: جنگ بدر میں حضورﷺ نے خبیب کے ذمہ کیا کام لگایا؟

ج: مجاہدین کے سامان کی حفاظت کیلئے مقرر کیا گیا۔

س: اُنھوں نے قریش کے رئیس عامر بن نوفل کو قتل کیا۔ قریش کے حلیف مشرک قبیلہ بنو لحیان آباد تھا۔ اُس نے کیا سازش کی؟

س: قریش مکہ مال دار خاتون سلافہ بنت سعد کے دو بیٹے مافظ بن طلحہ، حارث بن طلحہ اور خاوند عصم بن ثابت انصاری کے ہاتھوں مارے گئے۔ اس نے کہا کہ میں عاصم بن ثابت کے سر میں شراب پیوں گی۔

س: قبیلہ قارہ کے چند آدمی انعام کے لالچ میں مسلمانوں کے بھیس میں مدینہ آئے اور حضورﷺ سے معلم کی درخواست کی۔ عاصم بن ثابت کا خصوصاً ذکر کیا گیا۔ حضورﷺ نے چھ معلم بھیج دیئے۔

ج: وہ لوگ رجیع کے مقام پر پہنچے۔ بنو لحیان کے دو سو آدمیوں نے مسلمانوں پر حملہ کیا۔ ۶ لوگ شہید ہو گئے۔ عاصم نے دعا کی تھی کہ اللہ میری لاش کی حفاظت کا تیرا ذمہ ہے۔ دشمن سر کاٹنے لگے تو شہد کی مکھیوں نے چہرہ ڈھانپ لیا۔

س: مشرکین نے خبیب بن عدی سے کیا سلوک کیا؟

ج: ذیقعدہ میں قیدی ہوئے قتل ملتوی ہوا۔ ماریہ کے گھر میں قید کیا گیا۔ ماریہ بعد میں مسلمان ہو گئی۔

س: قرآن اکٹھا کرتے وقت سورۃ احزاب کی آیت ۲۹ کس صحابی سے ملی تھی؟

ج: خذیمہ بن ثابت سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت اوس بن صامت انصاری

(بدری صحابی اور شاعر)

س: حضرت اوس بن صامت نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: آپؓ کا تعلق اوس بن خزرج سے تھا۔ عثمانؓ کے دور میں بہتر ۷۲ سال کی عمر میں وفات پائی۔

س: ظہار کا سب سے پہلا واقعہ کس صحابی کے ساتھ پیش آیا؟

ج: اوس بن صامت انصاری۔ سورۃ مجادلہ میں بھی ذکر ہے۔

حضرت بشیر بن سعد

بدری، انصاری صحابی، عقبی

س: قبیلہ حارث بن خزرج سے تعلق تھا۔ بشیر بن سعد نے کب اور کہاں اسلام قبول کیا؟

ج: مصعب بن عمیر کے ہاتھوں مسلمان ہوئے بیعت عقبہ ثانی میں شریک ہوئے۔

س: ۷ ہجری غزوہ خیبر کے موقع پر آپ کو کیا شرف حاصل ہوا؟

ج: آپ مسلح دستہ کے ساتھ تھے، جو حضورﷺ کی حفاظت پر معمور تھا۔ سریہ بشر بن سعد کی سرداری کی تین سو مجاہدین کی قیادت کی۔

س: بشر بن سعد نے فتنہ ارتداد کی جنگوں میں حصہ لیا۔ مسلمہ کذاب کے خلاف جنگ یمامہ میں بھی شامل ہوئے۔ سعد نے خالد بن ولید کے ساتھ عراق، ایران اور شام کی لڑائیوں میں شمولیت کی۔ سعد نے کب سفر آخرت اختیار کیا۔

ج: ۱۲ ہجری میں عراق کے آخری معرکے کے عین التمر میں شہید ہوئے۔ شاعر رسول رواحہ کی ہمشیرہ آپ کی زوجہ تھی۔ (عمرۃ)

س: صحابی جو گھوڑے پر سوار ہوتے تو پاؤں زمین پر لگتے تھے، کون تھے؟

ج: بشر بن سعد، حضرت مصعب بن عمیر کی دعوت پر اسلام قبول کیا۔

س: ۱۳ نبوی میں بیعت کی۔ سریہ بشیر بن سعد ۷ ہجری میں بنو غطفان کی طرف روانہ ہوئے۔ ۷ ہجری میں حضورﷺ عمرہ کے لئے گئے۔ کون صحابی آپ کی حفاظت پر معمور تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: بشر بن سعد دستہ کے امیر تھے۔ صلح حدیبیہ پر ۱۴۰۰ صحابہ میں شامل تھے۔ اصحاب الشجرہ کا لقب پایا۔

س: جنگ خندق میں کس صحابی کے کھانے میں برکت کا معجزہ پیش آیا؟

ج: بشیر بن سعد کی اہلیہ عمرہ بنت رواحہ نے اپنی بیٹی کے ہاتھ عجوہ کھجور کا ایک پیالہ بشر بن سعد کو اور رواحہ کو بھیجا۔ حضور ﷺ نے بچی سے کھجوریں لے لیں جعال بن سراقہ غفاری کو بھیجا کہ اہل خندق کو کھانے پر بلاؤ۔ تمام صحابہ نے کھائیں، پھر بھی کھجوریں بچ گئیں۔

س: بشر بن سعد فتنہ ارتداء میں اپنے بہادری کے جوہر دکھاتے عراق میں شہید ہوئے۔ معرکہ عین التمر میں شہید ہوئے۔

س: سعد کی اہلیہ کس مشہور صحابی کی ہمشیرہ تھیں؟

ج: عبداللہ بن رواحہ

حضرت جبار بن صخر (عقبی صحابی۔ بدری۔ انصاری)

س: ابو عبداللہ کنیت، انصاری، قبیلے خزرج کے خاندان سے تھے اُن کا حسب نسب بتایئے؟

ج: والدہ کا تعلق معاذ بن سلمہ بنی خزرج سے تھی۔

س: جبار نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ۱۳ ہجری بیعت عقبہ میں شریک ہوئے۔

س: جبار کے دینی بھائی مدینہ میں کون تھے؟

ج: مقداد بن اسود

س: آپ کو حضور نے کس علاقہ کی کھجوروں کا تخمینہ لگانے کے لئے بھیجا گیا۔

ج: خیبر کے پھلوں کا اندازہ لگانے کے لیے۔

س: آپ نے کب وفات پائی؟

ج: ۳۰ ہجری، ۶۰ سال کی عمر میں

عبداللہ بن جبرین مطعم (عقبی۔ بدری، انصاری صحابی)

س: عبداللہ کا اوس کے خاندان عمرو بن عوف سے تعلق تھا۔ جبرین بن مطعم نے کب اسلام قبول کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: ۱۲ نبوی میں اسلام قبول کیا۔ بیعت عقبہ کبریٰ میں شامل تھے۔

س: جبرین نے بدر میں کس رشتہ دار کو قیدی بنایا۔

ج: حضرت ابوالعاص بن ربیع کو۔

س: جنگ احد میں جبرین نے کس جرأت کا مظاہرہ کیا؟

ج: احد میں ۵۰ تیر اندازوں کے ساتھ جبل عنین / جبل الرماۃ پر مقرر کیا احد میں جبرین بن معطم شہید ہوئے۔

حضرت عبیدہ بن حارث بدری (سابقون الاولون)

س: بدر سے واپسی پر وادی صفرا میں وفات پائی، صحابی کا نام بتائیے؟

ج: حضرت عبیداللہ بن حارث۔

س: حضرت عبیداللہ بن حارث کا حسب نسب کیا تھا؟

ج: ہاشم بن مناف کے پوتے تھے۔ حضورﷺ سے ۱۰ سال چھوٹے تھے۔

س: آپ کو شیخ المہاجرین کیوں کہتے ہیں۔

ج: کیونکہ ہجرت کے وقت اِن کی عمر ۶۰ سال سے زائد تھی۔

س: بدر سے پہلے آپ نے کس سرایہ کی قیادت کی؟

ج: سریہ ارابع ۸۰ سرداروں کے ساتھ وادی رابع میں قریش کی نقل وحرکت معلوم کرنے گئے۔

س: بدر میں عبیدہ کا قریش کے کون سے سردار سے مقابلہ ہوا؟

ج: سردار مکہ شیبہ سے، شیبہ نے ان کو زخمی کر دیا۔ حضرت حمزہ نے شیبہ کو قتل کر دیا۔ عبیدہ ۶۳ سال کی عمر میں شہید ہوئے۔

حضرت فردہ بن عمرو انصاریؓ

س: فردہ کو بیاضی کیوں کہتے ہیں؟

ج: چونکہ وہ خاندان بنو بیاضہ سے تھے۔ ۱۳ نبوی میں بیعت (عقبہ) کی

س: ان کے دینی بھائی کون بنے؟

ج: عبداللہ بن مخزمہ دینی بھائی بنے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: کیا آپ نے تمام غزوات میں رسول ﷺ کا ساتھ دیا؟
ج: جی ہاں۔
س: فردہ کو کن چیزوں میں خصوصی مہارت تھی۔
ج: پھلوں کی تعداد کا اندازہ خوشے شمار کر کے لگا لیتے تھے۔

ابورہم غفاری (صاحب الشجر ہ)

س: سفر طائف میں ابورہم کی اونٹنی حضور ﷺ کی اونٹنی سے ٹکرا گئی تھی۔
ج: اس پر حضور ﷺ نے بکریوں کا ریوڑ اُسے دے دیا تھا۔
س: آپ کو منحور لقب کس طرح دیا گیا۔
ج: غزوہ احد میں سینہ میں تیر لگا۔ حضور ﷺ نے لب لگا دیا۔ اِس لئے وہ منحور کے لقب سے مشہور ہوئے۔
س: ابورہم نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: مکہ پہنچ کر۔
س: فتح مکہ کے وقت کس کو قائم مقام بنایا گیا۔
ج: ۸ ہجری میں فتح مکہ میں ابورہم کو۔
س: ابورحم نے اُحد کے بعد کن موقعوں پر حضور ﷺ کا ساتھ دیا؟
ج: اصحاب الشجر ہ، غزوہ تبوک اور غزوہ طائف میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے۔
س: غزوہ تبوک میں غفاری کی کیا خدمات تھیں؟
ج: آپ کو پیغمبر نے قبیلہ کفار کے پاس بھیجوایا جس سے ایک بڑی جماعت مجاہدین میں شامل ہوگی۔

حضرت زید بن خطاب

بدری۔ مہاجر مدینہ۔ صاحب الشجر ہ

س: لقب ابوعبدالرحمٰن تھا۔ آپ کا تعلق بنوعدی سے تھا۔ والدہ بنو اسد سے تھیں۔ زید بن خطاب کا حضرت عمرؓ سے کیا رشتہ تھا؟
ج: حضرت عمر کے سوتیلے بڑے بھائی تھے۔ والدہ کا نام اسماء بنت وہب تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: زید نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: پہلے تین سالوں میں اسلام قبول کیا۔ ۱۳ ہجری میں مدینہ پہنچے۔ قبا میں رفاعہ بن عبدالمنذر کے ہاں ٹھہرے پھر معن بن عدی انصاری کے دینی بھائی بنے۔

س: آپ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: غزوہ احد، خندق، فتح مکہ، حنین اور طائف میں بھی گئے۔ بیعت رضوان اور حجۃ الوداع کے موقع پر بھی شامل تھے۔

س: حضرت ابوبکر کے زمانے میں فتنہ ارتداد کو روکنے کیلئے زید نے کیا خدمات سرانجام دیں؟

ج: مسلمہ کذاب کے خلاف لڑے۔

س: حضرت زید بن خطاب کس جنگ میں شہید ہوئے؟

ج: جنگ یمامہ میں ۱۱ ہجری میں شہادت پائی۔

مسلمہ بن اکوع (صاحب الشجرہ)

س: مسلمہ کی کنیت ابوعباس تھی۔ حسب نسب بتائیے؟

ج: دادا کی کنیت سے مشہور تھے۔ بنو اسلمہ سے تھے۔ اکوع کا اصل نام سنان تھا۔

س: مسلمہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: تعلق بنو اسلم سے تھا۔ ۶ ہجری میں پہلے اسلام لائے پھر مدینہ چلے گئے۔

س: بیعت رضوان کے موقع پر کس صحابی نے تین بار بیعت کی؟

ج: سلمہ بن اکوع نے۔

س: حدیبیہ میں کس صحابی نے تنہا اسلامی لشکر کی نگرانی کی؟

ج: مسلمہ بن اکوع نے۔

س: مسلمہ کو صاحب غابہ کیوں کہتے ہیں؟

ج: مدینہ سے بارہ میل دور غابہ کے مقام پر اونٹنیاں چراتے تھے۔ عنیبہ بن حصین فزاری نے چالیس سواروں کے ساتھ گلہ بان ابوذر غفاری کو شہید کر کے ۲۰ اونٹنیاں لے گئے۔ سلمہ نے تن تنہا مقابلہ کیا اور اونٹنیاں چھڑا کر لائے۔ سلمہ کو اس لئے صاحب غابہ کہتے ہیں۔

س: غزوہ خیبر پر حضور ﷺ نے مسلمہ سے کس محبت کا اظہار کیا؟

ج: غزوہ خیبر سے واپسی پر حضور ﷺ نے مسلمہ کو اپنی اونٹنی قصویٰ کے پیچھے بٹھایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: ۷ ہجری میں ابوبکر نے بنوکلب کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا۔
ج: مسلمہ نے تین خاندانوں کو قتل کیا اور فرار ہونے والی عورتوں کو گرفتار کیا۔ بنوکلب کی عورت کے بدلے مکہ سے قیدی رہا کرائے۔ سلمہ نے فتح مکہ کے معرکہ میں بھی حصہ لیا۔ اس کے بیان کے مطابق اسد نے سات غزوات اور ۹۹ معرکوں میں حصہ لیا۔
س: مسلمہ بن اکواع نے کب وفات پائی؟
ج: ۷۴ھ میں مدینہ آئے ۸۰ برس کی عمر میں فوت ہوئے۔ ۷۷ احادیث کے راوی ہیں۔

حضرت سعد بن عبادہ انصاری

سابقون الاولون (عقبی صاحب الشجرہ۔ بدری)

س: سعد کی کنیت ابوقیس تھی۔ ان کا حسب نسب بیان کریں؟
ج: خزرج کی شاخ بنوساعدہ کے امیر سعد بن عبادہ۔ والد کا نام عبادہ اور والدہ کا نام عمرو بنت مسعود تھا۔ والدہ صحابیہ تھیں۔
س: آپ کب اسلام لائے؟
ج: بیعت عقبہ کبیرہ میں۔
س: سعد بن عبادہ کیسے قیدی بنے اور کیسے رہائی پائی؟
ج: بیعت عقبہ کبیرہ خفیہ ہوئی تھی۔ قافلہ نکل گیا اور سعد بن عبادہ اور منذر بن عمرو گرفتار ہوئے۔ مشرکین نے ہاتھ گردن سے باندھ کر خوب مارا پیٹا۔ ابطح کے مقام پر حارث بن امیہ اور جبیر بن مطعم نے رہائی میں مدد کی۔
س: سعد بن عبادہ کو حضور ﷺ نے کب اپنا نائب مقرر کیا؟
ج: غزوہ ابوا کے وقت۔
س: حضور ﷺ نے انصار سے ان کی مرضی بدر کے موقع پر چاہی تو سعد بن عبادہ نے کیا جواب دیا؟
ج: آپ ہمیں سمندر میں کودنے کا حکم دیں تو ہم کود پڑیں گے۔ خشکی کا حکم دیں تو ہم برک الغماد (یمن) تک اپنے اونٹوں کے کلیجے پگھلا دیں گے۔ بدر میں عبادہ کتے کے کاٹنے کی وجہ سے نہ جا سکے۔ لیکن مالِ غنیمت میں حصہ پایا۔ غزوہ احد میں حضور ﷺ کی تیمارداری میں حصہ لیا۔ اُحد میں رات بھر پہرہ دیا۔ بنونضیر کے موقع پر مجاہدین کو اپنے خرچہ پر کھجوریں بھی تقسیم کرتے رہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: غزوہ احزاب میں آپ کو کیا اعزاز ملا؟
ج: احزاب میں انصار کا علم آپ کے ہاتھ میں تھا۔
س: خیبر میں تین جھنڈے بنائے گئے۔ایک جھنڈا سعد بن عبادہ کو دیا گیا، پھر واپس کیوں لیا گیا؟
ج: سعد کو خطرہ تھا کہ وہ قریش پر تلوار نہ چلادیں۔سعد سے جھنڈا لے کر اُن کے بیٹے کو دے دیا گیا۔قیس سے جھنڈا لیکر حضرت زبیر بن العوام کو دے دیا گیا۔غزوہ حنین میں سعد بن عبادہ بنو خزرج کے علم بردار تھے۔
س: سعد نے کب اور کیسے وفات پائی؟
ج: ۱۵ ہجری میں نیزہ لگنے سے وفات پائی۔اصحاب صفہ کو اکثر کھانا بھیجا کرتے تھے۔

حضرت صفوان بن معطل

سپہ سالار، صاحب الشجرہ، عالم و فاضل

س: کنیت ابوعمر اور قبیلہ بنو سلیم سے تعلق تھا۔انہوں نے کب اسلام قبول کیا؟
س: ۵ ہجری میں غزوہ مصطلق میں حصہ لیا۔ان کے ذمہ کیا کام لگایا گیا؟
ج: کہ وہ مجاہدین کی گری پڑی چیزیں ساتھ لیکر چلیں۔اس غزوہ میں ایک خاص واقعہ پیش آیا۔حضرت عائشہؓ صدیقہ بھی ساتھ تھیں۔عائشہؓ رفع حاجت کے لئے گئی ہوئی تھیں۔گلے کا ہار جو حضرت اسمؓا سے مستعار لیا تھا گم ہو گیا۔صفوان اِن کو اونٹ پر بٹھا کر قافلے سے جا ملے۔عبداللہ بن ابی نے عائشہؓ اور صفوان پر تہمت لگائی۔حج کے موقع پر عقبہ حضرت عمر سے ملے اور استعفیٰ دے دیا۔بادل نخواستہ بصرہ گئے راستہ میں اونٹ نے ٹھوکر کھائی، گرے اور انتقال فرما گئے ۷۵ سال عمر تھی۔
س: حضرت عبداللہ بن حذافہ سپہ سالار صاحب الشجرہ وہ حذیفہ کنیت کرتے تھے۔حضرت عمر نے خرطوم میں مسرت میں اِن کی پیشانی چوم لی تھی۔حفصہ کے پہلے خاوند خنیس بن حذافہ عبداللہ بن حذافہ کے بھائی تھے۔ان کی کیا خدمات تھیں؟
ج: دو ہجری سریہ عبد اللہ بن جحش۔غزوہ بدر خندق۔خیبر حنین، طائف، تبوک (عیش العسرت)۔
س: کن خاص موقعوں پر رسول اللہ ﷺ کی ہم رکابی کی؟

www.KitaboSunnat.com

ج: حدیبیہ۔ اصحاب الشجرہ، فتح مکہ میں دس ہزار قدسیوں کے ساتھ ۱۰ ہجری میں آخری حج میں ایک لاکھ بیس ہزار مسلمانوں میں عتبہ بھی شامل تھے۔

س: عتبہ بن غزوان نے اسلح سے مسلمانوں کو پہلے گھروں نے سے نکالنے میں کیسے مدد حاصل کی۔

ج: حضرت......کی مدد سے۔

س: جب عتبہ نے سردی کی شکایت حضرت عمر سے کی تو انہوں نے کیا فرمایا؟

ج: ساتھیوں کو جمع کرو، پانی اور سبزے کے قریب جگہ کا انتخاب کرو۔ اس طرح بصرہ آباد ہوا۔ عتبہ ۶ ماہ تک بصرہ کے گورنر رہے۔

س: سورۃ نور سے عائشہ کی برأت نازل ہوئی۔ اللہ نے خود تصدیق کر دی۔ رسول اللہ ﷺ نے صفوان بن معطل کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا میں ان سے اچھائی کے سوا کچھ نہیں جانتا۔ ۱۷ نبوی میں حضرت عمر کے زمانے میں آرمینیہ کے معرکے میں شہید ہوئے۔

عتبہ بن غزوان

سپہ سالار سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ، مدینہ، صاحب الشجرہ، بدری صحابی

س: آپ کا حسب نسب کیا ہے؟

ج: قیس کی شاخ بنو مازن سے تھا۔ ۳۰ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ وہ ساتویں مسلمان تھے۔ (لیکن اس سے زیادہ تعداد تھی)۔ عتبہ نے دو ہجرتیں کیں۔ پہلی ہجرت حبشہ ۸۲ مرد اور ۲۰ عورتوں میں دوسری مدینہ منورہ میں۔ قریش کا ایک وفد عکرمہ بن ابی جہل مسلمانوں کی سرگرمیاں دیکھنے کیلئے آیا۔ عتبہ بن غزوان اور مقداد بن اسود بھی اس میں شامل ہو گئے۔ دونوں قافلوں کا آمنا سامنا رابغ میں ہوا۔ قریش پس پا ہوئے اور بھاگ گئے۔ یہ دونوں عتبہ اور مقداد بن اسود مسلمانوں میں واپس جا ملے۔ عتبہ، عبداللہ بن سلمہ کے ہاں ٹھہرے انہیں کو اسلامی بھائی بنایا گیا۔ مواخات جو ۷ ماہ بعد ہوا آپ ابودجانہ کے مواخاتی بھائی بنا دیئے گئے۔

س: عتبہ کو کسب فیض کا موقع کم ملا۔ لیکن پھر بھی وہ فضلا میں کیوں شامل ہیں؟

ج: ان کو عربی زبان پر عبور حاصل تھا۔ لب لہجہ حضور ﷺ سے ملتا تھا۔ حضرت عائشہؓ حضرت عمر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فاروقؓ، حضرت عثمانؓ اور سب سے لوگوں سے علم حاصل کیا۔ قرآن کے نسخے نقل کرنے والوں میں اِن کا شمار تھا۔ ۲۹ ہجری میں عثمان بن ولید کی جگہ سعید بن عاص کو گورنر بنایا گیا۔ حضرت سعید نے دیگر نوجوانوں سے مل کر عثمان کی حفاظت کی۔ گوشہ نشین ہو گئے۔ جنگ جمل اور جنگ صفین میں حصہ نہیں لیا۔ ۵۹ء میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

عبداللہ بن زبیر (کم سن صحابی)

س: ہجرت مدینہ کے بعد سب سے پہلا بچہ کون پیدا ہوا؟

ج: عبداللہ بن زبیر۔ پیدائش پر حضورﷺ نے چبا کر کھجور چبا کر اُن کے منہ میں ڈالی۔

س: عبداللہ بن زبیر کا حضور سے کیا رشتہ تھا؟

ج: عبداللہ بن زبیر حضورﷺ کے پھوپھی زاد بھائی زبیر بن العوام کے بیٹے تھے اور حضورﷺ کے بھتیجے تھے۔ حضورﷺ یوں اُن کے خالو لگے۔

س: عبداللہ بن زبیر کی کنیت کیا تھی؟

ج: کنیت ابوبکر تھی۔

س: آپ نے پہلی کس جنگ میں حصہ لیا؟

ج: یرموک میں۔

س: حضرتِ عثمان نے ۲۶ھ میں عبداللہ کو طرابلس کی فتح کے لئے روانہ کیا۔ عبداللہ بن زبیر کمک لے کر گئے۔

حضرت عبداللہ بن جعفر (کم سن صحابی)

س: جعفر بن ابی طالب کے بیٹے کا لقب بتائیں جن کا لقب بحرالجود تھا۔

ج: اسما بنت عمیس کے بیٹے کا نام عبداللہ بن جعفر کنیت ابوعبداللہ تھی۔ ان کے والد موتہ میں شہید ہوئے۔

س: عبداللہ بن جعفر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: ۶ نبوی میں حبشہ میں ہجرت کی، وہاں ۱۳ سال رہے۔ عبداللہ حبشہ میں پیدا ہوئے۔ پیغمبر نے دعا کی الٰہی تو جعفر کے اہل و عیال کی سرپرستی فرما۔ عبداللہ کے داہنے ہاتھ کے کاروبار میں برکت دے۔ عبداللہ حضورﷺ کے بھتیجے تھے۔ شکل و صورت میں حضورﷺ کے مشابہ تھے۔ حضورﷺ فرماتے تھے۔ عبداللہ خلقاً اور خلقاً مجھ سے مشابہ ہیں۔ اِن کی شادی زوجیب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بنت علی سے عہد فاروقی میں ہوئی۔

عمر کے زمانے میں عبداللہ بن زبیر نے تجارت شروع کی۔ جنگ صفین میں شامیوں سے لڑے۔ کوفہ میں جاتے وقت عبداللہ نے اپنی بیوی کو کوفہ جانے دیا۔ عبداللہ کے دونوں صاحب زادوں نے بھی کربلا میں شہادت پائی۔

حضرت عمیر بن سعد (کم سن صحابی)

س: عمیر نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: عمیر نے اپنے سوتیلے باپ کے ساتھ 'جلاس' میں اسلام قبول کیا۔ ان کے باپ سعد بن عبیدہ نے بچپن میں وفات پائی۔ سعد کی والدہ نے جلاس بن سوید سے نکاح کر لیا۔

''اگر محمد ﷺ اپنے دعویٰ میں سچے ہیں تو ہم گدھوں سے بھی بدتر ہیں'' یہ جلاس کے الفاظ ہیں۔ ۳۰ ہجری میں حضرت سعید بن العاص نے طبرستان پر فوج کشی کی تو عبداللہ بن زبیر بھی ان کے ساتھ تھے۔ جنگ جمل میں حضرت عائشہ ام المومنین کی پیدل فوج کے افسر بنے۔

س: یزید کی بیعت آپ نے نہیں کی۔ خانہ کعبہ کو کس طرح نقصان پہنچا؟

ج: شامی فوج نے ۳۲ دن تک مکہ میں قتل و غارت کی۔ عبداللہ بن زبیر نے شہر سے باہر مقابلہ کیا۔ یزید کا انتقال ہوا تو زبیر کو نجات ملی۔ زبیر نے خانہ کعبہ کی از سر نو مرمت کی، حجر اسود پر چاندی کا خول چڑایا۔

س: کیا عبداللہ بن زبیر کے زمانے میں مسلم سلطنت دو حصوں میں بٹ گئی۔
حجاز اور عراق میں زبیر کی حکومت تھی۔ عبداللہ بن زبیر کی حکومت کس طرح ختم ہوئی؟

ج: عراق پر قبضہ ہو گیا۔ پھر زبیر مکہ تک محدود ہو گئے۔ عبدالمالک کی فوج نے 5 ہزار سپاہیوں سے مکہ پر منجیقوں سے پتھر برسائے۔ ۷ ماہ محاصرہ جاری رہا۔ ابن زبیر کے ساتھی حجاج سے جا ملے۔ خبیب آپ کے بیٹے بھی ساتھ چھوڑ گئے۔ عبداللہ بن زبیر کا دھڑ سولی پر لٹکا دیا گیا۔ عبداللہ بن زبیر نے ۱۲ سال تک حکومت کی۔ عبداللہ بن زبیر نے پہلی مرتبہ گول درہم، سکے ڈھلوائے۔ عبداللہ بن زبیر کی شکل اپنے نانا ابوبکر سے ملتی تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت عبداللہ بن عامرؓ

س: عہدِ رسالت اور فاروقی دور میں کم سن تھے۔ آپ کا کس خاندان سے تعلق تھا؟

ج: قریش کے خاندان بنو عبد الشمس سے تھے۔

س: والد کا نام عمر بن کریز تھا۔ عبداللہ بن عامر کا حضور ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: آپ حضور ﷺ کی پھوپھی بیضاء بنت عبد المطلب کے بیٹے تھے۔ یوں عبداللہ بن عامر حضور ﷺ کے بھتیجے لگے۔ حضور ﷺ کے والد عبداللہ اور ام حکم بیضا بنت عبد المطلب کا حضرت عثمان سے کیا رشتہ تھا؟

ج: عثمان غنی عبداللہ بن عامر کے پھوپھی زاد بھائی تھے۔

س: عبداللہ نے عثمانی دور میں کیا فتوحات کیں؟

ج: عبداللہ بن عامر نے کابل کو فتح کیا۔ ۲۹ ہجری میں عبداللہ بن عامر کو بصرہ کا گورنر بنایا گیا۔ عبداللہ بن عامر نے دراب پور کا علاقہ بھی فتح کیا۔

س: عبداللہ عامر نے عثمانی دور میں کون کون سی فتوحات کیں؟

ج: جنگ جمل میں آپ نے حضرت عائشہ کا ساتھ دیا۔ حنین میں حصہ نہیں لیا۔ انہوں نے جنگ کے معاہدہ پر دستخط کئے۔

س: عبدالرحمان بن عامر نے کب وفات پائی۔

ج: ۵۹ ہجری میں وفات پائی۔

حضرت حسیل بن الیمان

س: اصفہان کے خاندان عبس سے تعلق تھا۔ حسیل کا حسب نسب بتائیے۔

ج: اِن کی کنیت ابوحذیفہ تھی۔ والد کا نام جابر بن عمرو تھا۔ دادا کا نام مالم الیمان تھا۔ اِن کے دادا نے بنو عبد الاشہل کی رباب بنت کعب سے شادی کی۔ یمنی تھے۔ اسی لئے یمانی کہلاتے تھے۔

س: حسیل نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: والد کے ساتھ ہی ایمان لائے۔ بیوی نے بھی اسلام قبول کیا ہوا تھا۔

س: حسیل اپنے والد کے ساتھ جنگِ بدر کے لئے روانہ ہوئے۔ لیکن جنگ میں شرکت نہ کر سکے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

ج: مشرکین سے وعدہ تھا کہ جنگ میں شرکت نہیں کریں گے۔ حضور ﷺ سے بات ہوئی تو انہوں نے بھی عہد شکنی نہ کرنے کو کہا۔ ۳ ہجری میں احد میں بیٹے کے ساتھ ہجرت کی۔ حضرت حسیل ضعیف العمر تھے۔ عورتوں کی حفاظت کے لئے پیچھے چھوڑے گئے۔ ایک ٹیلہ پر بٹھا دیا گیا۔ جوش آیا۔ میدان جنگ میں کود پڑے۔ قریش کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ حضور ﷺ نے دیت دی تو ابوحذیفہ نے صدقہ کر دی۔

حضرت خارجہ بن زید انصاری

عقبی۔ بدری۔ انصاری۔ بزرگ صحابی

س: سلا بن ربیع بھتیجے کے ساتھ دفن ہوئے۔ ۱۳ ہجری میں بیعت کی۔ آپ کا حسب نسب کیا تھا؟

ج: حارث بن خزرج سے تعلق تھا۔ خاندان کے رئیس تھے۔ خارجہ بن زید کا دینی بھائی بنایا گیا۔ اپنی بیٹی حبیبہ کا نکاح ابوبکر سے کر دیا۔ احد میں شہید ہوئے۔

تمیم بن اوس داری

(عالم و فاضل) اہل کتاب صحابہ

س: اگر میری کوئی لڑکی ہوتی تو اس کا نکاح اس سے کر دیتا۔ تمیم بن اوس داری نے مسجد نبوی میں پہلی بار باقاعدہ روشنی کا انتظام کیا۔ تمیم بن اوس شام کے رہائشی تھے۔ مسیح کے پیروکار تھے۔ آپ کا قبیلہ کون سا تھا؟ آپ داری کیسے بنے؟

ج: ان کا قبیلہ لخم تھا۔ اقدار میں ایک شخص دار تھے۔ داری بن گئے۔

س: تمیم نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ۹ ہجری میں بھائی نعیم کے ساتھ۔

س: تمیم کو خیر اہل المدینہ کا خطاب ملا۔

ج: ۹ ہجری میں غزوہ تبوک میں حصہ لیا۔

س: تمیم انجیل کے عالم تھے۔ قرآن کے ساتھ شغف تھا۔ قرآن کے جمع کے وقت تمیم بھی ان کے ساتھ تھے۔ تمیم عورتوں کو باقاعدہ ترویج پڑھاتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قیس بن سعد

عدی انصاری۔ بزرگ صحابی

س: الٰہی سعد پر اپنی رحمت فرما کس صحابی کے لئے یہ دُعا کی گئی؟

ج: قیس کے والد سعد بن عبادہ کیلئے۔

س: قیس کا حسب نسب بتائیے؟

ج: والد سعد بن عبادہ والدہ فکیہہ۔ بنت عبید دونوں قبیلہ سعد سے تھے۔

س قیس بن سعد گدھے / گھوڑے پر سوار ہوتے تو پاؤں زمین پر لگتے۔ آپ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: سریہ سیف البحر اور غزوہ فتح مکہ۔

س: فیاضی اور سخاوت کس خاندان کا خاصہ ہے؟

ج: سیف البحر میں مجاہدین کے کھلانے کے لیے تین اونٹ قرض لے کر ذبح کیے۔

س: فتح مکہ کے دن علم (جھنڈا) کن کن صحابہ کرامؓ کے ہاتھوں میں آیا۔

ج: فتح مکہ کے دن علم سعد بن عبادہ کے پاس تھا پھر ان کے بیٹے قیس بن سعد کے پاس۔ کیا پھر ان سے لیکر زبیر بن العوام کو دیا گیا۔

س: قیس بن سعد نے کہاں وفات پائی؟

ج: ۶۰ ہجری میں۔ مدینہ میں وفات پائی۔

حضرت عبداللہ بن سلام

(اہل کتاب صحابی)

س: عبداللہ کی کنیت ابو یوسف تھی، ان کا حسب نسب بتائیے؟

ج: نام معین تھا۔ خاندان قینقاع سے تعلق تھا۔ آہن گری میں خصوصی مہارت تھی۔ عبداللہ بن سلام قبیلہ کے سردار بڑے عالم تھے۔ تورات میں حضورﷺ کی نشانیاں پڑھ کر اسلام لائے ا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نبوی میں مدینہ ۶ لوگ اسلام لائے عبداللہ بھی زیارت کے لئے بے چین تھے۔ایک دن اپنی پھوپھی کے باغ میں (خالدہ بنت حارث) پھل توڑ رہے تھے۔حضور ﷺ کی آمد پر نعرہ تکبیر بلند کیا۔

س: عبداللہ بن سلام کب اسلام لائے؟

ج: ۱۳ نبوی میں۔

س: حصین بدل کر کس نے عبداللہ نام رکھا؟

ج: حضور ﷺ نے۔

س: عبداللہ نے حضور ﷺ اسلام قبول کرنے سے پہلے کون سے سوالات کیے؟

ج: (1) قیامت کی پہلی علامت۔(2) اہل جنت کو کھانے سے پہلے کیا دیا جائے گا۔(3) کس وجہ سے بچے کی شکل ماں یا باپ پر ہوتی ہے؟

س: حضور ﷺ نے تینوں سوالات کے جوابات دیے۔

ج: آگ ہوگی جو مشرق سے مغرب تک جائے گی۔پہلی خوراک مچھلی کا جگر۔اگر ماں کا مادہ تولید غالب رہا تو ماں کی شکل، والد کا ہو تو بچہ والد کی شکل پر ہوگا۔

عبداللہ بن سلام احزاب میں مدینہ کی حفاظت کرنے والوں میں شامل تھے۔عبداللہ بن سلام علی کو مدینہ چھوڑ کر کوفہ جانے سے منع فرماتے رہے۔

س: عبداللہ بن سلام نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: ۴۳ ہجری میں امیر معاویہ کے زمانے میں وفات پائی۔

حضرت عبداللہ بن سلام کو جنت کی بشارت دی گئی۔عبداللہ بن سلام عالم اور حافظ قرآن بن گئے۔عبداللہ کو خواب کی تعبیر خود حضور ﷺ نے بتائی کہ تم مرتے وقت اسلام پر قائم رہو گے۔

ابوالعاص بن ربیعہ

س: حضرت عثمان، حضرت علی، حضور ﷺ کے داماد تھے، تیسرے داماد کا نام بتایئے؟

ج: ابوالعاص بن ربیع۔

س: ابوالعاص کا حضور ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کے بھانجے تھے۔

س: حضور ﷺ امین تھے۔آپ نے اپنے کس داماد کو امین کہا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: ابوالعاص کو جو کہا سچ کہا۔ وعدہ کیا پورا کیا۔

س: آپ کا نکاح حضرت زینب سے کب ہوا؟

ج: بعثت سے چند سال پہلے۔

س: حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہارے داماد نے ہماری دامادی کا پورا حق ادا کیا۔

ج: شعیب ابی طالب میں یہ اپنی خالہ کے لئے کھانے پینے کی اشیاء پہنچاتے رہے۔

س: جنگ بدر میں ابوالعاص کو کس نے قیدی بنایا؟

ج: عبداللہ بن جبیر کے ہاتھوں گرفتار ہوئے۔

س: ابوالعاص کی رہائی کیلئے زینب بنت رسول نے دیور عمرو بن ربیع کے ہاتھ کیا بھیجا؟

ج: ایک ہار جو حضرت خدیجہ نے انہیں جہیز میں دیا تھا۔

س: رسول ﷺ نے زینب کا ہار دیکھ کر کیا فرمایا؟

ج: اگر مناسب سمجھو تو زینب کو یہ ہار واپس کر دو۔ یہ اس کی ماں کی نشانی ہے۔ ابوالعاص کا فدیہ ہے کہ وہ مکہ جا کر زینب کو مدینہ بھیج دے۔ ابوالعاص نے وعدہ کے مطابق زینب کو اپنے چھوٹے بھائی کنانہ کے ساتھ مدینہ روانہ کیا۔ مگر مشرکین نے انہیں طویٰ کے مقام پر گھیر لیا۔ ہبار بن اسود نے نیزہ مارا تو زینب اونٹ سے گری اور حمل ساقط ہو گیا۔ ابوسفیان نے بیچ بچاؤ کروایا۔ مشرکین نے ابوالعاص کو زینب کو طلاق دینے پر مجبور کیا لیکن ابو العاص نہ مانے۔

س: دوسری مرتبہ ابوالعاص کب مدینہ پہنچے؟

ج: ۶ ہجری کے آخر میں تجارتی قافلہ شام کے ساتھ عیص کے مقام پر مسلمانوں نے مال لوٹ لیا۔ ابوالعاص نے مدینہ پہنچ کر حضرت زینب کی پناہ لی۔ فجر کی نماز میں زینب نے کہا میں نے ابوالعاص کو پناہ دی ہے۔ تم بھی اسے پناہ دو۔

س: صحابہؓ نے ابوالعاص کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

ج: لوٹا ہوا مال واپس کر دیا۔

س: ابوالعاص کب مسلمان ہوئے؟

ج: محرم سات ہجری میں مدینہ آ کر کاروبار شروع کیا۔

س: حضرت زیب نے کب وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: ۸ ہجری میں، بیٹا علی، اور بیٹی امامہ چھوڑی۔
س: ابوالعاص کب فوت ہوئے؟
ج: ۱۳ ہجری میں جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

حضرت طفیل ذوالنور

قبیلہ اوس کے شاعر تھے۔ طفیل بن عمرو مکہ گئے تو لوگوں نے اِن کو آگاہ کیا کہ محمد ﷺ کی بات نہ سُنتا۔ وہ باپ کو بیٹے سے میاں کو بیوی سے الگ کردیتے ہیں۔ طفیل نے کانوں میں روئی ٹھونس لی۔

حضور سے سورہ اخلاص اور معوذتین سنی اور اسلام لے آئے۔ طفیل نے کلام الٰہی سُن کر کیا کہا کہ اس سے بہتر کوئی کلام آج تک نہیں سُنا۔ حضور نے طفیل کو راستہ دکھانے کے لیے نشانی دی طفیل وہ نشانی لیکر اندھیرے میں چل دیے۔ راستہ میں اِن کا چہرہ روشن ہوگیا۔ طفیل نے دعا کی کہ اللہ اسے چہرے کی بجائے کسی اور جگہ منتقل فرمادے تو یہ روشنی عصا میں منتقل ہوگئی۔

س: ذوالکفین نام کا بت کس نے توڑا؟
ج: ۲ ہجری میں طفیل نے۔ اِس کی وجہ سے ذوالنور کا لقب ملا۔
س: طفیل کی تبلیغ سے کس کس نے اسلام قبول کیا؟
ج: والدہ، بیوی اور بچوں نے اللہ کے دین کو قبول کیا۔
س: سرداری کی تبلیغ سے قبیلہ اوس کا صرف ایک آدمی اسلام لایا وہ کون تھا؟
ج: ابو ہریرہ۔
س: طفیل ذولنور نے کون سے غزوات میں حصہ لیا؟
ج: ۷ ہجری میں ۸۰ افراد سے غزوہ خیبر میں شریک ہوئے۔ غزوہ طائف میں بھی شمولیت کی۔
س: طفیل دوسری کس جنگ میں شریک ہوئے؟
ج: جنگ یمامہ میں۔

حضرت عبد یالیل ثقفی

س: طائف کے ایک رئیس عبد یالیل نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: ۹ ہجری میں ۱۵ افراد کے ساتھ حاضر ہوئے۔ بڑی بحث ومباحثہ کے بعد اسلام قبول کیا۔ اہل طائف جو بتوں کی پرستش کرتے تھے۔ عمرو بن عمیر کے تین بیٹے تھے۔ عبد یالیل، مسعود،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حبیب۔ ان لوگوں نے سفر طائف میں حضور ﷺ سے بڑی بدتمیزی کی، غنڈے پیچھے لگا دیئے۔ طائف کا محاصرہ تین ماہ جاری رہا۔

س: آپ نے دُعا کی یا اللہ اہل طائف کو ہدایت دے کہ وہ میرے پاس حاضر ہو جائیں۔ یہ دُعا کب قبول ہوئی؟

ج: ۹ ہجری میں یہ وفد مدینہ آیا۔ اس طرح یہ دُعا قبول ہوئی۔

س: واپسی پر اُنہوں نے حضور ﷺ سے کہا کہ ہمارے لئے کسی کو امام مقرر فرمائیں۔ آپ نے کسے امام مقرر فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے عثمان بن ابی العاص کو امام مقرر فرمایا۔ یہی تمہارا اور میرا امام ہے۔

حضرت عتاب بن اسید (اموی)

س: فتح مکہ کے بعد حضور ﷺ نے کسے عامل مقرر کیا۔

ج: حضرت عتاب بن اسید کو۔

س: فتح مکہ سے پیشتر حضور ﷺ نے کن چار صحابہ کا رجحان اسلام کی طرف ہے کا ذکر کیا؟

ج: ا۔ عتاب بن اسید۔ ۲۔ سہیل بن عمر۔ ۳۔ حکم بن خرام۔ ۴۔

س: حضور ﷺ نے حضرت علی کو ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کی اجازت نہ دی تو کس کا نکاح اس سے ہوا؟

ج: عتاب بن اسید سے ابوجہل کی بیٹی الحنفا سے نکاح ہوا۔

س: عتاب نے کب وفات پائی؟

ج: عتاب نے ۱۳ ہجری میں ۲۵ سال کی عمر میں وفات پائی۔

حضرت عثمان بن طلحہ عبدری

س: جو شخص تم میں سے یہ چابی چھینے گا وہ ظالم ہوگا۔ یہ کس کے الفاظ ہیں۔

ج: رسول اللہ ﷺ کے۔

س: اِن کا تعلق قریش کی کس شاخ سے تھا۔

ج: اِن کا تعلق قریش کی شاخ بنی عبدالدار سے تھا۔ یہ عثمان بن طلحہ تھے۔ والد کا نام سلافہ تھا۔ ان کے والد سلافہ زمانہ جاہلیت سے کلید بردار کعبہ تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: ام سلمیٰ کی ہجرت مدینہ میں کس نے انہیں مدینہ پہنچایا؟
ج: عثمان بن طلحہ
س: عثمان بن طلحہ ابھی مسلمان نہ تھے۔ سلمیٰ اکیلی مکہ سے مدینہ جارہی تھی۔ خدا کی قسم میں نے عثمان بن طلحہ سے بڑھ کر (ساتھ دینے والا) شریف انسان کوئی نہیں دیکھا۔ یہ الفاظ کس کے ہیں؟
ج: حضرت ام سلمیٰ کے۔
س: عثمان بن طلحہ نے ۶ ہجری میں فتح مکہ سے پہلے اسلام قبول کرلیا تھا۔ آپ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟
ج: حنین، طائف، میں حضور ﷺ کی وفات کے بعد مکہ آگئے، وہیں وفات پائی۔
س: حضور ﷺ کعبہ کی کنجی عثمان بن طلحہ کو کیوں نہیں دینا چاہتے تھے؟
ج: چابیاں والدہ کے پاس تھیں جو مسلمان نہ ہوئی تھیں۔ حضرت عثمان نے یہ کنجی والدہ سے زبردستی لے کر رسول ﷺ کو دی تھی۔ پارہ ۵، رکوع ۵ کی آیت کے نزول کے بعد چابی عثمان بن طلحہ کو دے دی گئی۔

حضرت فضل بن عباس (رشتہ دار صحابی)

س: والد کا نام عباس، والدہ کا نام ام الفضل، صحابی کا نام بتایئے؟
ج: حضور ﷺ کے چچازاد فضل بن عباس، قدیم الاسلام تھے۔ فتح مکہ کے بعد والدین کے ساتھ ہجرت مدینہ کی۔
س: فضل بن عباس نے کہاں کہاں حضور ﷺ کی ہم رکابی کی؟
ج: فتح مکہ سے غزوہ حنین تک۔
س: جب حضور ﷺ آخری خطبہ کیلئے باہر آئے تو حضرت فضل نے آپ کو سہارا دیا۔ حضور ﷺ کے آخری غسل کے لیے فضل پانی لاتے تھے۔ حضرت علی غسل دیتے تھے۔ فضل کب کیسے فوت ہوئے؟
ج: ۱۸ ہجری میں طاعون عمواس میں فوت ہوئے۔ بعض کا خیال ہے کہ جنگ اجنادین میں شہید ہوئے۔

حضرت کرز بن جابر فہری

س: کس شخص نے اہل مدینہ کے مویشی لوٹ لئے تھے اور بعد میں اسلام لائے اور صحابی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رسول ﷺ کہلائے۔

ج: ۱۲ ہجری میں جماء کی چراہ گاہ سے مویشی لوٹے۔ اس کے کچھ عرصہ بعد مسلمان ہو گئے۔

س: ۶ ہجری میں ۸ آدمی اسلام لائے۔ قبیلہ کے بیمار لوگوں کو حضور ﷺ نے قبا کے قریب بھیج دیا۔ تاکہ مویشی چرائیں، اونٹنیوں کا دودھ پی کر تندرست ہو جائیں تندرست ہوئے تو غداری کی غلام یسار کے ہاتھ کاٹ دیئے۔ آنکھوں اور زبان میں کانٹے چبھوئے۔ پکڑے گئے تو کیا سزا ملی۔

ج: خالد بن ولید کے ہاتھوں کرز بن جابر شہید ہوئے۔

ابان بن سعید (کاتب وحی)

س: اس صحابی کا نام بتایئے جو شام کے تجارتی سفر پر ایک راہب کی باتوں کے سبب متاثر ہو کر مسلمان ہوئے۔

ج: ابان بن سعید۔

س: ان کے والد اور والدہ کا نام بتایئے۔

ج: والد کا نام ابواحیحہ بن سعید اور والدہ ہند بنو مخزوم تھیں۔

س: اِن کے بھائی خالد بن سعید اور عمرو بن سعید پہلے مسلمان ہو چکے تھے۔ حضرت ابان نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: صلح حدیبیہ کے بعد مسلمان ہوئے۔

س: غزوہ بدر اور احد میں مشرکین کی طرف سے لڑے۔ فتح مکہ کے بعد ان کو بحرین کا حاکم بنایا گیا۔ اس سے پہلے بحرین ہی کے محصول زکواۃ و جزیہ کے عامل مقرر ہوئے۔ ابان بن سعید کاتب وحی تھے۔ روایت ہے کہ زید بن ثابت نے اِن کی نگرانی میں مصحف عثمانی کی کتابت کی۔ کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: اجنادین / یرموک میں شہید ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حضرت حنظلہ بن ابی عامر

انصاری۔غسیل الملائکہ

س: کس صحابی کو غسیل الملائکہ کہتے ہیں؟

ج: حضرت حنظلہ کو۔

س: آپ کا کس خاندان سے تعلق تھا؟

ج: اوس کے خاندان عمرو بن عوف سے تھا۔ والد ابی عامر، قبیلہ کا رئیس تورات اور انجیل کا عالم تھا۔

س: حنظلہ کیسے شہید ہوئے؟

ج: غزوہ احد کے دن اہلیہ سے خلوت میں تھے۔ جنگ کا اعلان ہوا۔ انہیں غسل کا خیال ہی نہ رہا۔ ہتھیار سجا کر میدان جنگ میں بہادری سے لڑے شہید ہوئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا، ملائکہ انہیں غسل دے رہے ہیں۔ اس طرح یہ غسیل الملائکہ مشہور ہوئے۔

س: کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: احد میں بھی شریک ہوئے۔

عبداللہ بن ابی بکر (مہاجر مدینہ)

غار ثور میں تین دن کی میزبانی کا شرف حاصل ہے۔ قریش کی دن بھر کی کاروائیوں سے آگاہ کرتے۔ عبداللہ بن ابی بکر لقب تھا۔ بعثت کے ابتدائی دور میں اسلام لائے۔

س: حضرت عبداللہ کا حسب نسب بتایئے؟

ج: ماں قتیلہ بنت عبدالعزیٰ کے قبیلہ سے تھیں۔ اسلام نہ لانے پر ابوبکر نے طلاق دے دی۔ عبداللہ اسماء بنت ابوبکر کے حقیقی بھائی تھے۔

س: حضرت عبداللہ بن ابی بکر نے کب ہجرتِ مدینہ کی؟

ج: سوتیلی والدہ ام رومان۔ اسماء، عائشہ کے ساتھ مدینہ آئے۔ حارثہ بن نعمان انصاری کے گھر رہے۔ عبداللہ بن ابی بکر کی شادی نہایت حسین عاقلہ فاضلہ صحابیہ۔ عاتکہ بنت زید سے ہوئی۔ سعید بن زید کی ہمشیرہ تھی۔ والدہ کے کہنے پر عبداللہ نے اپنی بیوی کو طلاق دی۔ پھر پریشان رہے۔ ابوبکر نے رجعت کی اجازت دے دی۔

س: عبداللہ ابی بکر نے کب وفات پائی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: طائف کے محاصرہ میں ابو محجن ثقفی کے تیر سے شہید ہوئے۔ کوئی اولاد نہ تھی۔
س: جنگ جمل میں حضرت عبداللہ نے کن کا ساتھ دیا؟
ج: حضرت عائشہ

حضرت حنظلہ بن ربیعہ

کاتب رسول۔ سابقون الاولون

س: حضرت حنظلہ کا حسب نسب بتائیے؟
ج: والد ربیع بن صیفی تھا۔ ابتدائی مسلمانوں میں سے تھے۔
س: غزوہ طائف میں حنظلہ کو مصالحت کے لئے بھیجا گیا۔ آپ کو کاتب رسول ﷺ کیوں کہا جاتا ہے؟
ج: آپ حکمرانوں کو بھیجے جانے والے خطوط کی خطابت کرتے تھے۔ حضرت عمر کے دور میں جنگ قادسیہ میں حصہ لیا۔
س: حنظلہ بن ربیعہ کب فوت ہوئے؟
ج: حضرت معاویہ کے دور میں وفات پائی۔

حاطب بن عمرو

بدری سابقون الاولون مہاجر حبشہ ومدینہ

س: آپ نے اپنے بھائیوں کے ساتھ کب اسلام قبول کیا؟
ج: دار ارقم میں سکران بن عمرو کے ساتھ مسلمان ہوئے۔
س: حاطب کا کس خاندان سے تعلق تھا؟
ج: خاندان بنو عامر سے تعلق تھا۔ اس لئے عامری قریشی کہلائے۔ والد اسماء بھی اسی خاندان سے تھیں۔
س: حاطب نے پہلی ہجرت حبشہ کی، واپس کس کے پاس آئے۔
ج: خاندان کے ایک رئیس جو یطب بن عبدالقری کی پناہ میں مکہ آئے۔

عبداللہ بن ارقم (کاتب رسول۔ مہاجر مدینہ)

خاص رازدان رسالت تھے۔ عبداللہ کو تحریر و کتابت میں خصوصی مہارت حاصل تھی۔ آ ب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حاکمین، سلاطین کو خطوط لکھتے تھے۔ ابتدائی پوشیدہ خط و کتابت عبداللہ کے پاس رہتی تھی۔ رشتہ میں رسول ﷺ کے بھتیجے تھے۔ ان کے والد حضور ﷺ کے ماموں زاد تھے۔ فتح مکہ کے وقت آپ اِسلام لائے۔

س: آپ کا حسب نسب بتایئے؟

ج: قبیلہ زہرہ سے تھے۔ والد کا نام ارقم بن ارقم قبیلہ بنی یعقوب سے تھا۔

س: ابوبکر کے زمانے میں عبداللہ مراسلات کی کتابت کیا کرتے تھے۔ حضرت عمر کے زمانے میں کتابت کے علاوہ بیت المال کی نگرانی بھی کرتے تھے۔ عبداللہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: نابینا ہو گئے تھے۔ ۳۵ ہجری میں مدینہ میں انتقال کیا۔ چند احادیث کے راوی ہیں۔

عبداللہ بن زید انصاری

صاحب الشجر، انصاری صحابی، سابقون الاولون

س: عبداللہ کس صحابیہ کے بیٹے تھے (ام عمارہ) خزرج کی شاخ بنونجار سے تھے۔

س: عبداللہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: مصعب بن عمر کی تبلیغ سے۔ غزوہ احد میں والدہ ام عمارہ۔ حبیب بن زید کے ساتھ لڑے فتح مکہ، غزوہ حنین میں شریک تھے۔ حدیبیہ اور عمر القضاء میں بھی شریک تھے۔ مسلمہ کذاب کے خلاف جنگ یمامہ میں حصہ لیا۔

س: عبداللہ کب کہاں شہید ہوئے؟

ج: ۷۵ سال کی عمر میں یزیدی لشکر کے خلاف لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

لبید بن ربیعہ (شاعر بزرگ صحابی)

بنی عامر سے تعلق تھا۔ ۹ ہجری میں قبیلہ جعفر بن کلاب کے ساتھ حاضر ہوئے۔ 13 برس کی عمر میں مسلمان ہوئے۔ یہ نامور شاعر تھے۔ وہ ان سات شاعروں میں شامل تھے۔ جن کے کلام زمانہ جاہلیت میں کعبہ میں آویزاں کئے جاتے تھے۔ رسول اللہ اِن کے اشعار کو بہت پسند فرماتے تھے۔ شعرا کے کلام میں لبید کا کلام بہت اچھا تھا۔ ۴۱ ہجری ۱۴۵ برس کی عمر میں وفات پائی۔ حضور ﷺ سے فرمایا کرتے تھے کہ مجھے شعر کے بدلے میں سورۃ بقرہ اور سورۃ آل عمران دی گئی ہیں۔

◆◆◆◆◆

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

﴿ اُمھات المومنین ﴾

ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰؓ

س: حضورﷺ کی پہلی زوجہ کا نام بتائیے۔

ج: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ

س: خدیجۃ الکبریٰؓ کی والدہ کا کیا نام تھا۔

ج: فاطمہ بنت زائدہ۔

س: آپ کی کنیت اور لقب کیا تھا۔

ج: نام خدیجہ کنیت ہندہ اور لقب طاہرہ تھا۔

س: آپ کے والد ماجد کا نام بتائیے۔

ج: خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ۔

س: کیا خدیجہ بنت اسد مکہ کے بڑے تاجر تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: کیا قصی حضرت خدیجہ کے دادا اور حضرت محمدﷺ کے جد اعلیٰ تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: کیا حضرت خدیجہ کا نکاح ورقہ بن نوفل سے طے پایا تھا۔

ج: جی ہاں۔ بعض وجوہات کی بنا پر نکاح نہ ہو پایا۔

س: ورقہ بن نوفل کس چیز کے بڑے عالم تھے۔

ج: تورات اور انجیل کے۔

س: حضرت خدیجہؓ کا پہلا نکاح کن سے ہوا۔

ج: ابو ہالہ۔

س: حضرت خدیجہؓ کی اولاد ابو ہالہ سے کیا تھی۔

ج: 2 لڑکے ہالہ اور ہند تھے۔

س: حضرت خدیجہؓ کے والد محترم کس جنگ میں شہید ہوئے۔

ج: جنگ فجار میں۔ واقعہ عام الفیل سے 20 سال پہلے کا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت خدیجہ کا دوسرا نکاح کن سے ہوا۔

ج: عتیق بن عابد مخزومی۔

س: دوسرے خاوند حضرت خدیجہ کی اولاد کیا تھی۔

ج: لڑکی ہند پیدا ہوئی۔

س: پہلے اور دوسرے خاوند کی وفات پر آپ اکیلی رہ گئیں تجارت کون کرتا تھا۔

ج: پھر آپ نے تجارت کا سلسلہ خود شروع کر دیا۔

س: آپ کی تجارت کا مرکز کون سا ملک تھا۔

ج: ملک شام۔

س: کیا حضرت خدیجہؓ کی نظریں کسی ایماندار شخص کی تلاش میں تھیں جو تجارت میں ہاتھ بٹا سکے۔

ج: حضرت خدیجہ نے آپ (محمد ﷺ) سے رابطہ کیا۔

س: کس نے آپ (محمد ﷺ) کو تجارت پر رضامند کیا۔

ج: چچا ابو طالب نے۔

س: کیا حضرت محمد ﷺ مکہ میں صادق اور امین کے القاب سے مشہور تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: حضرت خدیجہؓ نے حضور ﷺ کو اپنے کس غلام کے ہمراہ بھیجا۔

ج: غلام میسرہ کے ساتھ۔ میسرہ نے اس سفر میں نبی کریم ﷺ سے غیر معمولی انوار و برکات دیکھیں اور خدیجہؓ سے بیان کیں۔

س: نبوت کے 7 ویں سال بنو ہاشم اور ابو طالب کا قریش نے بائیکاٹ کر دیا۔ یہ بائیکاٹ کتنے عرصے رہا۔

ج: تین سال 7 نبوت سے 10 نبوت تک۔

س: شعب ابی طالب کا زمانہ کیسے گزرا۔

ج: مکینوں نے درختوں کے پتے کھائے، فاقے اور مصائب کاٹے، بڑی مشکل کا وقت گزارہ۔

س: کیا حضور ﷺ نے حضرت خدیجہ کی موجودگی میں دوسرا نکاح کیا۔

ج: جی نہیں۔

س: حضور ﷺ خدیجہ کی وفات کے بعد ان کے بارے میں حضرت عائشہؓ سے کیا فرمایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: لوگوں نے انکار کیا، خدیجہ ایمان لائی لوگوں نے جھٹلایا، خدیجہ نے اپنے مال سے میری مدد کی۔ اللہ نے مجھے ان سے اولاد دی۔

س: حضورﷺ نے فرمایا کہ چار عورتوں کو دنیا کی تمام عورتوں پر فضیلت حاصل ہوئی۔ وہ کون ہیں۔

ج: مریم بنت عمران، حضرت آسیہ زوجہ فرعون، حضرت خدیجہ بنت خویلد، حضرت فاطمہ بنت محمدﷺ۔

س: جبرائیل پیغمبر حضرت محمدﷺ کے پاس آئے تو حضرت خدیجہؓ کے بارے میں کیا فرمایا۔

ج: جبرائیل نے جنت کے گھر کی بشارت دی جو موتیوں سے بنا ہوا ہے۔

س: حضورﷺ کی حضرت خدیجہؓ سے کون سی اولاد ہوئی۔

ج: خدیجہ سے 2 لڑکے، 4 لڑکیاں حضرت قاسم، حضرت عبداللہ، حضرت زینب، حضرت ام کلثوم حضرت رقیہؓ، حضرت فاطمہؓ۔

س: ان کے علاوہ کسی بیوی سے کوئی اولاد ہوئی۔

ج: حضرت ماریہ قبطیہ سے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے۔

س: حضرت خدیجہ نے کب وفات پائی۔

ج: شعب ابی طالب کے بعد رمضان المبارک میں، چچا کے ایک ہفتہ بعد (عام الحزن) دس رمضان المبارک۔

س: حضرت خدیجہؓ کا جنازہ کس نے پڑھایا۔

ج: اس وقت جنازہ کا حکم نہ تھا۔

س: خدیجہ کہاں دفن ہیں۔

ج: جدون میں (مکہ) موجود جنت المعلی۔

س: حضورﷺ حضرت جبرائیل کی پہلی ملاقات کے بعد پریشان تھے حضرت خدیجہؓ نے تسلی دی تو کیا فرمایا۔

ج: آپﷺ رشتہ داروں کے حقوق کی ادائیگی کرتے ہیں، مہمانوں کی تواضع کرتے ہیں۔ کمزوروں کی دست گیری فرماتے ہیں محتاجوں کی مدد فرماتے ہیں۔ امانت گزار ہیں، اللہ آپ کو تنہا نہیں چھوڑے گا ضائع نہیں کرے گا۔

س: حضرت خدیجہؓ حضورﷺ کو لے کر کس کے پاس گئیں۔

ج: راھب کے پاس (راھب نے بات سن کر کہا یہ پاک فرشتہ عیسیٰ کے پاس بھی آئے تھے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: کیا حضرت خدیجہؓ آپ ﷺ کو کسی اور عالم کے پاس بھی لے کر گئیں۔

ج: جی ہاں عیسائی عالم کے پاس، عداس نے کہا یہ ناموس موسیٰ کے پاس بھی آئے تھے۔

س: کیا آخر میں حضرت خدیجہؓ اپنے چچازاد ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں یہ نصرانی تھے۔

ج: انہوں نے کہا یہ فرشتہ ہے جو موسیٰ کے پاس بھی آیا تھا۔ ورقہ بن نوفل تورات، زبور اور انجیل کے عالم تھے۔

س: جب ورقہ بن نوفل نے حضور ﷺ سے کہا کہ تمہیں مکہ والے مکہ سے نکال دیں گے۔ قوم تمہیں جھٹلائے گی، اس سے حضرت خدیجہ نے کیا اخذ کیا۔

ج: خدیجہ نے اخذ کیا کہ آپ پیغمبر ہیں۔

س: ابن سعد سے روایت ہے کہ عفیف کندی کی خریداری کیلئے مکہ آئے۔ عباس بن مطلب کے ہاں ٹھہرے۔ تو صبح انہوں نے کیا دیکھا۔

ج: ایک نوجوان آیا، قبلہ رخ کھڑا ہو گیا لڑکا آیا وہ ان کے دائیں کھڑا ہو گیا، پھر ایک عورت آئی جو ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔ پھر نماز ختم کر کے چلے گئے۔

س: حضرت خدیجہؓ کی آپ کی رفاقت حضور ﷺ سے کتنے برس رہی۔

ج: 25 سال۔

حضرت سودہ

س: ایک دفعہ ازواج مطہرات نے حضور ﷺ سے پوچھا کہ امہات المومنین میں سے سب سے پہلے کون فوت ہوگی۔

ج: آپ نے فرمایا کہ جس کا ہاتھ سب سے لمبا ہوگا۔ ہاتھ حضرت سودہ کا لمبا تھا لیکن وفات حضرت زینب بنت خزیمہ کی پہلے ہوئی۔ ہاتھ کی لمبائی سے مراد سخاوت اور فیاضی تھی۔

س: حضرت سودہ نے کب وفات پائی۔

ج: 54 ہجری۔

س: حضرت سودہ سے حضور کی کوئی اولاد ہوئی۔

ج: جی نہیں، پہلے شوہر سکران سے عبدالرحمن پیدا ہوئے، سکران کے بیٹے عبدالرحمن نے جلولہ (فارس) میں شہادت پائی۔

س: حضرت سودہ سے کتنی احادیث مروی ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: 5 حدیثیں۔

س: حضرت عائشہؓ کے حضرت سودہ کے بارے کیسے اچھے خیالات تھے۔

ج: حضرت عائشہؓ نے ایک دفعہ فرمایا کہ مجھے کبھی کسی عورت کو دیکھ کر یہ خیال نہیں آیا کہ اس کے قالب میں میری روح ہوتی۔ سوائے حضرت سودہ کے۔

س: کیا حضرت سودہ نے حضور کے بعد کوئی حج کیا۔

ج: نہیں۔

س: حضرت سودہ کا ہنر کیا تھا۔

ج: کھالیں رنگتی تھیں۔

س: حضرت سودہ نے اپنی باری کس کو دے دی تھی۔ (حضورﷺ نے بیویوں کے لیے ایک ایک رات مقرر کی ہوئی تھی)۔

ج: حضرت عائشہؓ کو۔

س: ایک دفعہ حضرت سودہ قضائے حاجت کیلئے صحراء میں جارہی تھیں کہ حضرت عمرؓ نے کہا ہم نے آپ کو پہچان لیا ہے حضرت سودہ نے اسے کیسا لیا۔

ج: سودہ کو نہایت ناگوار گزرا۔

س: کیا اس واقعہ کے بعد آیات حجاب نازل ہوئی۔

ج: جی ہاں۔

س: کیا حضرت سودہ دجال کے خروج کے بارے میں بہت درتی تھیں۔

ج: جی ہاں۔

س: حضرت سودہ کا حق مہر کیا تھا۔

ج: چار سو درہم۔

س: کیا حضرت سودہ اور عائشہ کے نکاح کے دورانیہ میں زیادہ فرق تھا۔

ج: جی نہیں تھوڑا فرق تھا۔

س: حضرت سودہ کس قبیلہ سے تھیں۔

ج: قبیلہ عامر بن لوئی۔

س: آپ کیا حسب نسب کیا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: سودہ بنت زمعہ بن قیس, والدہ کا نام شموس تھا, جو بنی نجار سے تھیں۔

س: حضرت سودہ کی پہلی شادی کس سے ہوئی۔

ج: سکران بن عمرو۔

س: سکران اور سودہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: دونوں قدیم الاسلام تھے۔

س: کیا سکران اور سودہ نے ہجرت حبشہ کی۔

ج: جی ہاں۔

س: سکران نے کب وفات پائی۔

ج: حبشہ سے مدینہ آئے چند دن بعد وفات پائی۔

س: حضرت سودہ حضور کے نکاح میں کن کی وساطت سے آئیں۔

ج: خولہ بنت حکیم۔

س: خولہ بنت حکیم سودہ کے والد کے پاس گئیں تو پرانے طریقے سے سلام کیا اور مدعا بیان کیا۔ کہ میں سودہ کا رشتہ محمد ﷺ کے لیے مانگنے آئی ہوں۔ جواب میں انہوں نے کیا کہا۔

ج: محمد ﷺ شریف انسان ہیں لیکن سودہ سے مشورہ ضروری ہے۔

س: سودہ کے بھائی جو گھر پر نہ تھا۔ آنے پر اپنے سر میں خاک ڈال لی۔ (اس شادی کی وجہ سے) ان کا نام کیا تھا۔

ج: عبداللہ بن زمعہ۔

س: حضرت سودہ نے خواب دیکھا تو سکران نے کیا کہا کہ میرا وقت قریب ہے تم پیغمبر سے نکاح کر لینا۔ کیا یہ خواب سچ ہوا۔

ج: یہ خواب حرف بہ حرف سچ ثابت ہوا۔

س: سودہ کا حضور سے نکاح رمضان 10 نبوی میں ہوا تھا۔ حضرت سودہ یا حضرت عائشہ میں سے کون نکاح میں آئیں۔

ج: حضرت سودہ۔

س: ہجرت کے بعد حضور نے اہل خانہ کو مکہ سے بلانے کیلئے کسے بھیجا۔

ج: زید بن حارثہ کو۔

س: 10 ہجری حج کے موقع پر کیا سودہ بھی حضور کے ہمراہ تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج: جی ہاں۔

س: حضرت سودہ کا جسم بھاری تھا کیا آپ کو مزدلفہ سے جلدی روانہ کر دیا تھا۔

ج: جی ہاں۔

حضرت عائشہؓ

س: آپ کا نام عائشہ تھا کنیت اور لقب بتائیے۔

ج: لقب صدیقہ کنیت ام عبداللہ۔

س: عائشہ کی والدہ کا نام بتایئے۔

ج: ام رومان بنت عامر۔

س: کیا حضرت عائشہ کی کوئی اولاد تھی۔

ج: جی نہیں۔

س: کنیت آپ نے حضور کے مشورہ سے کس نام سے رکھی۔

ج: بھتیجے کی نسبت سے ام عبداللہ۔

س: حضرت عائشہ کی کب ولادت ہوئی۔

ج: بعث نبوی سے 4 سال بعد ہوئیں۔

س: کس صحابیہ کی یادداشت اتنی اچھی نہ تھی جتنی حضرت عائشہ کی تھی کیا یہ سچ ہے۔

ج: جی ہاں۔

س: عائشہ کی گڑیاں میں ایک گھوڑا بھی تھا حضور نے فرمایا گھوڑوں کے پر نہیں ہوتے، عائشہ نے بے ساختہ جواب دیا حضرت سلمان کے گھوڑوں کے پر تھے۔ جواب سن کے حضور نے کیا کہا۔

ج: حضور بہت مسکرائے۔

س: حضرت عائشہ کو امہات المومنین میں کون سا اعزاز حاصل تھا۔

ج: وہ کنواری تھی۔

حضرت عائشہؓ کی چند خصوصیات جو کسی دوسری بیوی کو نصیب نہیں ہوئیں۔

1. نکاح سے پہلے جبرائیل امین ایک ریشمی کپڑے میں حضرت عائشہؓ کی تصویر لے کر آئے اور نبی کریم ﷺ کو فرمایا یہ آپ کی زوجہ ہے۔

2. ان کے سوا کسی کنواری لڑکی سے نکاح نہیں فرمایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

3. رسول ﷺ کی وفات ان کی گود میں ہوئی۔
4. بیت عائشہ میں آپ ﷺ مدفون ہوئے۔
5. آپ ﷺ پر اس وقت بھی وحی نازل ہوئی تھی جب آپ ﷺ حضرت عائشہؓ کے ساتھ ایک لحاف میں ہوئے۔
6. آسمان سے قرآن کی شکل میں ان کی براءت نازل ہوئی۔
7. وہ خلیفہ رسول ﷺ کی بیٹی ہیں۔

س: عائشہ کا حضور سے نکاح کس کے ذریعہ سے ہوا۔
ج: حضرت خولہ بنت حکیم۔
س: کیا عائشہ کی منگنی پہلے کسی سے ہو چکی تھی۔
ج: جی ہاں جبیر بن مطعم سے۔
س: کیا عائشہ کے حضور سے نکاح پر کوئی سوال بھی پیدا ہوا۔
ج: ام رومان عائشہ کی والدہ نے کہا کہ یہ تو حضور کی بھتیجی ہے۔
س: اس سوال کا حضور نے کیا جواب دیا۔
ج: یہ میری دنیوائی بھتیجی ہے۔ نکاح ہو سکتا ہے۔
س: حضرت عائشہ کا حق مہر کیا مقرر ہوا۔
ج: پانچ سو درہم۔
س: حضرت عائشہ کی منگنی اور رخصتی کس عمر میں ہوئی۔
ج: منگنی 6 سال اور رخصتی 9 سال کی عمر میں ہوئی۔
س: حضور ﷺ کا عائشہؓ سے نکاح کب ہوا۔
ج: ماہ شوال میں ہوا، رخصتی بھی شوال میں ہوئی۔ عرب شوال کو طاعون کی وجہ سے پسند نہیں کرتے تھے۔
س: کیا مکہ سے مدینہ کے راستہ میں عائشہ کا اونٹ بدک گیا تھا۔
ج: جی ہاں۔ ام رومان پکار اٹھیں۔ ہائے میری بیٹی ہائے میری دلہن۔
س: اونٹ کس طرح سکون میں آیا۔
ج: غیب سے آواز آئی کہ اونٹ کی نکیل چھوڑ دو۔
س: کیا مدینہ آکر حضرت عائشہ آب وہوا کی تبدیلی کی وجہ سے بیمار پڑ گئیں اور سر کے کچھ بال بھی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جھڑ گئے تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: عائشہ کے حق مہر کیلئے 500 درہم کس نے دیئے۔

ج: حضرت ابوبکر نے حضور کو مستعار دیئے۔

س: غزوہ احد میں حضرت عائشہ نے حضور کی کیا خدمت سرانجام دی۔

ج: حضور کے زخموں کو دھویا دیگر زخمیوں کو پانی پلاتی رہیں۔شہدا کی لاشیں مدینہ پہنچاتی رہیں۔

س: واقعہ تحریم سے کیا مراد ہے، یہ واقعہ کیوں پیش آیا۔

ج: حضور عصر کے بعد ازواج کے پاس جاتے آپ زینب بنت جحش کے ہاں شہد کی وجہ سے کچھ زیادہ دیر ٹھہرے۔حفصہؓ نے کہا حضور نے مغافیر کا شہد کھایا ہے۔عائشہؓ کے پاس آئے انھوں نے بھی یہی جملہ کہا۔اس پر حضور نے قسم کھائی کہ آئندہ شہد نہیں کھاؤں گا۔جس پر سورۂ تحریم آیات 1 نازل ہوئی۔اے نبی اپنی بیویوں کی خوشنودی کیلئے جو چیز اللہ نے حلال کی ہے اپنے اوپر حرام کرتے ہو۔واقعہ ایلاء امہات المومنین نے اپنے نان نفقہ میں اضافہ کی خواہش ظاہر کی۔ان دنوں آپ گھوڑے سے گر بھی گئے تھے۔عہد کر لیا ایک ماہ تک اپنی ازواج سے کنارہ کش رہوں گا۔حضور ایک ماہ تک حجرہ عائشہ کے متصل بالا خانہ میں سکونت اختیار کی۔مشہور ہو گیا کہ حضور نے بیویوں کو طلاق دے دی ہے۔مہینہ کے 29 دن گزرنے کے بعد آپ عائشہ کے پاس آئے تو عائشہ نے کہا کہ ابھی 29 دن ہوئے ہیں۔حضور نے فرمایا کہ مہینہ 29 دن کا بھی ہوتا ہے۔

واقعہ غزوۂ بنو مصطلق

حضرت عائشہ پر تہمت لگی، یہ واقعہ افک کے نام سے مشہور ہوا۔یہ 5 ہجری کا واقعہ ہے۔اس غزوۂ میں عائشہ ساتھ تھیں۔آپ قضائے حاجت کیلئے باہر چلی گئیں، وہاں ہار جو کہ مستعار لیا تھا گر گیا۔کافی دیر تلاش کیا قافلہ چلا گیا۔ہار بھی مل گیا اس وقت آپ کی عمر 14 برس تھی ہلکی پھلکی تھیں۔ہودج اٹھانے والے نے سمجھا کہ بی بی عائشہ ہودج میں موجود ہیں۔قافلہ کی گری ہوئی چیزوں کو اٹھانے کیلئے صفوان بن مطعل کی ڈیوٹی تھی۔صفوان اونٹ کی نکیل پکڑ کر قافلہ میں لے آیا۔منافقین اور کفار نے بدنام کرنا شروع کر دیا اب وہ "پاک دامن نہیں ہیں"۔سیدہ زینب سے پوچھا گیا۔انہوں نے جواب دیا۔خدا کی قسم میں بھلائی کے علاوہ کچھ نہیں دیکھ رہی۔اس پر آیات نازل ہوئیں۔جن کو آیات برات کہتے ہیں۔تم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نے کیوں نہ کہا کہ یہ صریحاً تہمت ہے۔

س: کیا جبرائیلؑ نے حضور ﷺ سے کہا کہ جنت البقیع جاؤ اور دعا کرو۔ عائشہؓ نے بدگمانی میں حضور ﷺ کا پیچھا کیا۔ استفسار کیا۔

ج: جی ہاں۔

س: عمرو بن عاص نے حضور سے پوچھا۔ آپ کی بیویوں میں سب سے عزیز کون ہے؟

ج: کہا حضرت عائشہؓ۔

س: مردوں میں کون عزیز ہے۔

ج: عائشہؓ کے والد۔

س: حضور ﷺ کے آخری لمحات میں عائشہ کا اعزاز کیا ہے۔ حضور ﷺ 13 دن علیل رہے۔ عائشہؓ کے حجرے میں ٹھہرے۔ "اللھم فی الرفیق الاعلیٰ" وہیں وفات پائی۔ آخری لمحات میں حضرت عبدالرحمن مسواک لائے۔ حضور ﷺ نے طلب کی حضرت عائشہؓ نے چبا کر نرم کر کے حضور ﷺ کو دی۔ رحلت پیر کے دن، عائشہؓ کے حجرے میں عائشہؓ کے باری کے دن عائشہؓ کی گود میں سر رکھ اللہ کو پکارتے ہوئے۔ عائشہ غریب پرور مہمان نواز تھیں، ایک دفعہ عبداللہ بن زبیر نے ایک لاکھ درہم بھجوائے تمام رقم غربا میں تقسیم کر دی آپ روزہ سے تھیں خادمہ سے پوچھا کچھ بچا" ملازمہ نے کہا پہلے کہا ہوتا" کہ گوشت افطاری کیلئے لے لیتے۔

س: ایک شخص نے پوچھا کہ حضور کس طرح بولتے تھے۔

ج: عائشہ نے فرمایا کہ آپ آہستہ بولتے الفاظ گنے جا سکتے تھے۔

س: عائشہ سے کتنی احادیث مروی ہیں۔

ج: دو ہزار دو سو دس (2210۔)

س: عائشہ کی حضور کے رفاقت کتنی ہے۔

ج: 9 سال۔

حضرت سیدہ حفصہؓ

س: حضرت حفصہ کے والدین کون تھے۔

ج: والد حضرت عمر فاروق والدہ زینب بن مطعون تھی۔ آپ کا خاندان حضرت عمر کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت حفصہ کا نکاح کن سے ہوا۔
ج: حضرت خنیس بن حذافہ سے جو ابتدائی زمانے میں اسلام قبول کر چکا تھا۔ حضرت خنیس نے 6 نبوت کو ہجرت حبشہ کی۔ 2 ہجری میں بدر میں خنیس نے بڑے جوش و جذبہ سے شرکت کی۔
س: جنگ بدر میں شدید زخمی ہوئے اور شہادت پائی۔ حضرت عمر کو حفصہ کے نکاح ثانی کی ضرورت محسوس ہوئی۔
ج: حضرت عمر نے حضرت ابوبکر اور حضرت عثمان سے حفصہ کے ساتھ نکاح کو کہا۔
س: دونوں حضرات خاموش رہے۔
س: حضور ﷺ نے فرمایا حفصہ کی شادی اس سے بہتر سے ہوگی جو عثمان سے بہتر ہوں گے, عثمان کی شادی اس سے ہوگی جو حضرت حفصہ سے بہتر ہوگی۔ حضور نے حفصہ سے نکاح کیا اور عثمانؓ کی شادی سیدہ رقیہ سے ہوئی۔
ج: واقعہ تحریم میں حضرت حفصہ کا کردار کیا رہا۔
س: حضور نے زینب بنت جحش سے شہد کھایا اور معمولی دیر ہوگی۔ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ نے مغافیر کی بو کا اظہار کیا۔ نتیجہ کیا نکلا۔
ج: حضور نے قسم کھائی کہ آئندہ شہد استعمال نہیں کروں گا۔ جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اے نبی تم اپنی بیویوں کی خوشنودی کیلئے ایک حلال چیز اپنے اوپر حرام کر رہے ہو۔
س: حضور نے راز کی بات اپنی بیوی سے کی جو بات نہ چھپا سکی اور بات حفصہ نے کہا دی تو یہ آیات کونسی نازل ہوئیں۔ کہا یہ بات آپ کو کس نے بتائی۔
ج: پیغمبر نے کہا کہ مجھے خدائے علیم وخبیر نے خبر دی۔
س: اللہ نے فرمایا کہ تم دونوں بیویاں اللہ سے توبہ کر لو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہوگی۔
ج: پیغمبر کے خلاف سازشیں کرو گی تو اللہ اور جبرائیل اور صالح مومنین اور فرشتے مددگار ہونگے۔
س: پیغمبر نے حضرت شفا کو کیسے (چیونٹی کے کاتنے کا منتر) سکھانے کیلئے فرمایا۔
ج: حضرت حفصہ کو۔
س: حضرت عائشہ نے حضرت حفصہ سے کہا آج رات آپ میرے اونٹ پر سوار ہوں۔
ج: اس طرح حضرت حفصہ کی خواہش پوری ہوئی اور عائشہ کو برا لگا۔
س: قرآن کریم کا تیار شدہ نسخہ حضرت عمر نے کس کے پاس رکھوایا تھا۔
~~ج: حفصہ~~ کے پاس, جو طلب کرنے پر واپس دے دیا گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: حضرت عبداللہ بن عمر حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ کے اختلاف پر گوشہ نشین ہو گئے تو حفصہ نے بھائی کو کیا مشورہ دیا؟

ج: تمہیں شریک ضرور ہونا چاہیے لوگوں کو تمہاری رائے کا انتظار ہے گا۔

س: حضرت حفصہ نے اپنے آخری وقت عبداللہ بن عمر کو بلایا تو کیا فرمایا۔

ج: وصیت کی کہ میرے بعد میری جائیداد کو صدقہ کر دینا۔

ام المومنین حضرت زینب بنت خزیمہ

س: زینب کے حسب نسب کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔

ج: نام زینب لقب المساکین زینب بنت خزیمہ بن حارث بن عبداللہ۔

س: حضرت زینب کا نکاح کس سے ہوا۔

ج: پھوپھی زاد بھائی عبداللہ بن جحش سے ہوا۔

س: 3ہجری احد میں جحش نے دعا مانگی کہ دشمن کے ہاتھوں شہید ہو جاؤں ,وہ میری ناک کان کاٹ ڈالے۔جب اللہ کے حضور پہنچوں تو اللہ پوچھے گا کہ اے عبداللہ تیرا مثلہ کیوں کیا گیا۔

ج: تو میں جواب دوں ,اللہ آپ اور آپ کے رسول کیلئے۔

س: زینب بنت خزیمہ سے آپ کا نکاح کب ہوا۔

ج: رمضان کے شروع میں ہوا۔حق مہر بارہ اوقیہ ہونا مقرر رہا۔

س: زینب کب وفات پائی۔

ج: حضور سے نکاح کے 3 ماہ بعد وفات پائی۔

س: کہاں دفن ہوئیں کس نے نماز جنازہ پڑھائی۔

ج: جنت البقیع میں دفن ہوئیں,حضور نے نماز جنازہ پڑھائی۔

س: وفات کے وقت حضرت زینب کی عمر کیا تھی۔

ج: تیس برس۔

س: حضور ﷺ کے ساتھ آپ کی رفاقت کتنی رہی۔

ج: رفاقت سب سے کم صرف 3 ماہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سیدہ ام سلمہ

س: حضرت سیدہ سلمٰی کا نسب بتایئے۔

ج: ہند بنت ابوامیہ بن ربیعہ بن مالک بن خذیمہ۔

س: سیدہ ام سلمہ کا نام اور کنیت بیان کیجئے۔

ج: نام ہند کنیت سیدہ ام سلمہ آپ اپنی کنیت سے زیادہ مشہور ہیں۔اس طرح نام سیدہ ام سلمہ پڑ گیا۔

س: سیدہ ام سلمہ کے والد ابوامیہ (حذیفہ) وہ زادالراکب لقب سے کیوں مشہور ہوئے۔

ج: حذیفہ جب بھی سفر پر جاتے تو وہ سارے قافلے کا خود خرچ اٹھاتے تھے۔

س: سیدہ ام سلمہ کا پہلا نکاح کن سے ہوا۔

ج: اپنے چچازاد ابوسلمہ سے۔ابوسلمہ کا نام (عبداللہ بن عبدالاسد تھا) ابوسلمہ حضور کے رضاعی بھائی تھے۔

س: ابوسلمہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: آپ قدیم السلام تھے۔

س: کیا آپ نے ہجرت حبشہ بھی کی۔کچھ دیر بعد پھر مدینہ ہجرت کر گے۔

ج: جی ہاں۔

س: سیدہ ام سلمہ پہلی خاتون ہیں جنہوں نے بہت پرسانی اٹھائی وہ کیسے۔

س: ابوسلمٰی کے ایک اونٹ تھا اس پر سیدہ ام سلمہ اور بیٹے سلمہ کو بٹھایا اور خود نکیل پکڑ کر جارہے تھے۔بنومغیرہ والے آئے اور کہا کہ ہم اپنی لڑکی کو ایسے حالت میں مدینہ نہ جانے دیں گے۔ابوسلمٰی کے خاندان کے لوگ آئے وہ مجھ سے میرے بیٹے سلمہ کو چھن کر لے گے اس طرح شوہر بیٹا بیوی سب الگ الگ ہوگے۔ام سلمٰی صبح اٹھتی اور مدینہ کے راستے ایک ٹیلہ پر بیٹھ کر روتی رہتی۔شام کو گھر آتی۔میرے خاندان کے ایک شخص کو مجھ پر بہت ترس آیا۔تو مجھے مدینہ جانے کی اجازت دے دی گئی۔

س: عثمان بن طلحہ جو کلید بردار خانہ کعبہ تھے۔انھوں نے مجھے مدینہ بھجوایا۔سیدہ ام سلمہ کہا کرتی تھیں کہ میں نے عثمان بن طلحہ سے بہتر انسان نہیں دیکھا۔

ج: ابوسلمہ نے کب وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س: 3 ہجری جنگ احد میں زخمی ہوئے جانبر نہ ہو سکے (بازو پر زہر یلا تیر لگا)۔

ج: کیا حضور نے ابوسلمہ کے جنازے میں 9 تکبریں پڑھائی۔

